UNIVERSAL
LIBRARY
OU_222981
UNIVERSAL
LIBRARY

# روزنامہ رہبر دکن

سالگرہ نمبر ۱۳۵۶

معین مدیر
محمد عابد اللہ خان

مدیر
سید احمد محی الدین

مہتمم
سید یوسف الدین

(قیمت ۶)

M.A. Qayyum

# ”ہر طرح اطمینان بخش اور بہترین دستور العمل“




مناسب شرح سود، ہمدردانہ برتاؤ، غیر معمولی خدمتیں،
سہل ترین شرائط، کاروباری سہولتیں اور محفوظ طریقہ کار
آپ کو اورینٹل کمرشل بنک میں اپنا کھاتہ کھولنے کے لئے دعوت
دیتے ہیں۔ اورینٹل کمرشل بنک بنکنگ کاروبار کی ہر لائن پر آپ کی
رہنمائی کرتا اور ضرورت کے وقت آپ کو امداد پیش کرتا ہے

سیونگ بنک شرح سود ۴ فیصدی سالانہ روزانہ بقایا پر۔ برآمدی رقم ذریعہ چیک روزانہ لیجیا

کرنٹ اکاؤنٹ شرح سود ۲ فیصدی سالانہ روزانہ بقایا پر

فکسڈ ڈپازٹ شرح سود غیر معمولی دریافت کیجئے

طلائی زیورات اور دیگر مناسب کفالتوں پر قرض۔ حالی کلدار کا تبادلہ۔ عراق، بغداد وغیرہ کے بحری و ہوائی سفر کے لئے فراہمی ٹکٹ
سیاحوں کے لئے انگلینڈ، فرانس، جرمنی، امریکہ وغیرہ کے واسطے ٹریولرس چیک۔ دیگر تمام کاروبار۔

# اورینٹل کمرشل بینک لمیٹڈ

تار کا پتہ ”کوائن“

کلام فصاحت التیام اعلیٰحضرت سلطان العلوم خسرو دکن خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ

# غزل

(مطلع) گردشِ جامِ ز خمخانۂ صہبا بیش است | موجِ این بادہ ز اندازۂ مینا بیش است
کشتگانِ نگہہ و ناز و کرشمہ گویند | دردِ ما از لبِ اعجاز مسیحا بیش است
شُدہ آواز بلند از لبِ مرغانِ چمن | خونِ ما رنگ دہِ جامۂ گلہا بیش است
شانہ گوید کہ نہ دانند گل و ہم سنبل | بوئے آن زلف کہ از عنبرِ سارا بیش است
روزے آید کہ ہم آغوشِ نظارہ گردد | جلوۂ او کہ ز ارمان و تمنا بیش است
ارغوان نیز بنفشہ کہ ہمہ متفق اند | مستیٔ چشمِ تو از نرگسِ شہلا بیش است
گوید این قیس بہ محمل تو مرو زود بدان | دامنِ خاکِ من از وسعتِ صحرا بیش است
بشنو از بادہ و پیمانہ چہ گویند اینہا | رنگِ خونِ دلم از لالۂ حمرا بیش است

(مقطع) صاف و واضح بود این نکتہ ز فرقان عثمان
لذتِ دولتِ دین از ہمہ دنیا بیش است

نواب کاظم جاہ بہادر

# غزل

اندر آن زلفِ دوتا حلقۂ و خمہا بیش است
چہ بلاہا کہ نصیبِ دلِ شیدا بیش است

بیشِ چشمانِ پُر از سحرِ تو ہیچ است ہمہ
گرچہ در باغِ جہان نرگسِ شہلا بیش است

ہست منظور گرت رحم بیا و بنگر
حالتِ زارِ من از کارِ مسیحا بیش است

آن بتِ بیخبر اے وائے خبر دار نشد
در جہان گرچہ زمن قصۂ سودا بیش است

بر زبان ذکرِ خدا لیک بدل اے واعظ
الفتِ مغبچہ و مطرب و مینا بیش است

یا رب امروز چہ روز است کہ آن رشکِ قمر
جلوہ آرا بہ نگاہِ منِ رسوا بیش است

نیست بارے بمن از کثرتِ عصیان کاظم
بہر بخشائش آن رحمتِ مولا بیش است

## نواب تقی جاہ بہادر

# غزل

ترسِ ایمان و دِلم بابُتِ ترسا بیش است
از غمِ دُزد دُو گُونہ غمِ کالا بیش است

یوُسف از خود نہ سُوِ مصر زِ کنعان آمد
فی الحقیقت کششِ عشقِ زلیخا بیش است

شانہ جا در خمِ گیسوئے تو دارد لیکن
بینم این آئینہ منظورِ نظر ہا بیش است

رُوئے خُوبان ہمہ از بادۂ رنگین بشگفت
اے خوشا دور کہ گلکاریِ صہبا بیش است

قامتِ تُست دُو بالا ز قیامت اِمروز
چہ خبر۔ شُورش و ہنگامۂ فردا بیش است

کم دمیدی نہ تُو اے غنچۂ نو خیزِ شباب
چہ توان گفت کہ گُل کم بہ صفت یا بیش است

این تجاہل ہمہ از مستیِ جامِ عشق است
چشمِ من گرچہ تقی خلق شناسا بیش است

## نواب بشارت جاہ بہادر

# غزل

رونما گل شد و شرمندهٔ رسوائیش است
عصمتِ حُسن که در پردہ ہمانائیش است

پیشِ غنچه که صبا داشته مرآتِ بہار
خودنما باشد و خودبین و خودآرائیش است

بر قدِ سرو چرا پیرہنِ گل ناید
کوتہی زانکه چنین نشو و نمائیش است

پیش یک نقطهٔ خالِ تو برین صفحهٔ دل
گردشِ قسمتِ پرکارِ تمنائیش است

تا کشیده شده چون تیغ شرابِ انگور
خونِ تقویٰ که برین گردنِ مینائیش است

سربسر غیب شہود است که بینیم بخواب
دامِ تزویر پئے چشمِ تماشائیش است

ہر چه خواہد بدہد بندهٔ قانع ہستم
اے بشارت چه کنم شرمِ تقاضائیش است

## نواب حشمت جاہ بہادر

# غزل

صفحہ پُر شد چہ کنم شرحِ تمنا بیش است / کوزہ شکست ولے آب بہ دریا بیش است

این چہ داروست کہ لکنت بزبانم داد است / رعشۂ پیکرم از نشۂ صہبا بیش است

حسرتم کم کُن و یا عمرِ درازم بسیار / فرصتم اندک و در سینہ تمنا بیش است

چون نہ آہستہ نہم بر سرِ ہر خار قدم / بہ نزاکت کہ دلم ز آبلۂ پا بیش است

جلوۂ حسنِ ترا پردۂ چشم خوشتر / بہ تنت آنکہ گرانباریِ دیبا بیش است

کس نہ بیند گلِ خوشرنگ بصبح اشگفد / کس چہ داند دُرِ تابندہ بہ دریا بیش است

حشمت از فرطِ الم ہست خلوصِ الفت
بادہ صافیست کہ دُردِ تہِ مینا بیش است

## نواب سعادت جاہ بہادر

# غزل

با تو ساقی چه بگویم که تمنا بیش است
وسعت ظرفم از اندازهٔ صهبا بیش است

از چه بر قسمت غیر آیدم ای دل رشکے
آنچه بخشند بمن دان که همانا بیش است

به چمن گر نگرم نغمه بگوشم آید
به قفس چون شنوم شورش و غوغا بیش است

بهر رند از همه یک بجو دیش اولے تر
نزد زاهد شرف دلق و مصلا بیش است

شکوه کم کن تو سعادت که به بینی روزے
رحمت و فضل خداوند تعالےٰ بیش است

# مہاراجہ سر کشن پرشاد بہادر شاد

## غزل

تو مگو اے دل غافل غم دنیا بیش است | فکر کن کز غم دنیا غم عقبیٰ بیش است

یارب این ہستیٔ ما از عدم آوردۂ تست | لطف کن لطف کہ رحمت ز تمنا بیش است

در و دیوار زدودِ دلِ اُو تیرہ شدہ | کلبۂ قیس سیہ از رخ لیلیٰ بیش است

در رضائے تو ز ناسازیٔ ایام چہ باک | گرچہ بیمہری چرخ ستم آرا بیش است

دیدہ باید کہ بحالش چہ تغیر گردد | با مریض غم تو سعیٔ مسیحا بیش است

یافت آن عمر دگر شد چو جوان در پیری | قدر یوسف مگر از حسن زلیخا بیش است

خادم اے شاد کہ از صحبت ساقی امروز
رونق میکدہ از مستیٔ ما بیش است

درکس

# منقبت بہ شکل غزل

از مولوی عبداللہ العمادی رحمۃ اللہ علیہ

مطلع مستیٔ عشق ز تقریرِ تو لا بیش است
بادہ از حوصلۂ ساغر و مینا بیش است

آسمان پایۂ خاکِ درِ جانان نشناخت
این تُراب تُنک از اوجِ ثریّا بیش است

صدف حرف ہمسرِ یک دُرّ نجف نتوان شد
قیمتِ گوہرِ یکدانہ ز دریا بیش است

علیؑ از خلق و وے خلق نباشد چو علیؑ
اے صدف منزلتِ لؤلؤ لالا بیش است

معنی از لفظ بود پایہ اش از لفظ بزرگ
نجف از خطۂ دنیا و ز دنیا بیش است

مشک از نافۂ آہو و ز آہو افزون
علیؑ از ما و بصد مرتبہ از ما بیش است

لبِ گفتار شکر خا و جہان ناشنوا
طبق از شہد بپرداز کہ صفرا بیش است

نُزہت گلشن فردوس برین کم نبود
این قدر ہست کز و روضۂ خضرا بیش است

سایۂ دولتِ عثمان علی کم نشود
آن کہ در حضرت اللہ تعالیٰ بیش است

فا چہ خوب گفتی بہ بہ

## میر ہدایت محی الدین خان صاحب

زاہدان را طلب جنت ماویٰ بیش است
در دلم آرزوے یثرب و بطحا بیش است

ساقیا یک نگہِ مست تو مدہوش کند
اثر چشمِ تو از بادۂ صہبا بیش است

آتشِ عشق چو گلزارِ خلیل است اینجا
در دلِ من نظرے کن کہ تماشا بیش است

ہر کہ اے دوست رضائے تو بدل می خواہد
او نہ بیند کہ عطاہائے تو کم یا بیش است

یا علیؑ سایۂ تو بر شہ عثمان مدظلہ العالی باشد
در دلش حبِّ تو اے حضرتِ مولا بیش است

جودِ شاہانِ جہان را بنظر آوردم
میر عثمان علی خان مدظلہ العالی بکرم ہا بیش است

وسعتِ بحر بُوَد گرچہ فراوان زان ہم
بر فدائیؔ نظرِ لطفِ تو شاہا بیش است

## محمد عبد اللہ خان صاحب کامل

چشمِ عالم بسوے عرشِ معلیٰ بیش است
لیک مارا بنظر یثرب و بطحا بیش است

زندگانی ز ازل تا بہ ابد پرتوِ اوست
معجزِ عشق ز اعجازِ مسیحا بیش است

معتکف باش درونِ حرمِ کعبۂ دل
زانکہ ہر ذرّہ اش از دیر و کلیسا بیش است

سرخوش از کیفِ تو ام با خُم و خُمخانہ چہ کار
مستیِ چشمِ تو کز مستیِ صہبا بیش است

آبروے قطرۂ دریائے شرافت باشد
عجب این است کہ این قطرہ ز دریا بیش است

عشق را کم نگرد حسنِ دلآرا ورنہ
قصۂ قیس ز افسانۂ لیلیٰ بیش است

طرحِ "شہ" را نتوان فکر نمودن کامل
ہر چہ گوئیم ہم از حوصلۂ ما بیش است

## میر نادر علی صاحب رعدؔ

مدح سلطان دکن از حد و احصا بیش است
جود و انصاف وے از حاتم و کسری بیش است

جشن ہر سالگرہ تا بہ قیامت باقی
عمر و اوصاف وے از عمر مسیحا بیش است

مجرم عشقم و از آتش فرقت سوزی
کمترین است مکافات بگویا بیش است

یک شبہ عمر ز شبہائے امیدم شب وصل
کمتر این عرض حیات است و تمنا بیش است

نیش آن زلف سیاہ است ولے در زلفش
زہر افعی ست کہ از نیش ہمانا بیش است

حاصل عمر بجز علم و عمل چیزے نیست
نعمت آخرت از دولت دنیا بیش است

مرض عشق بود نادر امراض اے رعدؔ
اندکے بود در اخفا و بہ افشا بیش است

## رشید الدین خان صاحب عالیؔ

برقع از رخ بفگن از تو ستمہا بیش است
دل یکے ہست و بدل خون تمنا بیش است

چشم بکشا و ببین سوئے دل بیمارم
یک نگاہ تو ز اعجاز مسیحا بیش است

ناتوانی تو بمن مشق ستمہا مکن
بدل درد طلب لذت ایذا بیش است

ہرچہ در جام تہی ساقی ما ریخت نکوست
ما بر این چشم نداریم کہ کم یا بیش است

گر تو راحت طلبی درد بدل پیدا کن
از پئے آبلہ پا خار بصحرا بیش است

با جلالش چہ سلاطین سلف را نسبت
سطوت شاہ من از قیصر و کسرے بیش است

چون دکن بذل و عطا ہست کجائے اے عالیؔ
آنچہ ہست از کرم و جود ہمین جا بیش است

## محمد محسن خان صاحب محسن

حلقۂ بذلِ تو از ملک تو شاہا بیش است
گردشِ جام زخمخانہ صہبا بیش است

فخرِ شاہانِ دکن ہستی و فخرِ قومی
فیضِ جودِ تو بہر کس زتمنا بیش است

سکہ حسنِ عقیدت زدہ بر دلہا
اعتماد ہمہ بر لطفِ تو شاہا بیش است

نامِ نیکِ تو رسید است بہر شہر و دیار
ذکرِ خیرِ تو کجا نیست بہر جا بیش است

داروئے دردِ دلم ہر کہ بسازد دانم
کہ بہ اعجاز ز اعجازِ مسیحا بیش است

در نزاکت نرسد برگِ گلِ تر با تو
حسنِ خوبِ تو ز حسنِ گلِ رعنا بیش است

مدحِ ممدوحِ من از من چہ برآید محسن
آنکہ از گفتِ من و خلق بحقا بیش است

## غلام محمد خان صاحب ایجاد

شان و فضلِ تو ز مقدارِ خردہا بیش است
عشرتِ بزمِ تو از بزمِ زلیخا بیش است

رشتۂ عمرِ تو سر بر سرِ افلاک کشید
بارک اللہ کہ بلندیش ز طوبا بیش است

عقد بر رشتۂ ات ایشاہ کہ حوران بستند
رشکِ لعلست و بتابش ز ثریا بیش است

حاجتت نیست کہ از برق شعاعے گیری
جودتِ طبعِ تو از برقِ تجلا بیش است

چشمِ من آئینۂ طلعتِ مہ سیمائیست
رتبہ اش زین سبب از گنبدِ مینا بیش است

جز دعائے شہِ عثمان ز خدا ہیچ ایجاد
گر طلب میکنم از حدِ تمنا بیش است

## محمد فاضل صاحب فاضل

نو بہار است کنون رنگ تماشا بیش است | بادہ امروز بکش گر غم فردا بیش است
روکش باغ جنان است ز حسن تو جہان | ہر کجا می نگرم رنگ تماشا بیش است
چون درین بزم شہود است ظہورش کامل | لاجرم ذوق نظر بہر تو این جا بیش است
جلوہ فرما بدل زار من اے جان جہان | کہ بجان ہر نفسم شوق تماشا بیش است
گرچہ ہر ذرہ تجلی گہ او گردیدہ است | لیک با این ہمہ انوار تجلا بیش است
گوش بر پند فقیہے چہ نہم اے فاضل | این زمان چون بسرم مستئ صہبا بیش است

## شیدا محمد صاحب شیدا

آتش شوق ز تحریک تمنا بیش است | آبلہ پا تیمم از وسعت صحرا بیش است
میکنی از نگہے ہوش و خرد را تاراج | چشم مخمور تو از نشۂ صہبا بیش است
بر در میکدہ می گفت بہ رندان مستے | جرعۂ جام ز صد مایۂ دنیا بیش است
نیست امید کہ ما جان بسلامت ببریم | دور ساحل بود و لجۂ دریا بیش است
مردم از ہر طرف آیند بزیر ظلش | کس نہ از آصف سابع بعطایا بیش است
محترم دار و ازین بیش مکن جور و جفا | کہ بہ بازار وفا ارزش شیدا بیش است

## وحید

جوش عشرت بدل از جوشش مینا بیش است | مستی عیش ز سر مستئ صہبا بیش است
میرسد نغمہ برنگ دگر امروز بگوش | مگر امروز بدل جوشش تمنا بیش است
از پئے شستن ہر داغ گنہ باید ریخت | قطرۂ اشک ندامت کہ ز دریا بیش است
ناز بر خویش بصد رنگ کن اے ملک دکن | کہ بہ ہر سال ترا رنگ تماشا بیش است
از وجود شہ عثمان علی آصف جاہ | رونق بارگہ و مسند والا بیش است

## گوربرن لال صاحب آزاد

چون بہ گنجد بہ نظر موسی عمران تو بگو — نور نورے کہ ز انوار تجلی ابیش است
سبک آئیم ز اسباب گران بار ہوس — نتوان سوخت کہ خاشاک تمنا بیش است
از فلک سوئے جہان او بچہ کارے آرد — فکر درمان خودش بہر مسیحا بیش است
پُرو آباد بود مصطبہ کز فیض مغان — گردشش جام بہ خمخانہ صہبا بیش است
بیدلان را چہ غم از رحمت فردائے حیات — یاد اگر مدعیان را غم فردا بیش است
کمتر از بحر ندیدست بہ وسعت آزاد — بینش چشمان دلش قطرہ دریا بیش است

## محمد عبد السلام صاحب ذکی

ہر کرا وسعت گیتی تمنا بیش است — آن گرفتار بلا را غم دنیا بیش است
یاد ایام کہ بے فکر ز الفت بودم — لیکن اکنون بسر از زلف تو سودا بیش است
زیب دامان تو گردید بفضل داور — گوہر اشک کہ از گوہر دریا بیش است
وہ کہ میلاد شہی مثل بہاران آمد — بچمن زار دکن جوشش صہبا بیش است
بر دکن چرخ گل یمن و مسرت بارد — فیض در عہد ہمایون تو شاہا بیش است
اے ذکی کاش پذیرد شہ خوبان آن را — شیوۂ بندگی دوست کہ از ما بیش است

## قاضی عبد الصمد صاحب صارم

بر در پیر مغان شورش و غوغا بیش است — گردشش جام ز خمخانۂ صہبا بیش است
ابر شادی و طرب ہست محیط عالم — گردشش جام ز خمخانۂ صہبا بیش است
حکم ساقیست کہ محروم نماند مستے — گردشش جام ز خمخانۂ صہبا بیش است
بارک اللہ لنا آمدہ این روز سعید — گردشش جام ز خمخانۂ صہبا بیش است
ہست چون جشن گرہ شاہ دکن را صارم — گردشش جام ز خمخانۂ صہبا بیش است

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم


# رہبر دکن

یکم رجب المرجب سنہ ۱۳۵۶ ہجری


## سالگرۂ ہمایونی

اللہ تبارک وتعالیٰ کے فضل وکرم سے آج سالگرہ ہمایونی کا یوم سعید ہم وابستگان دامن دولت عثمانی کی عید کے لئے اپنی ان تمام شادمانیوں اور بہجت نوازیوں کے ساتھ طلوع ہوا ہے جو اس کی فطرت ہی میں ودیعت کردی گئی ہیں سعد ونحس ایام کے ہم قائل نہیں ہیں مگر یوم سالگرہ ہمایونی کی برکات کا تجربہ کر لینے کے بعد یہ ماننا پڑتا ہے کہ بعض یوم بعض یوموں سے افضل ہوتے ہیں اور انہیں بعض اوقات قدرت دنیا جہان کی برکتیں پوشیدہ کردیا کرتی ہے۔

جب یوم سالگرہ ہمایونی اس عظیم الشان وجود باوجود کا یوم ولادت تھا جو اس وقت فقیرانہ لباس، حکیمانہ دماغ اور عارفانہ قلب کے ساتھ تخت سلطنت دکن پر جلوہ افروز ہے، کون جانتا تھا کہ اس کے طفیل میں اہل دکن کے بخت کو عروج واقبال مندی کے کن کن بلند زینوں کو طے کرنے کا موقع ملے گا اس میں کوئی کلام نہیں کہ اس کی ساعت اول ہی میں ایک عام مسرت بیٹری تھی، وارث تخت وتاج کی پیدائش رعایا کے لئے باعث مسرت وشادمانی ہوا ہی کرتی ہے مگر اس کا کسی کو علم نہ تھا کہ اس میں اکیلی یہی مسرت نہیں ہے بلکہ اس کے آغوش میں ایسی خوشیوں کی پرورش بھی ہورہی ہے جو کسی وارث تخت وتاج کے حاصل کرنے کے بعد صحیح معنوں میں رعیت کا وارث ثابت ہونے پر ہی نصیب ہوسکتی ہیں۔

اللہ اللہ آج کا دن بھی ہمارے لئے ایک عجیب دن ہے اسی دن کے نور میں لپیٹ کر خدائے تبارک وتعالیٰ نے ہمیں اپنا ایک سایہ عنایت فرمایا جس نے اپنی عقل وحکمت اور اپنی مہرورافت سے ہمارے دل ودماغ منور کردیے اور ہمیں کچھ کا کچھ بنا دیا۔ اسی سایۂ الٰہی کے توسط سے ہمیں علم ملا اور ہم جان گئے کہ دنیا کہاں ہے، ہم کہاں کھڑے ہیں، اس میں ہمارے لئے کتنی جگہ ہے اور کس طرح ہمیں اس میں جگہ بنانی چاہیئے، اسی منبع جود کے ذریعہ ہمیں اسباب وسائل صحت ملے اور ملتے چلے جارہے ہیں جن سے ہم اس قابل ہوتے جارہے ہیں کہ اپنے علم سے کام لے سکیں اور اپنے قوائے عمل کو امتحان میں ڈالیں، سخت سے سخت امتحان میں اور وہ عزیمت بھی ہم میں اسی مبدأ خیر وبرکت کی ذات گرامی قدر کی وجہ سے پیدا ہوتی چلی جارہی ہے کہ زندگی کے سخت سے سخت امتحانوں میں نہ صرف اپنے آپ کو ڈالیں بلکہ ان سے کامیاب ہوکر نکلیں۔

یہ قصہ بہت طویل ہے کہ اس روز ہمیں جو تاجدار نعمت نصیب ہوئی ہے اس کے کتنے جنت نگاہ مظاہر ہماری عمرانی زندگی کے ہر ہر پہلو میں جلوہ فرمارہے ہیں، کوئی صاحب نظر، خواہ وہ ملک کے اندر کا ہو یا باہر کا، ایسا نہیں ہے جو انھیں نہ دیکھ رہا ہو اور ان کی مدح وستائش میں اپنی زندگیاں نہ وقف کررہا ہو۔ جن امور کے اظہار کے لئے عمروں اور مجلدات کی ضرورت ہو ان کا اس چھوٹی سی جگہ میں سما جانا کیسے ممکن ہوسکتا ہے! کوئی اس پر تعجب کررہا ہے کہ ایک بادشاہ فقیرانہ لباس میں کیسے رہ سکتا ہے، کسی کو اس پر تعجب ہے کہ بادشاہت کے ساتھ اعلیٰ ادب اور کئی زبانوں کا کس طرح جمع ہوسکتا ہے، کسی کو یہ بات سمجھ میں نہیں آتی کہ ضروری عیش وعشرت اور آرام طلبی دور بہت دور کیوں ہے، کوئی اس بات کے سمجھنے کی کوشش کررہا ہے کہ ایک بادشاہ کو اعلیٰ درجے کا شاعر بننے کا کیسے موقع مل گیا اور کوئی اسی

پر انگلی دانتوں میں دبائے ہوئے ہے کہ امور سلطنت کو ایسے نازک زمانے میں بکمال خوبی انجام دیتے ہوئے ان تمام مشاغل کے لئے جو ایک اعلیٰ درجے کے شاعر، اعلیٰ درجے کے ادیب، اعلیٰ درجے کے مجلسی اور بلند پایہ عارف ہی کے لئے علٰحدہ علٰحدہ مناسب ہو سکتے ہیں، ایک ہی ہستی وقت کہاں سے نکال لیتی ہے؟

کوئی خواہ کتنا ہی حیران ہو مگر یہ امر واقعہ ہے کہ ایک ایسی مہتمم بالشان جامع الکمالات ہستی خدا نے ہماری رہنمائی کے لئے عطا فرمائی ہے اور یہ اللہ کی دین اور ہماری خوش بختی ہے اور ہم کو آج اس کی خوشی منانے کا موقع عطا فرمایا ہے۔

پس آج ہم جتنا بھی خوش ہوں کم ہے جتنا بھی شاد ہوں تھوڑا ہے۔ مگر تھوڑا سا ہمیں اتنا بھی ضرور آج ہی غور کر لینا چاہئے کہ ہمارے شاہ ذی جاہ نے ہماری بیداری کے، رات دن کی محنت سے، اپنے آرام کو اپنے اوپر حرام کر کے جو گوناگون وسائل فراہم فرما دئے ہیں، ان سے ہم نے اس وقت تک کتنا استفادہ کیا ہے اور کتنا کرنا باقی ہے، کیا ایسے وقت جب کہ ہمارا بادشاہ ہمیں جگا رہا ہے، ہمارا سونا جائز ہے ہم میں وہ قوائے عمل پیدا کر رہا ہے، ان کو بیکار رکھنا جائز ہے؟ اور کیا اس میں ہمارا ہی نقصان نہیں ہے اور پھر اس کا بھی ہمیں ذرا سی دیر کے لئے تصور کرنا چاہئے کہ ایسے بادشاہ کی شکر گذاری ہمیں کس طرح ادا کرنی چاہئے، ہمیں اس کی ان محنتوں کے معاوضے میں اس کی کتنی محبت اپنے دلوں میں بھر لینی چاہئے یقیناً، ہمیں آج اپنے اس عزم کو اتنا مضبوط کر لینا چاہئے جتنا کہ وہ ہو سکتا ہے کہ اس کی خوشنودی کو ہمیشہ پیش نظر رکھیں گے اور اس کے منشاء کی تکمیل میں اپنا جان و مال قربان کر دیں گے۔ اس کے ساتھ ہی ہمیں یہ بھی اچھی طرح اپنے ذہن نشین رکھنا چاہئے کہ اس کا منشاء ہماری زندگی ہے اور زندگی کے لئے قربانی بھی زندگی ہی ہے۔

ہم بکمال ادب

**بارگاہ ظل سبحانی**

میں اس یوم سعید کی تہنیت عرض کرتے اور خدا سے دعا کرتے ہیں کہ یہ ہمارے لئے بار بار طلوع ہوا کرے۔

# قطعہ تہنیت جشن سالگرہ مبارک

## از نواب فصاحت جنگ بہادر
## (جلیل)

یہ سالگرہ عقدہ کشائی کیلئے ہے
یہ بزم طرب جلوہ نمائی کیلئے ہے
کس پر نگہِ لطف نہیں شاہِ دکن کی
یہ ظلِّ خدا ساری خدائی کیلئے ہے

## دیگر

جلوے کرم شہ کے خفی بھی ہیں جلی بھی
ہر شاخِ دل اس باغ میں پھولی بھی پھلی بھی
ہے نام مبارک سے یہ ثابت کہ ازل سے
حامیٔ شہِ عثمان کے ہیں عثمانؓ بھی علیؓ بھی

... دکن
علمی، ادبی، عربی، فارسی اور ولایتی ...
تراجم کا خاص مقام

سالار جنگ بلڈنگ

# حاجی محمد

حیدرآباد دکن

**اعلیٰ** درجہ کے یاتابے وغیرہ اصحاب، خواتین اور بچوں کیلئے۔

**کانٹے چھری**، خوش بو ییات اور اسٹیشنری اعلیٰ درجے کی۔

**جوتے**۔ گھر، دفتر اور تقاریب کے استعمال کیلئے۔

**چرمی سامان**۔ دلکش ڈزائن کا۔ ہر چیز نئی اور افادیت رکھنے والی ہے۔


**واٹر پروف کوٹ**۔ خاص وضع کے۔

**متفرقات**۔ ٹوپیاں۔ چھڑیاں۔

**ریڈیو**۔ عمدہ قسم کے اور ریڈیو کے پرزے مناسب قیمتوں پر

**فینسی لیڈی چپل**۔ (٩٩) مختلف ڈزائن اور رنگ کے (٩٩٩٩) لیڈی چپلوں کا خاص اسٹاک وصول ہوا ہے

اپنی پسند کا آج ہی انتخاب کیجئے۔




# والدین اس کی صحت کی طرف سے مطمئن ہیں

نوری کی عمر اس وقت تین سال کے قریب ہے۔ اس مدت میں کبھی ایسا نہیں ہوا کہ اس کے والدین اس کی صحت کی طرف سے متفکر رہے ہوں۔ دانت نکلنے کے زمانہ میں ذرا اندیشہ معلوم ہوتا تھا مگر وہ اس قدر آسانی سے نکل آئے کہ کسی کو خبر تک نہ ہوئی۔ شیر خواری کے زمانہ میں اکثر ایسا بھی ہوا کہ ماں کے دودھ نہ ہونے کی وجہ سے اسے گائے یا بکری کا دودھ دیا گیا مگر اس سے بھی اس کی صحت پر کوئی برا اثر نہیں پڑا۔ اور یہ سب اس لئے ہوا کہ اسے روز پیدائش سے انفن ٹون دیا گیا ہے۔

شربت انفن ٹون ہی وہ واحد دوا اور غذا ہے جو بچوں کو روز اول سے سنبھالنے کا کام انجام دیتی ہے اور اس طرح ماں باپ کو اپنے بچوں کی صحت کی طرف سے قطعی مطمئن رکھتی ہے۔ اگر ماں کے دودھ نہ ہو تو گائے یا بکری کے دودھ میں تھوڑا سا انفن ٹون ملا کر پلا دیجئے اس میں بالکل ماں کے دودھ کی خاصیت پیدا ہو جائیگی۔ شربت انفن ٹون بہت کثیر النفع اور سریع النفوذ اجزا کو ... اصول پر باہم ترتیب دے کر تیار کیا گیا ہے۔ اس کو بچے نہایت شوق سے پیتے ہیں اور یہ جسم کو طاقت پہنچاتا، اعضاء کی صحیح نشو و نما کرتا، آلات ہضم کو قوی بناتا اور تمام امراض سے بچوں کو محفوظ رکھتا ہے




## انفن ٹون بچوں کیلئے آبحیات ہے

ہر دواخانہ اور اسٹور سے مقررہ قیمت پر ملیگا

انفن ٹون مینوفیکچرنگ کمپنی حیدرآباد

# استاذ الاساتذہ حضرت فیض علیہ الرحمۃ

از ڈاکٹر سید محی الدین صاحب قادری زور ایم اے، پی ایچ ڈی (لندن)

آج سے ٹھیک سو سال قبل حیدرآباد ایک ایسی باکمال ہستی کے فیوضات علمی و باطنی سے سیراب ہو رہا تھا جس کی یاد پوری ایک صدی گزر جانے کے بعد بھی باقی ہے اور نہ معلوم ہمیشہ باقی رہے گی۔ استاذ الاساتذہ حضرت حافظ میر شمس الدین صاحب فیض آ کی شخصیت ایسی ہمہ گیر تھی کہ ہر ذوق کا انسان ان سے بہرہ ور ہو سکتا تھا۔ ان کی جودت طبع، غیر معمولی ذہانت، اور قلبی اور ذہنی کمالات کے تذکرے اب تک حیدرآباد میں زبان زد خاص و عام ہیں۔ ان کی قوت سخن اور بدیہہ گوئی ضرب المثل تھی اور اس مشغلۂ شعر و سخن سے زیادہ وہ تصنیف و تالیف کی دنیا میں مشہور رہتے اور سچ تو یہ ہے کہ تصنیف و تالیف اور علم و فضل ان کے فیوضات باطنی اور کشف و کرامات کے مقابلے میں کوئی اہمیت نہیں رکھتے!

یہ عجیب اتفاق ہے کہ دکن میں ہر سو سال کے ختم پر علمی و ادبی احیا ہوتا رہا ہے۔ جب کوئی مورخ اس خوش قسمت زمین کی علمی و ادبی تاریخ قلم بند کرنا چاہے گا تو وہ اس حقیقت حال کے انکشاف سے حیران رہ جائے گا کہ ہجری سنین کے لحاظ سے ہر صدی کے وسط میں دکن کے رشک فردوس کہساروں کے بسنے والے ایک ذہنی انقلاب پیدا کرتے رہے ہیں۔ ہر صدی کے ان ہی درمیانی سالوں میں دکن کی علمی و ادبی چہل پہل اور قلبی و دماغی سرگرمیاں التزام کے ساتھ عروج کمال تک پہنچتی رہی ہیں۔ سنہ ایک ہزار ہجری سے آج تک برابر یہی عمل درآمد چلا آ رہا ہے۔ اور اگرچہ اس سے قبل زمانہ کی تاریخ اچھی طرح بے نقاب نہیں ہوئی ہے مگر کیا تعجب کہ ان ازمنۂ قدیم میں بھی یہی التزام رہا ہو۔

تاریخ ادب اردو سے شغف رکھنے والے ناواقف نہیں ہیں کہ وجہی، غواصی، نصرتی و شاہی گولکنڈہ اور بیجاپور کے سب سے بڑے شاعر اور استادان فن ہیں اور یہ سب سنہ ۱۰۵۰ھ میں موجود تھے۔ ان کی مسیحا نفسیوں کی وجہ سے گولکنڈہ اور بیجاپور کی شعر و سخن کی محفلیں زندۂ جاوید ہو گئیں۔ ان کے بعد ولی و سراج اور داؤد و درگاہ کے زمانہ تک کوئی ایسے شاعر نہیں پیدا ہوئے جو حجت استاد ہو سکتے یا جن کے اثر سے نہ صرف دکن بلکہ دور دور تک شمالی ہند میں بھی اردو شعر و سخن کے سرچشمے ابل پڑتے۔

دکن کا یہ تابناک عہد گیارہویں صدی ہجری کے بھی وسطی زمانے ہی پر مشتمل ہے۔ سنہ ۱۱۵۰ھ میں اورنگ آباد حضرت ناصر جنگ شہید کی علمی سرپرستیوں کی وجہ سے رشک گولکنڈہ و بیجاپور بن گیا تھا۔ میر غلام علی آزاد بلگرامی، لطف علی خاں ایجاد اور اسد علی خاں تمنا وغیرہ جیسے نقادان فن اور اساتذۂ سخن اس زمانہ میں اردو ادب کی گراں بہا خدمات دکن میں انجام دے رہے تھے۔ ان کے بعد اگرچہ شاہ تجلی، ایمان اور شفیق جیسے باکمال افراد پیدا ہوئے لیکن یہ زمانہ اصل میں دکن کی انفعالیت کا تھا یعنی اس دور میں شاعروں اور ارباب علم سے زیادہ باہر سے آئے ہوئے شعرا اور علما و فضلا کی حیدرآباد میں قدر و منزلت ہونے لگی تھی اور اہل دکن نے بالکل پہلی دفعہ یہ محسوس کیا تھا کہ اب تک وہ جن محاورے اور زبان میں لکھتے آئے ہیں وہ جو تین سو سال تک معیاری اردو رہ چکی تھی، جس میں اس وقت تک سیکڑوں اعلیٰ پایہ کتابیں لکھی جاچکی تھیں، اور جن کو دیکھ کر دہلی کے ارباب ذوق نے فارسی ترک کر کے اردو ہی لکھنا شروع کیا تھا) وہ اب معیاری نہیں رہی ہے۔ اور اب انہیں شمال کے شاعروں کی پیروی کرنی چاہیے۔

اس خیال نے دکن کی شاعری کو بہت صدمہ پہنچایا۔ اور یہی احساس پستی جس کی بناء پر دکن میں پھر کبھی دوسرا وجہی یا نصرتی و شاہی یا ولی و سراج جیسا استاد سخن پیدا نہ ہو سکا۔ لیکن اہل دکن کے اس احساس پستی کے باوجود زمانے کو اپنا چکر پورا کرنا تھا اور تاریخ چاہتی تھی کہ تیرہویں صدی ہجری کے وسط میں بھی حسب سابق دکن میں علمی و ادبی سرگرمیاں نقطۂ کمال تک پہنچ جائیں۔ چنانچہ قدرت نے حافظ میر شمس الدین فیض جیسی باکمال ہستی کو پیدا کیا جو سنہ ۱۲۵۰ھ اور اس کے قریبی زمانہ میں حیدرآباد کی علم و فضل اور شعر و سخن کی دنیا کو اپنے باطنی فیوضات اور علمی کمالات سے مالا مال کر رہی تھی۔ خوش قسمتی سے اسی عہد میں نواب شمس الامرا امیر کبیر اور ان کا خاندان علم و فضل کا دلدادہ تھا اور اس نے بھی اس وحید عصر شخصیت سے پوری طرح استفادہ کیا۔ یہ زمانہ نواب امیر کبیر کی اردو نثر و تراجم کی سرپرستی و اشاعت اور حضرت فیض کے اردو شعر و سخن کی خدمت کی وجہ سے نہ صرف دکن بلکہ ادبیات اردو کی تاریخ میں ہمیشہ یادگار رہے گا۔


اس وقت حیدرآباد کو پھر سے وہ قدیم علمی و ادبی عظمت حاصل ہو گئی جس کو وہ اب خواب و خیال سمجھنے لگا تھا اب ایک اور دفعہ اہل حیدرآباد کو معلوم ہوا کہ خود ان کے ملک سے ایسے ایسے بلند پایہ اور صاحب ذوق افراد بھی اٹھ سکتے ہیں۔

حضرت فیض کے بعد نواب فصیح الملک مرزا داغ کی آمد اور حضرت غفران مکان آصف جاہ سادس کے شرف استادی کی وجہ سے پھر سے دکن کے ارباب قلم شمالی شعرا و مصنفین کے دست نگر بنے رہے اور اگرچہ ان میں مائل و واصل اور کیفی و توفیق جیسے بلند مرتبہ شاعر پیدا ہوئے لیکن ان سب کی شاعرانہ قوتیں خود اعتمادی کی تحصیل میں صرف ہو گئیں۔ یہ دراصل حضرت آصفجاہ سابع سلطان العلوم خلد اللہ کی مسیحائی تھی اور زمانہ شناسی تھی جس نے جامعۂ عثمانیہ کی تاسیس کے ذریعے سے دکن کی علمی و ادبی فتوحات کا بازار گرم کر دیا اور اس طرح اہل حیدرآباد اپنی دیرینہ روایات کے مطابق سنہ ۱۳۵۰ھ کے لگ بھگ اس قابل ہو گئے کہ علمی دنیا میں اپنی مستقل جگہ پیدا کر لیں۔ عہد عثمانی میں حیدرآباد کے اہل قلم میں جو خود اعتمادی اور پختہ کاری پیدا ہو گئی ہے اس کے اعتراف میں اپنوں سے زیادہ بیگانے رطب اللسان ہیں اور ان ہی کے زبان و قلم سے یہ اچھا بھی معلوم ہوتا ہے۔

ہمیں اس موقع پر صرف اس حقیقت کا اظہار مقصود تھا کہ ہم اپنی ان علمی و ادبی ترقیوں اور کامرانیوں کے گھمنڈ میں اپنے ان اسلاف کو فراموش نہیں کر سکتے جنہوں نے ہم سے قبل اس سرزمین کے بسنے والوں میں علم و عمل اور اردو زبان و ادب کا سچا ذوق پیدا کرنے کے لیے اپنی زندگیاں وقف کر دی تھیں۔ ان قابل فخر محسنین میں استاد کل حضرت فیض کا نام سب سے پہلے ہمیں یاد آئے گا۔ کیونکہ وہ اسی زمانہ میں آج سے ٹھیک سو سال قبل سرگرم عمل تھے اور آج ہم جبکہ سنہ ۱۳۵۶ھ میں ان کے متعلق یہ مضمون لکھ کر ان کی یاد تازہ کر رہے ہیں ان کی ایک مختصر سی کتاب "فیض جاری" ہماری توجہ اپنی طرف منعطف کر لیتی ہے جو آج سے ٹھیک سو سال پیشتر قریب قریب اسی زمانہ میں چھپ رہی تھی جبکہ یہ مضمون چھپ رہا ہے۔ اس کتاب "فیض جاری" کے سرورق پر حضرت فیض نے جو سرخی درج کی ہے اس کا مطالعہ آج سو سال بعد کے اردو انشا پردازوں اور شاعروں کے لیے ضرور دلچسپی کا باعث ہوگا۔ لکھا ہے:-

"رسالہ فیض جاری عہد میں نواب فلک جناب بندگان عالی
حضرت آصف جاہ نظام الملک نظام الدولہ فتح جنگ میر
فرخندہ علیخاں بہادر مدظلہ العالی کے شہر فرخندہ بنیاد حیدرآباد
میں واسطے تعلیم طلبا کے، سرکار شمس الامرا بہادر امیر کبیر کے سنگی
چھاپہ خانے کے درمیان، سنہ ۱۲۵۶ھ میں چھپا۔"

حضرت فیض نے مختلف موضوعوں سے متعلق اتنی کتابیں لکھی ہیں کہ قطب شاہی دور کے بعد حیدرآباد کے کسی بلند مرتبہ اردو شاعر نے نہیں لکھی۔ اردو اور فارسی کے علاوہ عربی زبان میں بھی ان کی



میجر جنرل والاشان نواب معظم جاہ بہادر



حضرت شہزادی نیلوفر فرحت بیگم صاحبہ

کتابیں موجود ہیں۔ ان سب کے متعلق ان کے زیر ترتیب سوانح حیات میں تفصیل سے معلومات پیش کیجائیں گی۔ یہاں یہ بتا دینا کافی ہے کہ حضرت فیض ایک بلند پایہ استاد سخن ہونے کے علاوہ بہت بڑے انشاء پرداز، عروضی اور عالم و فاضل بھی تھے۔ قرات، خوش نویسی اور خطاطی کے ایسے ماہر تھے کہ بیرون ملک کے کاملین فن بھی ان کے کمال کے قائل تھے۔

علوم عقلیہ و نقلیہ کے ساتھ ساتھ تصوف و عرفان اور مذہب و روحانیت میں بھی انھوں نے آخر زمانہ میں وہ مرتبہ حاصل کر لیا تھا کہ ان کے جملہ تلامذہ ان کو ولی کامل سمجھتے تھے تلامذہ کے علاوہ ان کے معتقدین اور مریدین کا بھی ایک بہت بڑا گروہ پیدا ہو گیا تھا جس کے سلسلے کے افراد اب تک باقی ہیں۔ ان کے عرس اور یادگاری مشاعرے قریب قریب نصف صدی تک بڑی دھوم دھام سے ہوتے رہے اور اس میں کوئی کلام نہیں کہ ان کا فیض اب تک جاری ہے۔

اردو تاریخ کی ادب میں کہیں ایسا استاد سخن نظر نہیں آتا جس کے تلامذہ اپنے استاد کے اتنے گرویدہ ہوں۔ اگرچہ مشہور ہے کہ حضرت فیض کسی کو اپنے سلسلۂ بیعت میں داخل کرنے میں بڑی احتیاط کرتے تھے لیکن ان کے شاگردوں اور تربیت یافتوں کے علاوہ دیگر اصحاب بھی ان کی بیعت کا شرف حاصل کرنے میں ایک دوسرے پر سبقت لے جانا چاہتے تھے اور جو ان کے مرید نہ ہو سکے ان کو بعد میں افسوس رہا کہ ہم نے ایک ایسا موقع کھو دیا جو پھر نصیب نہیں ہو سکتا۔ نواب شرف جنگ فیاض ان کے ارشد تلامذہ میں سے تھے۔ ان کے فرزند نواب عزیز یار جنگ بہادر عزیز فرماتے ہیں کہ حضرت فیض کے بعد حضرت فیاض کو اکثر اس کا افسوس رہا کہ "میں نے حضرت کے ہاتھ پر بیعت کیوں نہیں کر لی!"

غرض حضرت فیض کی وہ مغتنم ہستی تھی جو کسی ملک و قوم میں صدیوں میں پیدا ہوتی ہے وہ ہمہ جہتی خوبیوں کے حامل تھے۔ علم و فضل، زہد و تقویٰ، خدمت خلق اور سلوک و معرفت کی فضیلتوں کے ساتھ ساتھ قدرت نے ان کو ایک اور نعمت بھی عطا کی تھی جس کا ایسی صاحب کمال ہستیوں کو حاصل ہو جانا ملک و قوم کیلئے آیۂ رحمت ثابت ہوتا ہے۔ انھوں نے اٹھاسی سال کی طویل عمر پائی اور اپنی زندگی کا ایک لمحہ بھی ضائع نہیں کیا۔ بارہ سال کی عمر میں حافظ قران ہوئے اور عنفوان شباب ہی میں وہ علمی شہرت حاصل کر لی تھی کہ عوام کے علاوہ شاہزادے اور امیرزادے بھی ان کے فیض صحبت اور تعلیم و تربیت سے مستفید ہونے لگے تھے۔ پچاس سال کی عمر تھی کہ عام علمی و ادبی شہرت کے ساتھ ساتھ مذہبی تقدس بھی حاصل کر لیا تھا۔ ان کا ایک ہم عصر مورخ خواجہ غلام حسین خاں سنہ ۱۲۶۰ھ سے قبل ان کے متعلق اپنی مشہور و معروف تاریخ گلزار آصفیہ میں یوں رقمطراز ہے:۔

"از کاملان زمانہ، و عارفان دورانہ، فرد کامل، و منتخب روزگار، جامع علوم عقلی و نقلی، منبع کمالات صوری و معنوی ....... از ابتدائے شباب متوجہ تحصیل علوم گردیدہ در عرصہ چند سال مشہور روزگار گشتہ مرجع خلائق گردید۔ کمالات حقائق و عرفاں و استغراق و ادراک شریعت و طریقت آنجناب از اشعار فارسی و ہندی، اردوئے خاص از قصیدہ غزل و رباعی وغیرہ آنحضرت مانند نور آفتاب تاباں و درخشاں ظاہر است۔ ہر ذی فہم کہ با دراک فہم خویش فکر کند بجان سخن رسد۔ سوائے این حسن اخلاق و تہذیب و مروت و آدمیت از ملاقات آں جناب ہویدا میگردد۔ در قرارت کلام شریف یکتائے عہد خود۔ تصانیف عربی و فارسی و ہندی آں جناب مشہور آفاق۔ معہذا در بر آمد کار ارباب احتیاج بہ دمے، یا درمے، یا قدمے، یا قلمے منتشائے زمانہ اند کہ ایں مقدمہ خیلے مشکل تر است۔ علی الخصوص دریں وقت کہ .........

در علم حقائق و معرفت الہی یگانے چنداز آں زبان واقف رموز خفی و جلی۔ بوقت خلوص ملاقات بر می آیند کہ دل بے قرار شدہ می خواہد کہ ہمیں وقت از سینہ بر آید و ترک علائق کند و بہ معبود حقیقی خود وصلت جوید و دیگر از خیال بیہودۂ دنیا کنارہ گزیند"

(گلزار آصفیہ مطبوعہ صفحہ ۴۲۳ - ۴۲۴)

یہ طویل عبارت اس لئے نقل کیگئی ہے کہ اس سے ظاہر ہے کہ حضرت فیض نے سنہ ۱۲۶۰ھ سے قبل ہی یہ رتبہ حاصل کر لیا تھا اور اس کے بعد وہ اور تیئیس ۲۳ سال زندہ رہے اور جب یہ معلوم ہے کہ آخر وقت تک ان کی مقدس زندگی کا ایک ایک لمحہ خلق خدا کی خدمت میں بسر ہوا اور اس خوش قسمت سرزمین کے بسنے والے اس نعمت ایزدی سے ہر لمحہ فیض یاب ہوتے رہے تو محض اس واقعہ کا تصور ہی حضرت فیض کے غیر معمولی عظمت کے نقوش دلوں پر مرتسم کرنے کے لئے کافی ہے۔

# خاں صاحب

از جناب عبدالقادر صاحب سروری پروفیسر کلیۂ جامعۂ عثمانیہ

ہم لوگ بہت کمسن تھے کھلتے کھیلتے گھر سے ذرا دور نکل جاتے، تو برگد کے درخت کے نیچے محلہ کے لڑکوں کی ایک پوری ٹکڑی ہمارا استقبال کرنے تیار رہتی تھی لیکن یہ "شجر ممنوعہ" جو ہمارے گھر سے صرف دو تین سو گز کے فاصلہ پر تھا اس وقت، دور ــــ بہت دور ــــ نظر آتا تھا۔ یہ خوش قسمتی ہم کو شاذ و نادر ہی نصیب ہوتی تھی کہ وہاں تک پہنچ سکیں، اور کھیلیں اور خوب دل کھول کر کھیلیں۔

ایک روز ہم کو اتفاق سے یہ خوش نصیبی حاصل ہوئی۔ ہم بے فکری سے کھیل رہے تھے، اور ایک آزاد پرند کیطرح، گھر کے قفس سے کوسوں دور محسوس کر رہے تھے۔ کوئی کھیل تھا۔ نام اب یاد نہیں رہا۔ میں، اور میرے ساتھ ایک اور لڑکا، مقبول چھپنے کے لئے کوئی مقام تلاش کرتے کرتے، ایک نیم تعمیر اصطبل میں پہنچے۔ وہاں کونے میں گھانس کی ایک گٹھڑی رکھی ہوئی تھی۔ چھپنے کیلئے اس سے بہتر جگہ ہم کو نہیں مل سکتی تھی۔ ہم فوراً اندر گھس پڑے اور ابھی مشکل سے سر چھپایا تھا کہ گھوڑا، غالباً ہماری آہٹ سے، پریشان ہو کر بھڑکنے لگا۔ گھوڑے کے بھڑکنے کے ساتھ ہی کسی کی گرج دار آواز سنائی دی جو سائیس کو پکار رہی تھی۔ اس آواز کے سنتے ہی، میرے ساتھی مقبول کا دم سر پر آ گیا۔ وہ کھیل کو بھول، گٹھڑی کے پیچھے سے نکل کر بھاگنے لگا، بھاگتے ہوئے اس کی زبان سے نکلا ــــ "ارے بھاگو! خاں صاحب آ رہے ہیں۔" میری سمجھ میں تو کچھ نہ آیا، لیکن میں بھی اس کے پیچھے پیچھے بھاگنے لگا ــــ ہم جہاں چھپے بیٹھے تھے، اس کے پیچھے دیوار کوئی گز بھر اونچی تھی، اور اس طرف زمین ڈھائی گز نیچے ہوگی ــــ مجھے خیال نہیں کہ ہم اُس دیوار سے، زمین پر کسطرح کود سکے ــــ ہم وہاں سے ایسے ہیبت زدہ بھاگے، جیسے کسی کے پیچھے شیطان لگا ہو اور جب تک اڈے پر نہ پہنچ گئے، پیچھے پلٹ کر بھی نہ دیکھا۔ خاں صاحب کا خوف مجھ پر ایسا طاری تھا کہ ساتھیوں میں پہنچ کر بھی حواس ٹھکانے نہیں تھے۔ راستے سے کسی کے تیز تیز قدموں کی آہٹ سنائی دی، اور میں بدحواس ہو کر بھاگنے لگا۔ میری زبان سے بھی وہی الفاظ نکلے، جو مقبول نے بھاگتے ہوئے کہے تھے ــــ "ارے بھاگو! خاں صاحب آ رہے ہیں ــــ" میری اس حرکت پر تمام لڑکے ہنسنے لگے۔ لیکن میرا خوف ان کی ہنسی سے

زیادہ تھا۔

غرض یہ پہلا موقع تھا کہ میں نے "خاں صاحب" کا نام سنا۔ وہ طوفان گزر گیا، لیکن خیالی خاں صاحب کا ڈر، میرے دل میں بس گیا۔ ایک روز میں نے مقبول سے خاں صاحب کے متعلق دریافت کیا۔ وہ کہنے لگا، "ارے تم خاں صاحب، نتانو خاں صاحب کو نہیں جانتے۔ وہ نتانو خاں صاحب ہیں، نتانو خاں صاحب ــ"

یہ سن کر غالباً مجھے زیادہ پوچھنے کی ضرورت نہیں ہوئی، اور نہ شاید وہ اس سے کچھ زیادہ بتلا سکتا تھا۔ میری جستجو کی تشفی اسیطرح ہو گئی جس طرح کبھی کبھی خدا کے متعلق یہ کہہ کر تشفی کر دی جاتی تھی کہ وہ "خدا ہے خدا"

اس واقعے کے بعد، خاں صاحب کو دیکھنے کا مجھے فطرتاً اشتیاق ہونا چاہیے تھا۔ لیکن اسکی ہمت نہیں ہوتی تھی۔ جس طرح آزاد شیر کو جنگل میں دیکھنے کی خواہش ہر شخص کو ہوتی ہے لیکن کوئی دیکھنے کی کوشش نہیں کرتا۔ میں نے اس خواہش کا اظہار، مقبول سے کیا۔ وہ ذرا نڈر تھا۔ ایک روز مجھے گھسیٹ کر خاں صاحب کے مکان کیطرف لے ہی گیا۔ مکان کے سامنے ایک بنچ اور چند کرسیاں پڑی ہوئی تھیں۔ کچھ پودے کونڈوں میں لگے ادھر اُدھر رکھے ہوئے تھے۔ بنچ اسطرح کی تھی جس طرح کہ باغوں میں، روشوں پر، یا مجلس بلدیہ کیطرف سے حسین ساگر کے کنڈے پر رکھی جاتی ہیں۔ اس پر کچھ لوگ میلے کچیلے کپڑے پہنے، ادب سے بیٹھے ہوئے تھے۔ کرسی پر ایک صاحب اونچے پورے، قوی ہیکل، جسم میں ڈھاکہ کے ململ کا کرتہ پہنے ہوئے، عربوں کی سی تہمد باندھے نہایت متانت سے دراز تھے۔ ان کی ڈاڑھی صاف تھی لیکن مونچھیں لمبی لمبی تھیں۔ انکا ہاتھ بار بار مونچھوں کیطرف اٹھتا تھا۔ سامنے پیچوان رکھا ہوا تھا اور کش پر کش لے رہے تھے۔

ہم کو نزدیک جانے کی جرأت نہیں تھی اور سامنے کھڑے بھی نہیں ہو سکتے تھے اس لئے صرف چلتے چلتے میں نے انھیں دیکھا۔ جب ہم ذرا آگے بڑھ گئے تو مقبول نے کہا ــ "دیکھا نا خاں صاحب کو ........ وہ جو حقّہ پی رہے تھے۔" ہم تھوڑی دیر کے بعد پھر ادھر ہی سے واپس ہوئے۔

یہ پہلا موقع تھا کہ میں نے خاں صاحب کو دیکھا۔

محلّے کے سب لوگ خاں صاحب سے ڈرتے تھے اور شہر کے اکثر لوگ ان سے واقف تھے۔ شہر کے تمام بدمعاشوں کے لئے، نتانو خاں صاحب کا نام کوتوالی کا کام دیتا تھا۔ پولیس کے عہدہ دار تک ان کو خوب جانتے تھے۔ ان کی آمدنی کے ذریعے کچھ زیادہ نمایاں نہیں تھے لیکن بظاہر نہایت امیرانہ ٹھاٹھ سے زندگی بسر کرتے تھے۔ ملازموں کی ان کے ہاں [illegible] محلے میں دو ایک ہی ایسے تھے جو ان کے اثر کو برداشت نہیں کر سکتے تھے۔ لیکن ان میں بھی خاں صاحب کی علانیہ مخالفت کی جرأت نہیں تھی۔ ایک دفعہ کا واقعہ ہے کہ ان میں سے بعضوں نے متحدہ طور پر خاں صاحب سے لڑائی مول لی ــ جب ان میں گتھم گتھا ہو رہی تھی، خاں صاحب کا غیظ و غضب [illegible] سے تعلق رکھتی تھی۔ وہ بار بار اپنے بڑے بھائی کو پکار رہے تھے "مانو خاں [illegible] ذرا ایک لاٹھی تو برسا۔ پھر دیکھ، میں سارا شہر ایک کر دیتا ہوں۔" مانو خاں، خاں صاحب کے بڑے بھائی، نہایت جری انسان تھے۔ لیکن خاں صاحب کی سی ہوشیاری ان میں نہیں تھی۔ وہ نوابانہ زندگی بسر کرتے تھے، خاں صاحب کی قوت کا ایک بڑا راز مانو خاں ہی تھے۔

باریک بینی اور نفاست پسندی، خاں صاحب میں حد درجے کی تھی۔ اس کا بڑا ثبوت ان کا چھوٹا سا مکان ہے۔ جب اس مکان کی تعمیر شروع ہوئی، تو مزدوروں کے انتخاب میں بڑی کاوش سے کام لیا گیا۔ حتی الامکان ایسے مزدور چنے گئے، جو اجرت واجبی لیں اور کام خوب کریں۔ خاں صاحب دن دن بھر ان کے سر پر سوار رہتے اور جہاں کچھ کام بگڑا ان بیچاروں کی شامت آ جاتی۔ یہی نہیں جو مزدور دو چار روز کام کرتے، پھر شہر ہی چھوڑ کر کہیں منہ کالا کر لیتے۔ جتنے ہاتھ اس مکان کی تعمیر میں لگے ہوں گے کسی بڑی سے بڑی ڈیوڑھی میں بھی شاید ہی لگے ہوں جب شہر کے سارے راج مزدور ختم ہو گئے، تو مکان کی تعمیر بھی ختم ہو گئی۔ اسی لئے وہ آج تک ادھورا پڑا ہے لیکن کام نہایت پکا ہے۔

خاں صاحب مذہبی آدمی بھی تھے، لیکن گیارہویں کی نیاز کی حد تک۔ ان کے ہاں یہ نیاز خاص طور پر اور نہایت دھوم دھام سے منائی جاتی تھی۔ آدمی تو سو پچاس ہی مدعو ہوتے لیکن ہنگامہ سارے محلے میں مچ جاتا، بنیوں کے سر پر آفت آ جاتی، خاں صاحب "بہترین مال اور کم ترین دام" کے اصول کے ہمیشہ قائل رہے۔ قصاب بہتر سے بہتر بکرے چن کر لاتے اور محلے کے آدھے لوگ اس کارِ خیر میں ہاتھ بٹاتے، جب کہیں جاکر نیاز پوری ہوتی۔ دعوت میں خاں صاحب کے اسامی، دوست احباب اور محلے کے غریب لوگ مدعو کئے جاتے۔ خود خاں صاحب بنفسِ نفیس دروازے پر کرسی بچھا کر تشریف رکھتے اور ہر ایک مدعو کی تواضع اور ان کا محاسبہ کرتے۔ ایک دعوت کا ذکر ہے کہ محلے کی مسجد کے مؤذن جنکی دعوت تھی، اپنے ساتھ اپنے بچے کو بھی لے کر آئے، خاں صاحب نے آواز دی۔

"برہان! یہ بچہ کون ہے؟"

"جی خاں صاحب فدوی زادہ ہے۔ سلام کرو میاں خاں صاحب کو۔"

"اچھا کیا جو اس کو ساتھ لالیا۔ لیکن تجھ سے غلطی ہوئی۔ اس کی ماں نے کیا قصور کیا تھا، اس کو بھی ساتھ لالیتا، وہ بھی نیاز چکھ لیتی۔"

یہ سن کر برہان صاحب کی رگوں میں خون جم گیا۔ لیکن بیچارا شریف آدمی تھا خاموش ہو کر دسترخوان پر بیٹھ گیا۔

کھانے سے فارغ ہونے کے بعد، خاں صاحب، باہر آکر بیٹھ جاتے کچھ اور لوگ بھی جمع ہو جاتے "کلام بعد از طعام" کے طور پر اِدھر اُدھر کی باتیں ہوتیں۔ شہر کی مشہور نیازوں کے ذکر عمداً چھیڑے جاتے۔ خاں صاحب کسی سے مخاطب ہو کر پوچھتے۔

"عمرو! کیوں کھانا کیسا تھا؟" مونچھوں کے پاس بے ساختہ ہاتھ پہنچ جاتا۔

"واہ خاں صاحب! کیا بریانی تھی ــ نواب ...... کے ہاں کی نیاز تک پاسنگ میں بھی نہیں آسکتی۔"

"ابے رحیم! بیٹا، ایسی بریانی، کبھی "باپ نمر" میں بھی کھائی تھی؟"

"جی خاں صاحب، ایسا انتظام کون کر سکتا ہے ......" خاں صاحب کا ہاتھ پھر مونچھوں تک پہنچ جاتا اور فرماتے

"ارے جمال! میٹھا کیسا تھا؟"

"ایسا میٹھا تو کبھی کھایا نہیں، خاں صاحب ......"

"بیٹا جب ہی تو تم بڑھ بڑھ کر ہاتھ مار رہے تھے"

"ہاں ...... جی ...... خاں صاحب ...... بڑا اچھا میٹھا تھا۔"

دعوت کے کئی روز بعد تک محلے کا جو شخص بھی خاں صاحب سے ملتا، بریانی، کباب اور میٹھے کے متعلق وہ اس سے سوال کرتے۔ اکثر لوگ جو مدعو بھی نہ ہوتے تھے خاں صاحب کے حافظے کو جھٹلانے کے خطرے میں پڑنے کے بجائے جھوٹ موٹ تعریف کر کے پیچھا چھڑاتے۔

خاں صاحب کی ڈاگ کارٹ اور خاص طور پر گھوڑا بہت مشہور تھا۔ بڑا نفیس جانور تھا۔ کمیت رنگ، نازک اور سانچے میں ڈھلا ہوا بدن، اور اس پر اصلی جبلت پھرت، راستہ چلنے والوں کی نظریں بھی اس کی طرف اٹھ جاتی تھیں۔ یہ گھوڑا نظم جمعیت کا لازم تھا۔ خاں صاحب کو اس سے بڑی محبت تھی۔ اس لئے وہ اس سے بہت کم کام لیتے تھے۔ جب کبھی وہ گاڑی میں سوار ہو کر نکلتے، ان کا رعب اور ان کی شان قابل دید ہوتی۔ سیدھے ہاتھ میں باگ، ذرا نمایاں طور پر اوپر کو اٹھی ہوئی، منہ میں موٹا سا سگار، اور سگار کے اوپر دو موٹی موٹی، جمی تنی مونچھیں، جنکی نوکیں تیر مژہ کیطرح دیکھنے والوں کے دلوں میں پیوست ہو جاتی تھیں۔ ان کو اس حالت میں دیکھنا اور مرعوب نہ ہو جانا ناممکن تھا۔

اکثر اوقات اور خاص طور پر رات کے وقت خاں صاحب، گھر سے پیدل بھی نکل جایا کرتے تھے پھر واپسی کے وقت وہ کوئی جھٹکا کرایہ پر ٹھہرا لیتے لیکن اس معاملہ میں بھی ان کی ایک خصوصیت تھی۔ گھر کے قریب کی گلیاں ایسی ہیں، جن میں سے جھٹکے کا گزرنا ناممکن ہے۔ خاں صاحب جھٹکے کو ایسی ہی کسی گلی پر ٹھہرا لیتے، اور خود اتر کر بغیر کرایہ ادا کئے چلے جاتے، لیکن

جاتے ہوئے جھٹکے والے کو تاکید سے کہہ جاتے "یہیں ٹھہرا رہ، میں ابھی آتا ہوں، ایک دوست سے مل کر" یا "کرایہ نوکر کے ہاتھ سے بھیجتا ہوں تو یہیں کھڑا رہ"۔ وہ بے چارہ گھنٹہ دو گھنٹے انتظار کرتا، پھر تھوڑا اور انہیں ڈھونڈتا پھرتا، آخرکار مایوس ہو کر کوستا ہوا گھر لوٹ جاتا۔

خاں صاحب کی اس ستم ظریفی کی عادت کی بدولت اکثر عجیب و غریب واقعات رونما ہوتے رہتے تھے۔ ایک دفعہ وہ دن میں، حسب عادت گاڑی سے اتر کر گھر تشریف لائے۔ جھٹکے والا بیچارہ کچھ دیر انتظار کرتا رہا، پھر گلی کے اندر باہر دو تین دفعہ آیا، ایک گوشے میں چھپا ہوا بار بار گھر پر آوازیں دیں۔ جب بالکل مایوس ہو گیا تو خاں صاحب کو گالیاں دیتا ہوا وہاں سے چلا۔ لیکن اتفاق دیکھئے کہ پھرتا پھراتا خاں صاحب کے کچہری کی طرف آنکلا۔ یہاں خاں صاحب سر راہ بیٹھے دوستوں کے ساتھ خوش گپیاں اڑا رہے تھے۔ جھٹکے والے نے دور سے دیکھ کر انھیں اچھی طرح پہچانا نہیں، کیونکہ خاں صاحب یہاں ذرا مختلف بالطبع تھے۔ لیکن جب نزدیک پہنچا، اور خوب غور سے دیکھا تو اس کو یقین ہو گیا کہ یہ وہی ہیں۔ فوراً جھٹکا روک، مچی ہاتھ میں لے کر کود پڑا، اور بے نقط سناتا ہوا، خاں صاحب کے سامنے آکر کھڑا ہو گیا۔ اور کہنے لگا۔

"واہ میاں خوب کرایہ کیے۔ بڑے شریف آدمی معلوم ہوتے ہیں...... لائیے کرایہ دے دیجئے"

یہاں کچھ لوگ ایسے بھی تھے جن سے زیادہ بے تکلفی نہیں تھی، خاں صاحب بڑے چکرائے۔ لیکن آدمی تھے چالاک، غصے کی صورت بنا کر کہنے لگے۔

"ابے الو تو یہاں کیوں آ گیا۔ میں یہاں ایک دوست سے ملنے ٹھہر گیا تھا ذرا دیر ہو گئی، یہ ہنگامہ مچا رہا ہے۔ اب میں وہاں جاتا تو مجھے کتنی دقت اٹھانی پڑتی نامعقول کہیں کا"

"اجی رہنے دو میاں۔ آپ کے جیسے بہت سے امیر دیکھے ہیں۔ دس سال سے جھٹکا ہنکال رہا ہوں۔ لائیے کرایہ پھینک دیجئے"

خاں صاحب نے ادھر ادھر دیکھا، وہاں کوئی موجود نہ تھا، پھر بھی چلانے لگے

"ارے رابیلو! رحیم! ابے سیدو! ابے کریم۔ کہاں مر گئے سب، کوئی نکال باہر کرو اس مردود کو میرے سامنے سے............ کیسی گستاخی کر رہا ہے ذلیل کہیں کا۔"

خاں صاحب کے چلانے کی آواز سن کر، سائیس دوڑتا ہوا آیا، جھٹکے والا اسے اپنی طرف بڑھتا ہوا دیکھ کر مچی تان کر کھڑا ہو گیا اور کہنے لگا۔ "کس کی ماں جنی ہے جو مجھے ہاتھ بھی لگائے۔ مار کے پھینک دوں گا۔"

آدمی تھا مسٹنڈا، سائیس اس کے تیور دیکھ کر وہیں ٹھٹک کر کھڑا ہو گیا۔ خاں صاحب بھی صورت حال کو اچھی طرح سمجھ گئے۔ غالباً دوستوں کا لحاظ کیا، اور فرمانے لگے۔

"پھینک دے اس مردود کا کرایہ۔ حرام زادہ۔ جی تو چاہتا ہے کہ کرایہ کے بدلے دھکے دے کر نکال دوں۔ جا دور ہو یہاں سے۔"

غرض اسطرح خاں صاحب نے اس سے پیچھا چھڑایا۔ لیکن یہ پہلا موقع تھا، اس کے بعد تو خاں صاحب کو خاصہ ملکہ ہو گیا تھا۔ اگر کبھی ایسا اتفاق ہو بھی جاتا تو وہ صاف انکار کر جاتے اور جھٹکے والے کو الو بنا کر نکال دیتے۔ اور اگر وہ ٹھنڈے ٹھنڈے جانے پر راضی نہ ہوتا تو اسکی اچھی طرح مرمت کیجاتی۔

خاں صاحب کے بیوی بچے نہیں تھے۔ اپنے عروج کے زمانے میں انھوں نے ایک اینگلو انڈین بیوہ کو گھر ڈال لیا تھا۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ اس عورت سے خاں صاحب کو محبت ہو گئی تھی، اور بعضوں کا خیال ہے کہ انگریز بیوی سے قدر و منزلت میں جو اضافہ ہو جاتا ہے وہی، خاں صاحب کے لئے اس کا محرک ہوا۔ ایک تیسرا خیال یہ ہے کہ یہ عورت ایک حیدرآبادی فرانسیسی فوجی کی بیوہ تھی، جس کو شوہر کے انتقال کے بعد سرکار سے کافی وظیفہ مقرر ہو گیا تھا۔ خاں صاحب کے اس انتخاب میں، وظیفے کی بھی رعایت تھی۔ گویا یہ خاں صاحب کیلئے نظم کی گھوڑی تھی، جس کے دانے چارہ کی انھیں فکر ہی نہیں تھی۔ ہم جب کبھی خاں صاحب کے گھر پر سے گزرتے تو اس کی گٹ پٹ سنا کرتے تھے۔ وہ دیوانوار بکا کرتی تھی۔ بعد میں معلوم ہوا کہ وہ دیوانی تھی۔ پھر اس امر میں بھی اختلاف رائے ہے۔ بعض کا کہنا ہے کہ وہ خاں صاحب کے ہاں آنے سے پہلے ہی دیوانی ہو چکی تھی اور بعض کا خیال ہے کہ ان کے پاس آنے کے بعد اس پر دیوانگی طاری ہوئی۔ یہ بھی ممکن ہے کہ وہ خاں صاحب پر یا ان کی وجہ سے دیوانی ہو گئی ہو۔ بہرحال خاں صاحب کو اپنے اس انتخاب پر بہت ناز تھا۔

اس سلسلے میں ایک خاص واقعہ خاں صاحب کی یاد کو میرے ذہن میں ہمیشہ تازہ رکھنے کا سبب ہوگا۔ ان کا آخری زمانہ نہایت خستہ حالی میں بسر ہوا۔ اس وقت تک میں بی۔ اے کامیاب کر چکا تھا۔ خاں صاحب سے میری صاحب سلامت تھی۔ وہ عموماً میرے گھر کے سامنے سے گزرا کرتے تھے لیکن نہایت عبرتناک حالت میں، جسم میں ایک میلا نیم آستین پہنے ہوئے اور ایک میلی تہمد باندھے ہوئے، پھٹا پرانا جوتا گھسیٹتے مارے مارے پھرتے تھے۔ ان کے ہاتھ میں ہمیشہ ایک "روٹی" اور بغل میں ایک موٹی لاٹھی رہتی تھی وہ سودا خریدنے جایا کرتے تھے۔ اب وہ ڈاگ کار بھی تھی اور نہ وہ نفیس گھوڑا، نہ وہ شان تھی نہ وہ غرور۔ ایک گھر باقی رہ گیا تھا سو وہ بھی اداجین کے دیوان خانہ سے ان کی دیوانی کا شور و غل کسی شیطان خانہ کے شور و غل کیطرح، شام و سحر سنائی دیتا تھا۔

ایک روز میں اپنے گھر کے سامنے کھڑا ہوا تھا خاں صاحب ادھر سے گذرے، صاحب سلامت ہوئی۔ انھوں نے خلاف معمول ذرا توجہ سے صحت و عافیت پوچھی، اور بازار کی طرف چلے گئے۔ جب وہ واپس ہو رہے تھے، اس وقت بھی میں وہیں کھڑا ہوا کسی عزیز سے باتیں کر رہا تھا۔ خاں صاحب میرے قریب آکر ٹھہر سکے، کچھ آگے بڑھے پھر پلٹ کر آئے اور کہنے لگے۔

"مولوی صاحب! آپ سے کچھ کہنا ہے"

یہ پہلا موقع تھا کہ خاں صاحب نے مجھے اس طرح مخاطب فرمایا۔ میں نے کہا۔ "کیا ارشاد ہے خاں صاحب چلئے دیوان خانہ میں چلئے" وہ چپ چاپ میرے ساتھ ہوئے اور دیوان خانہ میں پہنچ کر "چھتی" اور لاٹھی کو ایک طرف کونے میں رکھا۔ اور خود کچھ ادب سے اور کچھ شرماتے ایک کرسی پر بیٹھ گئے۔ ان کے اس عاجزانہ انداز کو دیکھ کر میرے دل پر ایک چوٹ سی لگی اس وقت میری نظروں کے سامنے ان کا وہ زمانہ پھر گیا، جب وہ اپنے دست و بازو کی قوت کے سامنے، بڑے سے بڑے آدمی کو خاطر میں نہ لاتے تھے۔ جب وہ بیٹھ گئے تو میں نے پوچھا "فرمائیے خاں صاحب کیا معاملہ ہے؟" کہنے لگے۔ "کئی روز سے میں آپ سے مل کر یہ بات کہنا چاہتا تھا...... آپ کو تکلیف تو ہوگی.....؟"

"آپ بے تکلف فرمائیے، میں آپ کی کیا خدمت کر سکتا ہوں؟"

"ہماری دیوانی،..... آپ واقف ہیں نا اس سے..... اسکی بات ہماری سمجھ میں نہیں آتی، اور ہماری بات وہ نہیں سمجھتی۔ ہم کو تھوڑی سی انگریزی پڑھا دیجئے۔ چار لفظ سمجھ لے سکیں گے۔"

میری حیرت کی انتہا نہ رہی یہ سن کر کہ یہ دونوں سالہا سال سے ایک ساتھ رہے لیکن اجنبی کیطرح۔ خاں صاحب کی اس عجیب و غریب خواہش پر مجھے تعجب بھی ہوا۔ لیکن میں نے اس کو ان پر ظاہر ہونے نہ دیا۔ اور کہا:۔

"میں حاضر ہوں مجھ سے جتنی مدد ہو سکتی ہے کرنے کیلئے تیار ہوں۔"

"خدا آپ کو خوش رکھے، اتنا کر دیجئے، مجھ پر بڑا احسان ہوگا۔"

"آپ اطمینان رکھیں مجھے بڑی خوشی ہوگی۔"

"آپ کے والد تو اچھے ہیں، کئی روز سے نظر نہیں آئے۔ اب بہت ضعیف ہو گئے ہیں۔"

"جی ہاں،.......... آپ کب سے تشریف لانے کا ارادہ رکھتے ہیں۔"

"اگر آپ کو فرصت ہو تو کل صبح سے حاضر ہوں گا، سات بجے یہ وقت آپ کو پسند ہے؟"

"جی ہاں، بہت مناسب ہے، میں کل صبح آپ کا انتظار کروں گا۔"

خاں صاحب مصافحہ کر کے مجھ سے رخصت ہوئے۔ دوسرے روز سے وہ پابندی کیساتھ صبح سات بجے میرے یہاں آنے لگے اور ایسی محنت سے پڑھنا شروع کیا کہ کسی شوقین لڑکے سے بھی شاید ہی ایسی محنت ہو سکے۔ گھر پر، بازار میں کتاب ان کے ساتھ رہتی، راستہ چلتے تو کتاب ہاتھ میں ہوتی اور انگریزی الفاظ رٹتے ہوئے جاتے۔ ذہن نہ تھا، میں وہ کبھی کبھی کسی چیز سے ٹکرا بھی جاتے، لیکن ان کا شوق بڑھتا ہی جاتا تھا۔ ایک روز وہ مجھ سے نہایت حسرت سے پوچھنے لگے۔ "مولوی صاحب انگلش بات مجھے کبتک آ جائیگی" میں نے جواب دیا "یہی کوئی سال چھ مہینے میں۔" خاں صاحب کی اس محنت سے "اپنی دیوانی" کے ساتھ گفتگو کے حجابات اٹھانیکا شوق مفرط ظاہر ہوتا تھا لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ قدرت کو اس انوکھے جوڑے کے درمیان زبان کا پردہ ہی رکھنا منظور تھا۔ دو تین مہینے کے بعد جب خاں صاحب بیمار پڑے اور ایسے سخت بیمار پڑے کہ پھر تندرست ہی نہ ہو پائے۔ اپنی اس آخری خواہش کو دل میں لیے وہ دنیا سے ہمیشہ کیلئے رخصت ہو گئے۔



# نیچر کیور کلینک

پانی، بھاپ، بجلی، مالش
کے اثرات انسانی جسم پر

# دواؤں سے اپنا پیٹ نہ بھریے

## سہل اور سریع التاثیر بیرونی علاج

**جب** مرض کی صحیح تشخیص دشوار ہوتی ہے تو مریض اطبا کا تختۂ مشق بن جاتا ہے اور مختلف تجویزوں کے مطابق صدہا قسم کی دوائیں محض اس وجہ سے حلق سے اتر جاتی ہیں کہ ان کے اثرات سے صحیح تشخیص ممکن ہوسکے اس کا نتیجہ یہہ ہوتا ہے کہ مریض پر مایوسی غالب آجاتی ہے اور وہ تنگ آکر علاج سے بددل ہوجاتا ہے۔

مگر زمانۂ قدیم کا ایک ایسا طریقۂ علاج بھی ہے کہ جس میں دواؤں کی ضرورت نہیں پڑتی اور مریض آسانی کے ساتھ معمولی بیرونی علاج سے تندرست ہوجاتا ہے اور چونکہ اس طریقہ میں مختلف امراض کے دفعیہ کے لیے معمولی سی تبدیلی کی ضرورت ہوتی ہے اس لئے تشخیص کا سوال اس قدر اہمیت نہیں رکھتا جیسا کہ دوسرے طریقہ ہائے علاج میں۔

پانی اور بھاپ دفعیۂ امراض کیلئے حیرت انگیز طور پر سریع التاثیر ثابت ہوئے ہیں۔ ان کو مختلف امراض میں مختلف طریقوں پر استعمال کرنے سے جو نتائج برآمد ہوئے ہیں وہ نہایت اطمینان بخش ہیں اور اکثر ایسے مریض اس علاج سے شفایاب ہوئے ہیں جو کسی دوسرے طریقہ سے نہ ہوسکے تھے۔ اس علاج کی ایک بڑی خصوصیت یہہ ہے کہ یہہ ایک سہل ترین بیرونی علاج ہے جسمیں کوئی دقت یا تکلیف نہیں ہوتی اور جو کسی حالت میں بھی مضر ثابت نہیں ہوتا۔

میں اس طریقۂ علاج کے متعلق ۲۵ سالہ تجربہ رکھتا ہوں اور میں یقین رکھتا ہوں کہ یہ طریقہ علاج درد گٹھیا، تپ دق، ذیابیطس، جلدی امراض، معدہ کے امراض، دماغی امراض، جگر کے امراض، ناک کان آنکھ کے امراض، قبض دائمی، پیچش، اسہال، درد گردہ، فالج، خون کی خرابی اور دباؤ، سوزاک، آتشک، کمزوری باہ، مثانہ کی خرابی، موٹاپن، لاغری، اور بچوں اور عورتوں کے مخصوص امراض میں خصوصاً اور دیگر عام امراض میں عموماً نہایت مفید اور سریع الاثر ثابت ہوا ہے۔

### ایک تازہ صداقت نامہ

از مسٹر گوپی کشن مرلیدھر خلف اکبر دیوان بہادر رام گوپال لکشمی نارائن آنجہانی

---

میں بمسرت تصدیق کرتا ہوں کہ میرا علاج بجوڑ کے مشہور ڈاکٹر کویراج کیرتی دیو شرما نے پانی اور مٹی کے پلاسٹر سے نہایت کامیابی کے ساتھ کیا۔

مجھے اب اس امر کا یقین ہوگیا ہے کہ جو علاج قدرتی ذرائع سے کیمیائی طریقے پر شرما صاحب جیسے ماہر فن سے کرایا جائے وہ دوسرے کسی طریقے سے زیادہ مفید ہوگا۔ شرما صاحب ایک خدا ترس انسان ہونیکی وجہ سے اپنے مریضوں کی علاج میں خاص توجہ سے کام لیتے ہیں۔ میں انکی کامیابی کیلئے دعاگو ہوں۔

**میں عام مریضوں کو اور خصوصاً ان حضرات کو جو مسلسل علاج سے پریشان ہوچکے ہوں اس طریقۂ علاج کو آزمانیکی دعوت دیتا ہوں**

## (ڈاکٹر) کیرتی دیو شرما

اکسلسیر بلڈنگ۔ شاہراہ عثمانی

# اڈیٹر

(ایک ایکٹ کا ڈرامہ)

از جناب مولوی غلام رسول صاحب حیدرآبادی

## افراد

مادھو تِواری۔ ایڈیٹر، فورمین، کمپوزیٹر۔
رادھے۔ دفتری۔
سُکھوا۔ دفتر کا چپراسی۔
وِیلو ورما۔ رپورٹر۔
ڈیوڈ۔ صدر ڈاک خانہ کا ایک عیسائی اہلکار۔
لالہ کنوّل۔ زمیندار، بنکر اور کئی فرموں کے حصہ دار اور مالک
سیٹھ رتن سکھ لال۔ کاغذ کے مشہور بیوپاری۔
پنڈت منالال۔ سیاہی اور ٹائپ کے تاجر۔
بدرالدین اور مولانا۔ ڈاکئے (دوست ہیں)
واجپئی اور بیکام بھٹناگر۔ ایڈیٹر کے ہم سبق۔
بی بی۔ ایڈیٹر کی بیوی۔
دوست۔ احباب اور گاہک وغیرہ۔
مقام۔ "سنسار چکر" ہندی کے ایک مشہور روزنامہ کا دفتر۔
وقت۔ دن کے پونے بارہ بجے۔

(دفتر میں میلا کمرہ ایڈیٹر صاحب کا ہے۔ کمرے کی دیواروں پر اِدھر اُدھر سرخ اور نیلی سیاہی کے چھینٹے پڑے ہیں اور معلوم ہوتا ہے کہ کئی جگہ چھاپنے کی سیاہی سے بھری ہوئی انگلیاں بھی پونچھی گئی ہیں۔ بائیں جانب کے گوشے میں ایک چھوٹی الماری دیوار کے سہارے رکھی ہوئی ہے جس کا ایک پٹ ندارد ہے اور دوسرے میں لگے ہوئے شیشے کے ٹکڑے ایک دوسرے کے سہارے اٹکے ہوئے ہیں۔ الماری میں کچھ کاغذ، تراشے، کاپیاں، رجسٹر، چند رسالے کچھ فائلیں، اسٹیشنری اور کئی اور چیزیں بے ترتیبی سے پڑی ہوئی ہیں جن پر کافی گرد جمی ہے۔ الماری کے اوپر لکڑی کی ایک گز بھر لمبی رول، ایک دو خالی دوائیں، کچھ کاغذ، دو ایک بیکار ٹکٹ رکھے ہوئے ہیں۔ گرد ان پر بھی اس قدر جمی ہے گویا مہینوں سے جھاڑا ہی نہیں گیا ہے۔ فرش پر کئی طرح کے کاغذ بکھرے پڑے ہیں۔ الماری سے کوئی دو قدم کے فاصلے پر ایک میز پڑی ہوئی ہے جس کے صرف تین پائے ہیں اور چوتھے کی جگہ دو اینٹیں رکھ کر اس پر ایک جلانے کی موٹی لکڑی اٹکائی گئی ہے۔ میز کے آس پاس لوہے اور لکڑی کی تین چار کرسیاں بری بھلی حالت میں پڑی ہوئی ہیں۔ میز پر سرخ اور نیلی سیاہیوں کے دھبوں سے چھپا ہوا ایک میلا اور پھٹا سا گلابی رنگ کا کپڑا بطور میز پوش کے پڑا ہوا ہے اس پر ایک پرانا قلمدان رکھا ہوا ہے جس کی تین دواتوں میں سے صرف ایک دوات میں تھوڑی سی نیلی سیاہی۔ دوسرے میں سرخی سوکھی ہوئی دکھائی دیتی ہے اور دوسری میں کچھ نہیں اور سب دیتیاں) پڑی ہوئی ہیں۔ قریب ہی ایک گوشے میں ٹیلیفون رکھا ہوا ہے ایڈیٹر صاحب آتے ہیں۔)

ایڈیٹر۔ (چاروں طرف دیکھ کر) اب تک کمرہ یا میز بھی صاف نہیں ہوئی (دانت پیس کر) اس سکھوا کو کبھی تمیز نہیں آسکتی۔ روزانہ کہتا ہوں کہ سب سے پہلے میز صاف کیا کر لیکن نہ معلوم کیوں سنتا ہی نہیں۔ اچھا۔ آج بچو کو بتاتا ہوں۔ (پکارتا ہے) سکھوا، او بے سکھوا

(کوئی جواب نہیں ملتا۔ تھوڑی دیر کے بعد فورمین آتا ہے)

فورمین (ہاتھ جوڑ کر) نمسکار سمپادک جی (ایڈیٹر صاحب) سکھوا تو آج آیا نہیں۔

ایڈیٹر۔ (منہ بنا کر) کیوں، کہاں مر گیا؟

(اتنے میں قریب ہی پڑا ہوا ٹیلیفون ٹرن ٹرن کرتا ہے۔ ایڈیٹر رسیور اٹھا کر کان سے لگا لیتا ہے)

ایڈیٹر۔ ہلو۔ کون صاحب بول رہے ہیں؟

آواز۔ (ٹیلیفون پر) میں لالہ کنوّل جی کا منتظم بول رہا ہوں۔ دیکھئے آج پھر آپ کا اخبار نہیں آیا۔ لالہ جی خفا ہو رہے تھے کہ ایسے بے پابند اخبار کو بند کر دو۔

ایڈیٹر۔ صاحب! یہاں سے تو سیکل سوار سب کے پرچے گن کر لے گیا ہے خبر نہیں آپ کے ہاں کیسے نہیں پہنچا۔ میں دریافت کر کے ابھی پرچہ بھجواتا ہوں۔

آواز (ٹیلیفون پر)۔ ہاں ذرا جلدی کیجئے گا۔ لالہ جی باہر جانے والے ہیں

(ایڈیٹر صاحب ٹیلیفون کا رسیور رکھ کر فورمین کی طرف مخاطب ہوتے ہیں)

ایڈیٹر۔ ہاں۔ کیوں نہیں آیا وہ بدمعاش کام چور۔ دیکھو۔ بارہ (دیواری گھڑی کی طرف دیکھ کر تعجب سے) ارے! کسی نے گھڑی میں چابی تک نہیں دی؟ کتنے لاپرواہیں یہ لوگ؟

فورمین۔ یہ تو کل تین بجے ہی بند ہو گئی تھی۔ میں نے جاتے وقت سکھوا سے کہہ دیا تھا کہ دیکھو چابی دے دینا۔ بڑھے کیوں یاد رہنے لگا بھلا؟ ابھی میں ہی چابی دیئے دیتا ہوں۔

(فورمین جانا چاہتا ہے پھر رک جاتا ہے)

ایڈیٹر۔ (غصہ سے) مگر وہ سؤر کا بچہ ابھی تک مرا کیوں نہیں؟

فورمین۔ سنا وہ آج نہیں آئے گا۔ اس کی رشتہ داری میں کہیں موت ہو گئی ہے۔

ایڈیٹر۔ تو اس بیوقوف کو دفتر کے لئے کچھ انتظام تو کر جانا چاہیئے تھا۔ بارہ بج چکے ہیں اور ابھی تک پہلی ڈاک بھی نہیں آئی۔ (کچھ سوچ کر) اچھا دیکھو، رادھے خالی ہو تو اس سے جا کر کہو کہ فوراً ڈاک لائے۔

(فورمین چلا جاتا ہے۔ ٹیلیفون پھر ٹرن ٹرن کرتا ہے)۔

ایڈیٹر۔ ہلو۔ کون صاحب بول رہے ہیں؟

آواز (ٹیلیفون پر)۔ میں ہوں اماوت۔ یار تِواری، تم بھی بڑے سڑیل آدمی ہو۔ آخر میری وہ نظم نہیں چھاپی نا؟ خیر مت چھاپو۔ میرے پاس کسی چپراسی کے ہاتھ واپس بھجوا تو دو۔ سنگل جی کہہ رہے ہیں کہ وہ اسے اپنے اخبار "ریکونش" کے اگلے نمبر میں پہلے صفحہ پر شائع کر دیں گے۔ ابھی یہیں موجود ہیں۔ تمہیں سلام کہتے ہیں۔

ایڈیٹر۔ لیکن واجپئی۔ بھائی تمہاری وہ نظم تو گم ہو گئی۔ کل سارے کاغذ الٹ پلٹ کر ڈالے۔ مگر کہیں ملی ہی نہیں۔ کوئی دوسری ہو.......؟

آواز (ٹیلیفون پر) دھت تمہارا بھلا ہو۔ منہ دھو رکھنا اب دوسری کیلئے شام کو سینما چلنا۔

(رادھے کا داخل ہونا۔ ایڈیٹر ٹیلیفون بند کئے بغیر اس سے کہتا ہے

جا دوڑا کر ڈاک تو لے آ پہلے)

آواز (ٹیلیفون پر) کیا لے آؤں؟ پاگل ہو گئے ہو کیا؟ میں پوچھتا ہوں سینما چلو گے یا نہیں؟

ایڈیٹر۔ ہاں واجی۔ آج پہلے شو میں تو چل نہیں سکوں گا۔ دوسرے میں اگر چاہا تو......

آواز (ٹیلیفون پر) بس رہنے دو میاں۔ رات بھر جگ کر مزا تھوڑے ہی ہے۔

(ٹیلیفون بند کر کے جوں ہی ایڈیٹر صاحب قلم اٹھانا چاہتے ہیں کہ پھر وہ ٹرن ٹرن کرتا ہے)

ایڈیٹر۔ کہو۔ آپ کسے چاہتے ہیں؟

ٹیلیفون پر۔ تو اری جی ہیں کیا؟

ایڈیٹر۔ جی ہاں۔ میں ہی بول رہا ہوں۔ فرمائیے۔

ٹیلیفون پر۔ میں بھٹناگر بول رہا ہوں۔ صاحب آج تو آپ کے اخبار میں غلطیوں کی بھرمار ہو گئی ہے۔ ساوھن کی جگہ صابن اور سانڈ کی جگہ سانپ چھپ گیا ہے۔ اداریے میں تو کئی کئی جملے ہی سمجھ میں نہیں آتے۔ آخر ایسا کیوں ہے؟

ایڈیٹر۔ بھئی۔ کیا کروں میں تو خود پریشان ہوں۔ اکیلا آدمی بھلا کیا کیا کروں؟۔ ادھر پیسے کی دقت، اُدھر آدمی لائق اور معتبر نہیں ملتے۔ چاروں طرف سے آفتیں آ رہی ہیں۔

(ٹیلیفون بند کر کے رکھ دیتا ہے۔ فورمین پھر آتا ہے)

فورمین۔ آج سیاہی بالکل نہیں ہے۔ ایڈیٹر صاحب۔ بس پہلا فرما شاید چھپ جائے۔

ایڈیٹر۔ (تعجب اور فکر سے) اور پرسوں جو سات ڈبے آئے تھے وہ؟ اتنی کہاں خرچ ہو گئی؟۔

فورمین۔ بھلا سیاہی میں کھا تھوڑے ہی گیا۔ کام آپکا جو ہوتا ہے اسی میں آتی ہے۔ کل دونوں ڈاک چھاپیں۔ اور پھر کچی جو جاب والے لے گئے۔ اب آدھا ڈبہ بچا ہوگا۔

ایڈیٹر۔ تو پنڈت منا لال کے ہاں سے منگوا لو چار ڈبے۔ کہنا پیسے شام تک مل جائیں گے

فورمین۔ وہ یوں نہیں مانیں گے۔ پرسوں ہی ان سے پیسوں کے لئے بڑی تکرار ہوئی۔ بولے اُدھار کا کام نہیں۔ پیسے دے جاؤ اور مال لے جاؤ۔ کہتے تھے کہ تمھارے وعدے کبھی پورے نہیں ہوتے۔

ایڈیٹر۔ (کچھ دیر سوچنے کے بعد اپنی بیوی کو ایک چٹھی لکھتا ہے اور فورمین کو دے دیتا ہے) یہ چٹھی بی بی کو دے دینا اور وہ جو روپیے دیں اس سے فوراً پنڈت منا لال کے ہاں سے سیاہی کے چار ڈبے لے کر آنا۔

(چٹھی لے کر فورمین چلا جاتا ہے۔ ایڈیٹر کچھ سوچنے لگتا ہے۔ اتنے میں ایک کمپوزیٹر آتا ہے)

کمپوزیٹر۔ ایڈیٹر صاحب آج پروف ریڈر کوئی نہیں آیا۔ اس لئے پروف سب بغیر دیکھے پڑے ہیں۔ کریکٹر (مصحح) خالی بیٹھے ہیں۔

ایڈیٹر۔ (جھلاتے ہوئے) پروف ہمیں لا دے۔ کریکٹروں سے کہنا کہ پروف دیکھے جانے تک ڈسٹری بیوٹ ہی کریں خالی بیٹھے بیٹھے کیا مکھیاں مارتے ہیں؟

(کمپوزیٹر چلا جاتا ہے۔ ٹیلیفون پھر ٹرن ٹرن کرتا ہے)

آواز (ٹیلیفون پر) ایڈیٹر صاحب ہیں کیا؟

ایڈیٹر۔ (ذرا کانپ کر اور کچھ سوچ کر) جی نہیں وہ ابھی ایک ضروری کام سے باہر چلے گئے ہیں۔ میں ان کا نائب ایڈیٹر بول رہا ہوں۔ کہیئے آپ کو کیا کام ہے؟

آواز (ٹیلیفون پر) میں رام لال ہیرا لال صراف کے ہاں سے بول رہا ہوں۔ آپ واپس آنے پر ان سے ذرا کہیئے گا کہ آج تو ہمیں مروا دیا ہوتا۔ بازار میں چاندی کا بھاؤ تریپن و دس آنے ہے۔ اور آپ کے ہاں چھپا ہے چھپن دس آنے۔ سونے کا بھاؤ بھی غلط چھپا ہے۔

(ایک دم جھنجھلا کر ایڈیٹر صاحب ٹیلیفون بند کر دیتے ہیں۔ رادھے ڈاک لا کر میز پر رکھتا ہے۔ کمپوزیٹر پروف لا کر رکھ جاتا ہے۔ فورمین آتا ہے)

فورمین۔ بی بی تو بڑی خفا ہو رہی ہیں۔ کہتی ہیں کہ کیا میرے پاس روپے کی کان ہے یا روپے جھاڑ سے ٹپکتے ہیں جو وہ روزانہ اسطرح حکم نامے بھیجا کرتے ہیں۔ بولیں۔ کہنا میرے پاس بھاجی ترکاری تک کیلئے پیسے نہیں ہیں۔

ایڈیٹر۔ اچھا ابھی ہم انتظام کرتے ہیں تم ذرا ٹھہرو۔

(پروف اور ڈاک ایک طرف کھسکا کر ایڈیٹر صاحب ڈاک خانہ کو فون کرتے ہیں)

ایڈیٹر۔ ہلو جی، پی، او۔ ذرا ڈپوڈ صاحب کو بلانا۔

آواز۔ (ٹیلیفون پر کچھ دیر کے بعد) ہلو۔ ڈپوڈ اسپیکنگ (میں ڈپوڈ بول رہا ہوں)

ایڈیٹر۔ اچھا ڈپوڈ صاحب۔ گڈ مارننگ۔ کیوں صاحب۔ آج کل کچھ مہربانی ہے کیا غریبوں پر۔ آج ہمارا کوئی منی آرڈر نہیں تھا کیا؟۔

آواز۔ (ٹیلیفون پر) آج؟ آپ کا منی آرڈر شاید ایک تھا۔

ایڈیٹر۔ ڈیڑھ بجے تو آیا لیکن ابھی تک پوسٹ مین کا پتہ نہیں۔

آواز۔ (ٹیلیفون پر) آتا ہوگا۔ آج اُدھر بدر الدین آئے گا۔ کیونکہ ہمارے مولانا صاحب بیمار پڑ گئے ہیں۔

(ٹیلیفون بند کر کے ایڈیٹر صاحب ڈاک دیکھنے لگتے ہیں۔ ڈاک میں کچھ اشاعتی خبریں آئی ہیں۔ کچھ شکائتیں، کچھ "سنسار چکر"، "کے، ٹی، ایل، او" سے واپس شدہ پرچے، کچھ حساب کے تقاضے کی خانگی چٹھیاں، کچھ اشتہارات کی اشاعت بند کرنے کی اطلاعیں اور ایک سترہ روپیے سات آنہ کا پوسٹ ڈیٹڈ چک ہے۔ ۱۵ دن بعد کی تاریخ کا۔)

ایڈیٹر (چک فورمین کو دیتے ہوئے) یہ چک لے جا کر کنول جی سے ہمارا سلام کہنا اور بولنا کہ آج جیسا بھی ہو اسکے روپیے دے دو۔ اگر وہ کہیں کہ بعد میں آنا۔ تو کہنا کہ صاحب سیاہی کے نہ ہونے سے مشین رکی پڑی ہے۔ اتنی مہربانی تو آپ کو آج کرنی ہی ہوگی۔ اور ہاں دیکھو ذرا اچھے سے چھپے ہوئے آج کے پرچے کے دو پرچے بھی لے جاؤ۔ کہنا کہ آج مانگ زیادہ ہونے کی وجہ سے اخبار بچا ہی نہیں۔ اب دوبارہ چھپا ہے تو آپ کے پاس بھیجا گیا ہے۔ دیکھنا خالی ہاتھ نہ لوٹنا۔

(فورمین چلا جاتا ہے۔ کچھ لمحے کے بعد بدر الدین پوسٹ مین داخل ہوتا ہے)

پوسٹ مین (سلام کر کے) کہیے ایڈیٹر صاحب۔ مزاج شریف۔

ایڈیٹر (مصنوعی ہنسی سے) جی عنایت ہے۔ کہیے۔ آپکی تو بہت دنوں بعد ادھر آنا ہوا۔

پوسٹ مین۔ (منی آرڈر کا فارم آگے رکھ کر، روپیوں کی تھیلی کھولتے ہوئے) صاحب۔ ہماری تو نوکری ہی کچھ ایسی ہے جس وقت جہاں جانے کا حکم ہوا وہاں جانا پڑتا ہے۔

ایڈیٹر۔ (دستخط کرتے ہوئے) صرف سات روپیے نو آنے کا ہے؟

پوسٹ مین۔ (سات روپیے اور نو آنے گن کر روبرو رکھتے ہوئے) جی ہاں۔ آج تو خدا کے فضل سے اتنا ہی ہے۔

(سلام کرکے پوسٹ مین چلا جاتا ہے۔ ایک کمپوزیٹر آتا ہے)

کمپوزیٹر۔ کوئی پروف دیکھا گیا ہو تو دے دیجئے۔

ایڈیٹر۔ نہیں ابھی ہم ڈاک دیکھ رہے تھے۔ اب پروف دیکھے دیتے ہیں۔ ڈسٹری بیوٹ ہو چکے کیا سب؟

کمپوزیٹر۔ جی ہاں سب ہو چکے۔

ایڈیٹر۔ اچھا چلو۔ ابھی ہم ایک آدھ گیلی دیکھ کر بھیجے دیتے ہیں۔

(کمپوزیٹر چلا جاتا ہے پھر فون آتا ہے۔)

ایڈیٹر۔ ہلو۔ کون صاحب بول رہے ہیں؟

آواز۔ (ٹیلیفون پر) ذرا ایک خبر نوٹ کر لیجئے گا۔ میں منالال بول رہا ہوں۔ رائے صاحب جوڑل کی برات جس وقت اسٹیشن سے واپس ہو رہی تھی تو ایک موٹر کا انجن پھٹ جانے کی وجہ سے اسمیں آگ لگ گئی لیکن سب آدمی فوراً ہی اتار لئے گئے۔ کوئی زخمی نہیں ہوا۔ جلی ہوئی موٹر کا فوٹو آپ دینا چاہتے ہیں تو ابھی تھوڑی دیر میں بھجوا دوں؟ براتیوں کا گروپ فوٹو بھی ہو چکے گئے........

ایڈیٹر۔ شکریہ۔ آج تو گنجائش بہت کم ہے۔ اس لئے.......

ٹیلیفون پر۔ خیر یہ خبر ضرور شائع ہو جائے۔ رائے صاحب کا خاص تقاضا ہے۔ دیکھئے بھولئے گا نہیں۔ بڑا بھاری نقصان ہوا ہے اور کس قدر بدشگونی کی بات ہے

ایڈیٹر۔ اچھی بات ہے۔

(ٹیلیفون بند کرکے پروف دیکھنے لگتا ہے۔ آدھی گیلی تک دیکھنے نہیں پاتا کہ کمپوزیٹر پھر آتا ہے۔ وہ یونہی سے پڑھی ہوئی آدھی گیلی کاٹ کر اسے دے دیتا ہے اور پھر آگے بڑھنے لگتا ہے۔ اتنے میں فورمین آتا ہے)

فورمین۔ ایڈیٹر صاحب لالہ جی کہیں باہر چلے گئے۔ منتظم صاحب نے کہا اتنی لمبی تاریخ کا چک ہم لالہ جی کی اجازت کے بغیر نہیں دے سکتے۔ پھر ابھی ذرا ہاتھ بھی کچھ تنگ ہے۔

(ایڈیٹر صاحب سات روپیے ۹ آنہ میں سے چار روپیے چھ آنے دیتے ہوئے فورمین سے کہتے ہیں)

ایڈیٹر۔ اچھا یہ لو۔ چودہ چودہ آنے والے پانچ ڈبے لے آؤ۔ (فورمین چلا جاتا ہے ایڈیٹر جوں ہی پروف پڑھنے لگتا ہے سیٹھ نن سکھ لال کاغذی داخل ہوتے ہیں اور روبرو پڑی ہوئی کرسی پر بیٹھتے ہوئے کہتے ہیں)

سیٹھ جی۔ نمسکار سمپادک جی مہاراج۔ آجکل تو آپ نے بڑا تنگ کر رکھا ہے۔ ٹیلیفون کرتے ہیں تو جواب ملتا ہے دفتر میں نہیں اور گھر جائیں تو کہتے ہیں دفتر گئے ہیں۔ بھلا بتلائیے یوں کب تک نبھے گا۔ ہمارے پاس تو سبھا گرنتھ والوں کے تقاضوں پر تقاضے آ رہے ہیں اب بھلا سب حساب بیباق کیجئے ورنہ ایجنسی بند کر دینگے اور آپ لوگ ادھر دن کو تارے دکھلانے پر تلے ہوئے ہیں۔

ایڈیٹر (کھسیانا ہو کر) سیٹھ صاحب آجکل کچھ پوچھیئے مت۔ بڑی آفت میں پھنسا ہوں۔ کل آپ کا حساب لے کر دیکھنے بیٹھا تھا کہ مکان میں اچانک طبیعت خراب ہو گئی دواخانہ جا کر دکھلا لایا اور رات بھر ان ہی کے سرہانے بیٹھا رہا۔

سیٹھ جی۔ (مصنوعی تعجب سے) اچھا؟ ارے اسے کیا شکایت ہے ایسی؟ آپ نے مجھے کیوں نہیں کہلوا دیا؟

ایڈیٹر۔ وہی پرانی بیماری ہسٹریا کے دورے پڑتے ہیں۔ ہاں تو آپ آج دیکھئے صبح سے سر اٹھانے تک کی فرصت نہیں ہے۔ پروف تک مجھے دیکھنے پڑ رہے ہیں اور آج کی آمدنی یہ آپ کے سامنے موجود ہے تین روپیے تین آنے۔

سیٹھ جی۔ (مصنوعی ہنسی ہنسکر) بھلا ایسی بھی کیا بات ہے؟ آپ تو ابھی


دکن
ٹیلرنگ اینڈ کٹنگ کالج
قائم شدہ سنہ ۱۹۳۵ء
(ریاست حیدرآباد میں پہلا اور بالکل نیا اقدام)
مدرسہ مذکور میں سلائی اور کٹنگ کا کام نہایت سلیس اور جدید طریقہ پر بالکل قلیل عرصے میں سکھایا جاتا ہے۔ تعلیم یافتہ بے روزگاروں کے لئے نایاب موقع ہے۔ تعلیم کی مدت ختم ہونے کے بعد لندن کی مشہور و معروف کمپنی "دی ٹیلرس ورکرس ٹرنک لمیٹڈ لندن" سے سند قابلیت حاصل کی جا سکتی ہے۔
علاوہ اس کے
ہمارے پاس ہر قسم کے بالکل جدید فیشن کا رڈی میڈ لباس ہر وقت دستیاب ہو سکتا ہے
تفصیل کے لئے ہمارے شوروم واقع
سلطان بازار بمقابلہ تار آفس حیدرآباد دکن
سے مراسلت فرمایئے یا تشریف لایئے



محمد عبدالعزیز خاں
پبلک کے مسلمہ آرائش بلدہ کے مستند و
ڈیکوریٹرز
عابد روڈ........فون نمبر (۶۲۲)........حیدرآباد
محمد رحیم خاں (صنافرمان) قدیم سرکاری ڈیکوریٹرز
اسٹیشن روڈ حیدرآباد۔ ہر دو ہر دو کارخانوں میں
ہر قسم کے سرکاری و غیر سرکاری کثیر التعداد
اسباب کا ہراج ہوتا ہے
جائدادوں کے نیلام کے خاص ماہر ہیں

ایک زور دار مضمون لکھ دیں تو زناٹھ اٹھے اور اسی وقت روپیوں کا ڈھیر لگ جائے آپ کو کمی کیا ہے ؟۔ آپ کے اخبار کا نام ہی "سنسار چکر" ہے یعنی دنیا کو چکر کھلا دینے والا۔

ایڈیٹر (کبیدہ خاطر ہو کر) یہی تو آپ کا غلط خیال ہے، جو ہم لوگوں کی نسبت آپ کو اس قدر سنگدل بنا دیتا ہے اور مغالطہ میں رکھتا ہے۔ بھلا وہ زمانہ اب ہے کہاں ؟

سیٹھ جی (بات بدل کر) ہاں صاحب تو پھر کب کی رہی ؟ کچھ امید رکھیں یا نہیں ؟

ایڈیٹر۔ نہیں۔ اس مہینے کے آخر تک آپ کا حساب ضرور ہو جائیگا۔ آپ اطمینان رکھئے۔ مجھے خود خیال ہے۔

سیٹھ جی۔ اچھا مہاراج جیسا آپ کا حکم ہو۔ نمسکار۔

(سیٹھ جی چلے جاتے ہیں پھر ٹیلیفون آتا ہے)

ایڈیٹر۔ (رسیور کان سے لگا کر) ہلو۔ کون صاحب بول رہے ہیں۔

آواز (ٹیلیفون پر)۔ ہاں تواری جی۔ میں انڈین نیوز ایجنسی سے بول رہا ہوں۔ دیکھئے۔ یہ تیسرا مہینہ چل رہا ہے اور آپنے ابھی تک جنوری کا بھی بل ادا نہیں کیا ہے

ایڈیٹر۔ صاحب کچھ پوچھیئے مت۔ کئی دفعہ آپ کے روپیے الگ رکھے اور سوچا کہ یا تو میں خود جا کر جمع کرا آؤں یا اپنے کلرک کو بھیج دوں۔ لیکن میں ادھر ادھر کے کاموں میں پھنس گیا اور روپیے اور کاموں میں خرچ ہو گئے۔

ٹیلیفون پر۔ بس صاحب بہت ہو چکی۔ ہمارے ہیڈ آفس سے انسٹرکشن (ہدایت) آئی ہے کہ پندرہ تاریخ تک جن کا بل ادا نہ ہو ان کو سروس دینا بند کر دیا جائے آج گیارہ تو ہو ہی گئی چار دن اور باقی ہیں ؟۔ پھر آپ ہمیں الزام نہ دینا۔

ایڈیٹر۔ نہیں۔ میں اس سے پہلے ہی آپکا بل ادا کر دوں گا

(ٹیلیفون بند کر کے رکھتا ہے ویلو ورما رپورٹر داخل ہوتا ہے۔

رپورٹر۔ نمسکار تواری جی۔ آج جواریوں کی گرفتاری کی خبر دیکھی آپنے ؟ ہم سب اخباروں سے بازی لے گئے۔

ایڈیٹر۔ لیکن حضرت آج صبح ہی کو تواں صاحب کا ٹیلیفون آیا تھا کہ وہ خبر غلط ہے اسکی تردید شائع کیجئے۔

رپورٹر۔ (ذرا کانپ کر) ہو سکتا ہے ؟ میں نے تو اسے ایک ثقہ ہی واقف ذریعہ سے حاصل کیا تھا۔ جھوٹ سچ بھگوان جانے۔

ایڈیٹر۔ ابھی ڈاک ایڈیشن کیلئے کوئی خبر ہے کیا ؟

رپورٹر۔ ابھی تو میں کہیں گیا بھی نہیں۔ سیدھا گھر سے چلا آرہا ہوں۔ آج سیکل میں پنکچر ہو گیا ہے اس لئے تانگے کے واسطے کچھ پیسے دلوائیے۔

ایڈیٹر۔ (روپیوں کی طرف اشارہ کرکے) یہ دیکھو آج کی آمدنی کے یہ تین روپیے تین آنے پڑے ہیں۔ ایک آنہ لے جا سکتے ہو۔ پنکچر جیکو اپنا کچھ اور آنے کی آج امید بھی نہیں ہے۔

رپورٹر۔ بھئی واہ۔ اب دو گھنٹے میں جوتا چٹخاتے گھر جاؤں اور پھر اس چرخے کو گھسیٹ کر بازار میں لاؤں پنکچر جیکو اپنے ؟ میاں تانگے کے پیسے ہی دید و نا۔ آج یوں ہی سہی۔

ایڈیٹر۔ اچھا کیا لوگے بولو ؟۔ تین آنے ؟۔

رپورٹر۔ تین آنے ؟ ایک فسٹ کلاس ڈیلی پیپر (روزنامہ) کا حیف رپورٹر اور تانگے کیلئے تین آنے ؟۔ جناب ایک روپیہ تو دیجئے !

ایڈیٹر (مسکرا کر۔ روپیہ دیتے ہو) اچھی بات ہے باقی پیسے واپس لا دینا۔

(رپورٹر روپیہ جیب میں ڈال کر چلا جاتا ہے۔ ایڈیٹر صاحب کہیں ٹیلیفون کرتے ہیں۔ لیکن جواب نہ ملنے سے ریسور واپس رکھ دیتے ہیں اور پر وقت

زیورات کا شاندار مرکز

اگر ہوشیار کاریگروں کے بنائے ہوئے

بہترین - خوشنما - نازک - عمدہ

اور نئی نئی وضع کے زیورات خریدنا یا تیار کرانا ہوں تو ایکمرتبہ ہمارے کارخانہ میں تشریف لائیے

جہاں

فیشن کے مطابق زیورات انتخاب فرمائیے۔ نفاست اور خوبصورتی کی گار نٹی


استعمال شدہ زیورات بھی بغیر کسی دھوکہ یا نقصان کے فروخت یا تبدیل کئے جا سکتے ہیں

سورج بھان اینڈ کمپنی

چار مینار　فون ۱۰۵

شوروم :- گلزار حوض　حیدرآباد دکن

OPTICIANS;



with OBVIOUS CARE

ACCURATE　PRESCRIPTIONS

SEEECT　FRAMES.OF

TASTEFUL　DESIGNS......

آپٹک ہوس صحیح تشخیص کیجاتی ہے۔ جمالیاتی یا پیشہ ورانہ ذوق کے فریم کا انتخاب کیجئے۔ ایک مرتبہ آزمائش کیجئے۔

ہم آپکی عینکوں کو موزوں فریم لگا دینگے جو قیمت میں بھی آپ کیلئے موزوں ہونگے۔

آپٹک ہاؤس۔ قریب کسلسیر حیدرآباد

STEP IN—　OPTIK HOUSE　SEE US....

NEAR EXCELSIOR　HYDERABAD.(DN.)

A.A

دیکھنے لگتے ہیں۔)

ایڈیٹر۔ (مینشن قدمی کرکے) کتنی غلطیاں ہیں آج۔ ایک ایک سطر میں چار چار اور کہیں کہیں اس سے بھی زیادہ غلطیاں؟ (زور سے آواز دیتا ہے) نورین نورین (ہاتھ میں اسٹک لئے ہوئے ایک کمپوزیٹر آتا ہے۔)

کمپوزیٹر۔ جی کہیئے، نورین صاحب وزارو لا دھلوا رہے ہیں۔

ایڈیٹر۔ اس بیدار و منبر کی گیلی میں اتنی زیادہ غلطیاں کیوں ہیں؟ کس نے کمپوز کی ہے یہ؟

کمپوزیٹر۔ یہ تو اس لڑکے نے کی ہے جسے پرسوں سے آپنے رکھا ہے۔ ابھی نیا ہے اس لئے مشق ذرا کم ہے (جھجک کر آہستہ سے) آپ پیسے وقت پر دیتے نہیں پھر بھلا اچھے کمپوزیٹر رہیں کیسے؟۔

(ایڈیٹر صاحب کچھ سوچنے لگتے ہیں۔ ٹیلیفون ٹرن ٹرن کرتا ہے)۔

ایڈیٹر۔ (ٹیلیفون کا رسیور کان سے لگا کر) کَو؟ -

آواز۔ (ٹیلیفون پر) میں کوتوالی سے ویلو ور ما بول رہا ہوں۔ آج کوئی سمن تو نہیں آیا آپکے نام؟۔

ایڈیٹر (گھبرا کر) نہیں نہیں کیسا سمن؟

آواز۔ (ٹیلیفون پر) وہ بیرسٹر بھوپٹ کر کا نوٹس جو آیا تھا یاد ہے نا آپ کو؟۔ انھوں نے ازالہ حیثیت عرفی کا مقدمہ دائر کر دیا ہے۔ اسی کے سمن آج شاید تعمیل ہونے کیلئے بھیجے گئے ہیں اور آپ نے ایک نئی خبر سنی؟۔

ایڈیٹر۔ نہیں نہیں وہ کیا؟

آواز (ٹیلیفون پر) وہ ہیرالال کاغذی کا جو کیس تھا نا۔ اس میں آج آپکے اوپر پوری رقم کی ڈگری ہو گئی ہے۔ مقدمہ کا خرچ بھی دینا پڑیگا۔ منشی جی بھی ذرا تنے تنے سے تھے۔ کہتے تھے دربھی تمھارے ایڈیٹر صاحب ہمیں چالیس روپیے دینے میں آنا کانی کرتے تھے۔ اب (۴۷۰) روپیے خود دے دینگے!

ایڈیٹر۔ ہاں دیکھیئے ورما جی۔

آواز۔ (ٹیلیفون پر)۔ جی ہاں کہیئے۔

ایڈیٹر۔ مجھے تو فرصت ہے نہیں آپ ذرا ہیرالال جی کے پاس ہوتے آیئےگا۔ معلوم کیجئے گا ذرا ان کا رخ کیا ہے؟۔

(ٹیلیفون بند کرکے رکھ دیتے ہیں۔ بیوی داخل ہوتی ہے)

بی بی۔ (منہ بھلا کر) دنیا میں اور بھی لوگ ایڈیٹری کرتے ہیں یا انوکھے تم ہی ایک ایڈیٹر ہو؟۔ گھر میں نہ کوئلے ہیں نہ گھی یہاں تک کہ سبزی تک کیلئے پیسے نہیں اور تمھارے کان پر جوں تک نہیں رینگتی۔

ایڈیٹر (شرمندہ ہوکر) تمھیں اپنے پیسے کی پڑی ہے اور میری جان معصیبت میں آرہی ہے۔ ہیرالال کی (۴۷۰) روپیے کی ڈگری ہوگئی اور بیرسٹر بھوپٹ کرنے ازالہ حیثیت عرفی کا مقدمہ چلا رکھا ہے۔

بی بی۔ یہ تو ہوگا ہی۔ پہلے الٹا سیدھا لکھہ کیوں دیتے ہو (مسکرا کر) اور میں بھی تو تمھارے خلاف طلاق کی درخواست دینے والی ہوں۔ بھوپٹ کر کو ہی اپنا وکیل کر لوں گی! سمجھے!۔

ایڈیٹر (جھینپ کر)۔ تو بھئی یہ دو روپیے تین آنے لے جاؤ اور میرا پنڈ چھوڑ دو۔ ایک کے کوئلے منگا لینا۔ اور ایک کا گھی۔ باقی پیسوں کی سبزی۔

بی بی۔ (منہ بنا کر) جی ہاں بڑے ہوشیار نکلے۔ کوئلے اور سبزی لانے کیلئے نوکر نہیں ہے کیا؟۔ تین آنے میں تانگہ کرکے ان دو روپیوں میں آج سینما دیکھا جائیگا۔ آج اٹھا دت اور تم نہ گئے تو میں ہی سہی سمجھے۔


صحت اور تندرستی کا راز

ادویات کے استعمال میں نہیں بلکہ اچھی غذا اور صاف ہوا میں مضمر ہے خوش ذائقہ غذا زندگی کو خوشگوار بناتی ہے۔

نظامیہ کے ساختہ کیک، پیسٹری، بسکٹ، ڈبل روٹی، انگریزی مغلئی کھانے، کولڈ ڈرنکس و آئسکریم ماہران فن کے زیر نگرانی تیار کئے جاتے ہیں۔ اس فن میں کافی تجربہ ہونے کے باعث آپ ہماری ساختہ اشیاء میں خاص امتیاز پائیں گے۔

ٹی پارٹی - ایٹ ہوم - ڈنر وغیرہ

کی

سربراہی اعلیٰ پیمانہ پر کیجاتی ہے۔ آٹھ یا زائد افراد کیلئے سربراہی کا انتظام ہمارے ملازمین آپکے قیام گاہ پر مزید اخراجات کے بغیر کریں گے۔

کاروباری مقام پر واقع ہونیکے باعث مسافرین کیلئے سہولت ہے

۸ سے ۱۲ تک فلش سسٹم اور الکٹرک لائٹ سے آراستہ کمرے یومیہ کرایہ پر مل سکتے ہیں مستقل رہائش پر خاص رعایت

المشتہر منیجر نظامیہ ہوٹل و رسٹوران

مصطفےٰ بازار حیدرآباد دکن



کیا آپ جانتے ہیں

(۱) اب ہمارے دانت زندگی بھر کیسے محفوظ رہ سکتے ہیں

(۲) آج ہی سے ارادہ کرلیجئے کہ ہر سال بلا ناغہ کم از کم ایک مرتبہ ماہر دندان ساز سے مشورہ کیا جائے۔

ڈاکٹر بی آر نائک

ڈینٹل سرجن (وینا یونیورسٹی)

۱۱۱۲ گل باغ - نزد اکسلسیر سینما

حیدرآباد دکن

ایڈیٹر۔ (ہاتھ جوڑکر) اچھابابی جاؤ۔ مجھے ابھی بات کرنے کا وقت نہیں ہے۔ وہاں کھانا بھی کھا آنا۔

بی بی (جاتے ہوئے مسکراکر) اور تمھارے لئے لیتی بھی نہ آؤں۔

(بیوی کا جانا اور فورمین کا داخل ہونا)

فورمین۔ ایڈیٹر صاحب آج سنگل لیڈ بالکل نہیں رہے جو کل بچے تھے وہ سارے حساب والے لے گئے۔

ایڈیٹر۔ اب تو کل دیکھا جائیگا آج کچھ نہیں ہوسکتا۔

فورمین۔ پھر رات کو تین پیج (صفحے) کمپوز کیسے ہوگا؟

ایڈیٹر۔ دیکھو اِدھر اُدھر سے ڈھونڈھ ڈھانڈ کر آج تو جیسے بھی کام چلاؤ۔ کل دیکھا جائے گا۔

فورمین۔ تو آج بغیر لیڈ کے ہی چلنے دوں؟

ایڈیٹر۔ نہیں ایسے کب تک ٹائپ چلے گا۔ ٹوٹ نہیں جائے گا؟

فورمین۔ پھر کیا کروں آپ ہی بتایئے۔

ایڈیٹر۔ (جھنجھلاکر) میں ہی سب کچھ بتادوں تو تم کیا کروگے؟ بھئی حساب والوں سے مانگ مونگ کر آج کام نکالو کل انتظام ہوجائیگا۔ ایک دفعہ کہنے سے سمجھتے نہیں؟

(فورمین بڑبڑاتا ہوا چلا جاتا ہے۔ پروف کا ایک ٹکڑا لئے ہوئے ایک کمپوزیٹر کا داخل ہونا۔)

کمپوزیٹر۔ ایڈیٹر صاحب آٹھواں پیج تو ٹھیک اب ہو چکا یہ پون کالم کے لگ بھگ میٹر بچا ہے۔

ایڈیٹر۔ (پروف دیکھ کر اور بگڑ کر) یہ بچا کیوں لیا؟ آٹھویں۔۔۔۔ پیج والا مضمون ادھورا کیسے رہ جاسکتا ہے؟۔ اب یہ کہاں جائے گا؟۔

کمپوزیٹر۔ تو مضمون اسی پیج پر پورا کر دیں۔

ایڈیٹر۔ سو کیسے؟

کمپوزیٹر۔ (پروف دیکھتے ہوئے) اس پیج میں آخری جملہ ہے "سرکار نے ہمارے لئے جو کچھ بھی" "بس" "بھی" کے بعد ختمہ (فل اسٹاپ) لگا دیں۔

ایڈیٹر۔ دُت پاگل۔ یہ تو جملہ ہی ادھورا ہے اس کے آگے ختمہ کیسے لگے گا۔

کمپوزیٹر۔ تو پھر آپ چل کر ٹھیک کروا دیجئے۔ ڈاک میں دیر ہورہی ہے۔

ایڈیٹر۔ اچھا چلو۔

(کمپوزیٹر کے پیچھے پیچھے ایڈیٹر صاحب پریس کی طرف جاتے ہیں)

## پردہ گرتا ہے۔

(ہندی سے ترجمہ)



# اعلان اسٹیشنری

بعض ناعاقبت اندیش حضرات ہمارے قدیم ومعزز گاہکوں کو اپنی دوکان اسٹیشنری کو ہماری دوکان باور کراکے خرید وفروخت کر رہے ہیں چنانچہ اسطرح سے گمراہ کن پروپگنڈا کیا جارہا ہے۔ علاوہ ازیں حال میں ہم نے بلحاظ ترقی یافتہ حالات بلدہ اپنی دوکان میں بھی وسیع اور جدید طریق پر فینانسی سامان اسٹیشنری کے ساتھ آراستہ وپیراستہ کیا ہے جسکی وجہ بعض معزز گاہکوں کو اس قدیم دوکان کی شناخت میں بھی غلط فہمی ہو رہی ہے۔ لہذا ہم اپنے صدہا بلدہ واضلاع کے معزز گاہکوں سے استدعا کرتے ہیں کہ مذکور الصدر اعلان کا بطور خاص لحاظ فرماتے ہوئے حسب سابق سامان اسٹیشنری خرید فرماکر ہماری ہمت افزائی فرماتے رہیں گے۔

## فدا علی محمد علی

جنرل اسٹیشنری مرچنٹ

روبروئے ٹپہ خانہ جوبلی پتھر گٹی — ٹیلیفون ۴۵۵ — حیدرآباد دکن


TOTARAM RAM JUS & BROS
طوطارام رام جس اینڈ برادرس
ہماری دکان کو نفیس اور انتہائی خوشوضع جواہر، ماہرانہ فن کاری اور دیانتدارانہ خدمت کیلئے ذاتی شہرت و امتیاز حاصل ہے۔
ہیرے کی انگوٹھیاں
میناکاری
اور نقروی ٹی سٹ
ہماری خاص چیزیں ہیں
JEWELLERS
HYD. (DN)
حیدرآباد دکن
A.A.

# حیدرآباد میں شاہی کا مرتبہ واقعات اور حقائق کی روشنی میں

از
مولوی عبدالقادر صاحب جیلانی بی۔ اے (عثمانیہ)

جن اغراض و مقاصد کے تحت زمانہ گزشتہ میں انسانی خون کے دریا بہائے گئے اُن کی ناکامی و نامرادی تاریخ عالم کا ایک تعجب خیز باب ہے۔ گزشتہ چند سال سے بعض یورپی دول عمومی اصول کو ناممکن الوقوع بنانے کے لئے ممکنہ جد وجہد کر رہے ہیں اور یہ جد وجہد درحقیقت بغاوت فرانس کے بعد منظم طور پر شروع ہوئی ہے۔ البتہ یہ بات موثق ہے کہ جنگ واٹرلو کی بعد کی صدی عمومیت کی کامیابی کے لئے ایک حد تک موافق ثابت ہوئی۔ سنہ ۱۹۱۴ء کو جنگ عظیم اور اس کے مترتبہ واقعات و حوادث نے عامۃ الناس کو عمومیت (ڈیموکریسی) سے قطعی طور پر بدظن کرادیا۔ اگر جنگ مذکور کے تلخ تجربات سے دول عالم کو دو چار نہ ہونا پڑتا تو پھر اس بات کا امکان تھا کہ دیگر طریقہ ہائے حکومت کے بہ نسبت یہی طریقۂ حکومت اس دور میں زیادہ کارفرما رہتا۔ حساس و دردمند دول نے اس بات کو محسوس کیا کہ عمومی اصول مجموعاً قوم کے لئے مختلف طبقہ داری مفادات کے متحد و منضبط کرائے جانے میں ناکام ثابت ہو رہے ہیں یہ ایک بین حقیقت ہے کہ قوم کا مفاد فی الحقیقت افراد کے مفادات کا مجموعہ ہے جن کی کلی طور پر پابجائی اس عمومی حکومت کے زیر سایہ قطعی طور پر ناممکن ہے۔ ان ہی وجوہ سے کم و بیش ہر ملک نے انیسویں صدی کے حکومتی اصول کے خلاف احتجاج بلند کی جس کی نظیر تھی متذکرہ اصول شہریوں کے کامل حقوق و مطالبات کی تکمیل کے ضامن نہ ہو سکے تھے۔

اس طور پر کوشش یہ جا رہی تھی کہ ایک کامیاب طریقۂ حکومت تلاش کیا جائے جس کے زیر سایہ رعایا امن و خوشحالی کی زندگی بسر کرے اور ساتھ ساتھ اس کے کامل حقوق و مطالبات کی، جو جائز متصور ہوں، پابجائی کی جائے۔ زیادہ دن گزرنے نہ پائے کہ بعض یورپی دول میں آمریت (ڈکٹیٹرشپ) نے جنم لیا جس کا پُرزور ادعا یہی تھا کہ وہ ہر صورت میں اور ہر نوبت پر رعایا کا ساتھ دے سکتی ہے۔ لیکن حقیقت حال تو یہ ہے کہ اس طریقۂ حکومت کے روبعمل لائے جانے میں ٹھوس کام سے زیادہ پروپاگنڈا و تشہیر سے زیادہ کام لیا جاتا ہے۔ آمر (ڈکٹیٹر) کے چند ہوا خواہ و معتمدین حکومت کی پوری مشنری چلاتے ہیں جو انتہائی اقتدارات کی رو میں دیگروں کے جائز مشوروں اور صحیح و مبنی برحقیقت نقطۂ نگاہ کو ٹھکرا دیتے ہیں۔ اگر کسی مخالف فرد یا جماعت نے حکومت کو اس کی مبینہ بدعنوانیوں سے آگاہ کرایا یا بصورت دیگر ان کے خلاف صدائے احتجاج بلند کی تو بس سمجھ لیجئے کہ ان کی زندگی کا پیمانہ لبریز ہوگیا۔ اس کے ثبوت میں صدہا مثالیں فاسسطی و اشتمالی حکومتوں سے بدست ہو سکتی ہیں جو آج آمریت بھیس میں معاندین کے جائز احتجاجات کا پورے طور پر سدباب کر رہی ہیں اور انتہائی ظلم و ستم سے کام لیکر ان کی زبان خاموش کی جاتی ہے۔ اطالیہ۔ جرمنی اور روس اس کی زندہ مثالیں ہیں۔ علاوہ بریں ان آمری حکومتوں کی ہوسناکیاں اس درجہ بڑھ جاتی ہیں کہ انہیں انسانی خون کی ندیاں بہاتے ہوئے ذرا بھی حجاب محسوس نہیں ہوتا جس کا تازہ ثبوت ہسپانوی خانہ جنگی میں ان حکومتوں کی سفاکانہ تعاون آمیزیوں سے بدست ہو سکتا ہے

## شاہی کی کامیابی

اب لے دے کے ایک طریقہ حکومت شاہی (بادشاہت) رہ جاتا ہے۔ اگر تعصب اور جانبداری کو دل و دماغ سے نکال دیا جائے

اور پھر ان تمام طریقہ ہائے حکومت کی خوبیوں و خامیوں پر مجموعی حیثیت سے غور و خوض کیا جائے تو واضح ہو جائے گا کہ نسبتہً شاہی ہی کامیاب طریقہ حکومت ہے جس کے زیر سایہ ہر فرد بشر کو سکون و امن کی زندگی نصیب ہوتی ہے۔ ہمارے سامنے بطور نمونہ برطانیہ کی مثال ہے جہاں شاہی کی کارفرمائیوں نے امن و اماں کو مستحکم کر دیا ہے۔ ہم بچشم خود دیکھتے ہیں یا باوثوق ذریعہ سے سنتے رہتے ہیں کہ آمری حکومتوں کا سا تشدد آمیز شور و غوغا بپا نہیں ہوتا اور نہ ان کی سی ترقی پذیر استعماری ہوسناکیاں یہاں دکھائی دیتی ہیں یونان کو لیجئے جہاں کئی سال سے حال حال تک آمریت کا سایہ جلوہ فگن تھا۔ لیکن حالات حاضرہ سے روشناس حضرات بخوبی جانتے ہیں کہ بالآخر اس کا کیا نتیجہ مترتب ہوا۔ اسی آمری دور نے مخالف و معاند احزاب کی تعداد میں اضافہ کر دیا۔ آئے دن کی مخاصمانہ ہنگامہ آرائیوں اور خود غرضانہ ریشہ دوانیوں نے اس کی اقتصادی جڑوں کو کھوکھلا کر دیا معاشی پستی نے بالآخر رعایا کو ہراساں کر دیا۔ سیاسی مرتبہ زائل ہونے لگا۔ بالآخر رعایا نے یک آواز کے ساتھ شاہی کی بحالی کا مطالبہ کیا اور اب ہم دیکھ رہے ہیں کہ ایک سے زائد سال کا عرصہ ہو جاتا ہے کہ شاہ یونان کے زیر حکومت یہاں کی رعایا نسبتہً امن و امان۔ خوش حالی اور مرفہ الحالی کی زندگی بسر کر رہی ہے۔ اب آسٹریا بھی ترقی پذیر ریشہ دوانیوں اور طمعہ دول کی استعماری ہوسناکیوں سے تنگ آ کر شاہی کی بحالی کے لئے سعی و جدوجہد کر رہا ہے۔

## حیدرآباد میں شاہی کا مرتبہ

خود حیدرآباد کو لیجئے کہ یہاں ہم شاہی کے زیر سایہ کس طرح امن و امان کی زندگی بسر کر رہے ہیں۔ نہ آمری حکومتوں کا سا ہم پر جبر و تشدد ہے اور نہ بالشویزم کی طرح ہمیں سبز باغ دکھا کر ہمارے جائز مشورں اور آرا کو مسترد کیا جاتا ہے۔ ہم خود آئے دن اس بات کو دیکھ رہے ہیں کہ کس طرح ہمیں جائز حد تک تقریر و تحریر و نیز انعقاد مجالس کی آزادی ہے اس باب میں تفصیلات کے اظہار سے قبل اولاً مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ہمارے ہاں کی شاہی کی مخصوص خصوصیات و مختص صفات کو واضح کر دیں۔ ہندوستان کے ایک ممتاز انشاپرداز نے اس باب میں بجا طور پر ارقام فرمایا تھا:—

"ریاست حیدرآباد ان ریاستوں میں ہے کہ جس کے بارے میں نہ تو یہ کہا جا سکتا ہے کہ مسلم نظریہ حکومت کے رنگ کی حکومت ہے اور نہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ اس کے فلسفہ حکومت میں بیشتر اثر انگریزی نظریہ حکومت کا ہے۔ بہ اعتبار تاریخ بھی ہم دیکھتے ہیں کہ ریاست اس وقت عالم وجود میں آئی جب کہ ہندوستان میں مسلم حکومت کا شیرازہ بکھر چکا تھا اور تفوذ و قوت جو اثر اندازی کے لئے بے انتہا ضروری ہے سر سے غائب ہو چکا تھا۔ ساتھ ہی ساتھ انگریز بھی ہندوستان میں ابھی محض ہاتھ پیر مار رہے تھے اور ابھی ایسٹ انڈیا کمپنی نے اپنے فولادی پنجہ کو اس ملک میں مستحکم نہیں کیا تھا۔ یوں کہنا چاہئے کہ ریاست حیدرآباد اور سلطنت برطانیہ نے ایک ساتھ سیاست ہند میں قدم رکھا۔ اس اعتبار سے نہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ اس ریاست کے نظریۂ سیاست میں مسلم نظریہ حکومت نے غلبہ پایا اور نہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ انگریزی تخیل حکومت نے اپنا اثر جمایا۔ اسی کے ساتھ تاجداران ریاست حیدرآباد کی مذہبی رواداری بھی اپنی جگہ پر قابل لحاظ ہے۔ تاریخ شاہد ہے کہ بادشاہوں نے اپنے خود مختارانہ حقوق بڑی جدوجہد۔ انتہائی مشکل اور بیشتر صورتوں میں خون کی ندیوں کے بہنے کے بعد پبلک کو عطا کئے ہیں اور پھر بھی ان کی یہ ہمیشہ کوشش رہی ہے کہ کسی نہ کسی طرح ان اختیارات کو کم کیا جائے اور اگر یہ نہ ہو سکے تو ان کو کسی نہ کسی طرح کار آمد نہ ہونے دیا جائے لیکن یہ خصوصیت صرف ریاست حیدرآباد کے لئے مختص ہے کہ خود تاجدار نے بلا مانگے اپنی طرف سے ہر قسم کے حقوق عطا کئے ہیں اور ان کے اختیارات کو وسیع کرنے اور موثر بنانے کی کوشش خود تاجدار ہی کی طرف سے جاری رہتی ہے۔"

مذکورہ بالا اقتباس سے واضح ہو گیا کہ ہمارے ہاں کی شاہی کن اصول اور مبادی پر قائم و برقرار ہے۔ جہاں ہمارے ہاں بلا امتیاز مذہب و ملت رعایا کے جائز حقوق و مطالبات کی کامل طور پر پابجائی ہوتی ہے وہاں یہ امر بھی قابل فخر ہے کہ ہمارا ملک فرقہ وارانہ مفسدات سے ہر وقت پاک رہتا ہے۔ ہمارے شاہی کی اس نادر خصوصیت یعنی فیاضانہ رواداری و منصفانہ غیر جانبداری کو اسی خطہ کے ایک نامور غیر مسلم ہی کی زبان سے سنئیے:—

"ہم لوگوں کو جیسی مذہبی آزادیاں اور جس قدر مراعات مملکت آصفیہ میں حاصل ہیں روئے زمین پر کسی ملک اور کسی سلطنت میں اس کی نظیر نہیں ہے۔ مسلم آبادی سے قطع نظر ہمارے برادران ہنود اور دوسرے غیر مسلم سوا کروڑ سے کم نہیں ہیں جنہیں ایسی آسائش حاصل ہے کہ ہندوؤں کو ہندو ریاستوں میں۔ سکھوں کو سکھ حکومت میں اور عیسائیوں کو عیسوی سلطنت میں بھی میسر نہ ہونگی ہماری مشکلات پر عملی ہمدردی، ہماری ضروریات پر مالی امداد اور ہماری نگہداشت پر کامل توجہ عہد عثمانیہ میں بالکل اسی طرح ہوتی ہے جیسے ایک شفیق باپ اپنے عزیز ترین فرزندوں کے لئے اپنا وقت صرف کر کے مسرور ہوتا ہے، اپنا مال و زر نثار کر کے قلبی تسکین محسوس کرتا ہے اور اپنا سرمایہ زندگی ان پر وقف کر کے حق ربوبیت سے سبکدوش ہوتا ہے۔

سرکار والا کی فراخدلی کا اس سے زیادہ ثبوت کیا ہو سکتا ہے کہ ہر سال ساٹھ لاکھ روپیہ کی گراں قدر رقم ہم پر معاف کر دی جاتی ہے جس سے زیادہ تر ہمارے برادران ہنود ہی مستفیض ہوتے ہیں کیونکہ

ممالک آصفیہ میں صرف بارہ لاکھ مسلم اور باقی سوا کروڑ ہندو کاشتکار ہیں۔ سلطنت آصفیہ کے ہر موضع اور دیہہ کے دیسکھہ، پانڈیہ، مالی پٹیل، کرتوال پٹیل اور پٹواری عام طور پر ہندو ہی ہوتے ہیں اور مال، فوجداری کے ان ابتدائی ملازمین کی لاکھوں روپیہ ماہانہ سے پرورش کی جاتی ہے۔"

## موجودہ شہریار دکن نے شاہی کے مرتبہ کو بلند کیا

دیگر ریاست ہائے ہند اور ممالک عالم کے بہ نسبت یہاں کی شاہی میں جو یہ قابل فخر خصوصیات و لائق توصیف صفات نمایاں ہو گئے ہیں وہ فی الحقیقت موجودہ شہریار دکن کی انتھک جدوجہد اور پیہم سعی و کاوش کا نتیجہ ہیں۔ یوں تو حضرت اقدس و اعلیٰ لاتعداد خصوصیات فاخرہ کے حامل ہیں لیکن آپ کی جو نمایاں خصوصیت 'شاہی' کے مرتبہ کو حد درجہ ارفع و اعلیٰ کر دیتی ہے وہ آپ کی سادگی پسندی ہے۔ بندگان عالی جیسا کہ ہر کس و ناکس کو علم ہے، انتہائی سادہ زندگی بسر کرتے ہیں اور آپ کا طرز معاشرت ایک متوسط الحال انسان سے بڑھ کر نہیں۔ اسی خصوصیت فاخرہ کو ذرا تفصیل سے نواب بہادر یار جنگ کی زبان سے سنئیے:۔

"کیا وابستگان دولت آصفی کے لئے یہ امر وجہ صد نازش و افتخار اور باعث صد ہزار تشکر و امتنان نہیں ہے کہ خدا نے اس دور انقلابات و فتن میں ان کو ہر ایک مصیبت سے دور ایک ایسے بادشاہ کے زیر سایۂ عاطفت رکھا ہے جو سات پشت سے وارث تخت ہونے کے باوجود انسانیت کاملہ کے جوہر بے مثال سے آراستہ ہے، جس نے شراب دولت کے خم کے خم چڑھائے لیکن ایسا مرد نکلا کہ از خود فراموشی کی ہوا تک اس کو نہ لگی۔ جس نے اطلس و کمخواب کے پھالیوں میں آنکھ کھولی لیکن سادہ اور درویشانہ زندگی کو اپنا شعار بنایا جس نے رعایا کو اپنی اولاد سے زیادہ عزیز رکھا۔ ان کی فکر میں راتیں جاگ کر اور دن بیقرار رہ کر بسر کئے۔ راحت و آرام طلبی جس کے دربار میں معتوب اور عیش و عشرت جس کی بارگاہ میں مردود۔"

متذکرہ بالا اقتباس میں ہمیں اعلیحضرت کی غایت درجہ رعایا نوازی کی بھی جھلک دکھائی دیتی ہے۔ حقیقت حال بھی یہی ہے کہ حضور عالی کو رعایا کے دکھ، درد کا کافی احساس رہتا ہے۔ اس خصوصیت نے آپ کے موقف کو دیگر والیان ریاست ہائے ہند کے بہ نسبت بہت زیادہ بلند و اعلیٰ کر دیا ہے۔ رعایا کے ساتھ گہری ہمدردی اور ان کے دکھ درد کے پاس کا پاس کا ثبوت آپ کے ان فرامین سے ہوتا ہے جو وقتاً فوقتاً اس باب میں صادر ہوتے رہتے ہیں۔ ہم اس موقع پر بخوف طوالت مضمون صرف ایک فرمان خسروی مورخہ ۲۹ شعبان المعظم ۱۳۴۹ھ کا مضمون سند درج کرتے ہیں جو دربارہ منظوری رقم ( ) بطور یادگار دورۂ مبارک باغراض کار ہائے رفاہ عام صادر کیا گیا تھا۔

ارشاد خسروی ہے:۔

"حال میں جبکہ میں نے ممالک محروسہ کا دورہ ختم کیا اس وقت سے خیال کر رہا ہوں کہ جن مقامات پر میرا قیام ہوا وہاں اس واقعہ کی مستقل یادگار قائم کرنے کا سب سے عمدہ طریقہ کیا ہوگا۔ اب کامل غور کے بعد میں نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ جو کوئی کام اس کے متعلق کیا جائے وہ اس بناء پر ہونا چاہئے کہ میری عزیز رعایا کے آرام و آسایش کے ذرایع میں واجبی سہولتیں پیدا کی جائیں۔

پینے کے لئے صاف پانی کا مہیا کیا جانا اور ایسے ہی دوسری مقامی ضرورتیں جن کا مجھے اثناء دورہ ذاتی مشاہدہ کی بناء پر علم ہوا ہے اُن کی تکمیل کے واسطے مستقل انتظام ضروری ہے۔ اس قسم کے کاموں کے لئے میں حکم دیتا ہوں کہ فی الفور پندرہ لاکھ روپیہ حسب تفصیل ذیل مخصوص کئے جائیں۔

(۱) منجانب دیوانی (۵ لاکھ)

(۲) منجانب صرفخاص (ایک لاکھ)

(۳) منجانب لوکلفنڈ (۹ لاکھ)

اور صدر اعظم بمشورہ صدر المہام فینانس فوراً میرے اس حکم کی تعمیل میں ضروری کارروائی شروع کر دیں اور رفاہ عام کے ایسے کاموں کے لئے جو وہ مناسب سمجھیں خاص مقامی ضرورتوں کو پیش نظر رکھ کر رقوم معین کر دیں۔"

## اہل ملک کا فرض

ایسے بادشاہ کے لئے جس نے مفید و سودمند اقدامات اور اپنے فاخرہ خصوصیات و امتیار کی بنا پر اس ریاست ابد مدت میں 'شاہی' کے مرتبہ کو اس درجہ ارفع و اعلیٰ کر دیا ہے۔ ہر غیور و حساس شخص کا، جو اسی دکھنی خاک سے پیدا ہوا، اسی پر زندگی بسر کرتا اور اسی کے زیر سایہ موت کی آغوش میں رہنا اپنے لئے فخر و نازش کا باعث سمجھتا ہے، فرض اولین ہے کہ وہ اپنے بیش قیمت خون کا آخری قطرہ تک بھی بہانے سے دریغ نہ کرے اس لئے کہ بادشاہ کی ذات کے لئے ان انتہائی قربانیوں کے یہ معنی ہیں کہ اہل ملک بالواسطہ اپنی ریاست ابد مدت کی 'شاہی' کی برقراری کے لئے قربانی دے رہے ہیں۔ اس شاہی کی برقراری کے لئے جس کی عظمت و رفعت ہمارے لئے پیام حیات ہے اور جس کی (خدانخواستہ) زوال پذیری ہمارے لئے پیغام موت سے کچھ کم نہیں۔

# ایک رزیڈنٹ کا روزنامچہ

از مولوی سید بادشاہ حسین صاحب

یہ روزنامچہ سر رچرڈ ٹمپل نے ۱۸۶۷ء میں لکھا تھا جب کہ وہ حیدرآباد میں سر جارج یول کے بعد رزیڈنٹ مقرر ہوئے تھے۔ سر رچرڈ ٹمپل حکومت ہند کے وزیر مالیات، لفٹننٹ گورنر آف بنگال، گورنر آف بمبئی کے علاوہ پارلیمنٹ کے ممبر بھی رہ چکے ہیں۔

ذمہ دارانہ عہدوں اور سیاسی اہم کارروائیوں کی وجہ سے جو شہرت کمائی اس کے سوا مصنف و مولف کی حیثیت سے بھی انھیں خاصی اہمیت حاصل ہوئی۔ انکی کتابوں میں "ہندوستان ۱۸۸۰ء میں"، "ہندوستان کے معاصر اہم واقعات اور افراد"، "مشرقی تجربات"، "کا سما پالیٹن مضامین" اور "حیدرآباد، کشمیر، سکم اور نیپال کے روزنامچے" کافی مقبول ہوئے۔ آخر الذکر کتاب کو انکے فرزند رچرڈ کار ناک ٹمپل نے دو جلدوں میں ترتیب دیکر ۱۸۸۷ء میں لندن سے شائع کیا۔ یہ کتاب اب عام طور پر نہیں دستیاب ہوتی اور کمیاب سمجھی جاتی ذیل کا مضمون اسی کتاب کے "روزنامچہ حیدرآباد" سے جستہ جستہ ترجمہ کیا گیا ہے۔ آئندہ اشاعتوں میں ہم اسکے باقی اہم حصے کا ترجمہ مسلسل شائع کریں گے یہ روزنامچہ نہ صرف بے حد دلچسپ ہے بلکہ نہایت اہم بھی۔ اسکے مطالعہ سے ایک طرف تو یہ واضح ہوگا کہ رزیڈنٹ کن کن چیزوں پر نظر رکھتا ہے اور دوسری طرف رزیڈنٹ اور وزیر اعظم کے باہمی تعلقات پر روشنی پڑے گی اس کتاب کی دونوں جلدیں دفتر دیوانی و ملکی و مال وغیرہ سرکار عالی کے کتب خانہ میں محفوظ ہیں اس کتب خانہ میں فارسی نایاب و کمیاب مخطوطات کے علاوہ بعض ایسی انگریزی کتابیں بھی شامل ہیں جو عام طور پر دستیاب نہیں ہوتیں۔

روزنامچہ شروع کرنے سے قبل بہتر معلوم ہوتا ہے کہ مصنف ہی کی زبانی رزیڈنٹ اور فرمانروائے حیدرآباد کے تعلقات کی جو صورت ۱۸۶۷ء میں تھی اس کو بھی مختصراً پیش کردیا جائے تاکہ روزنامچہ میں جو اشارات اس سلسلہ میں ملیں انھیں سمجھنے میں قارئین کو سہولت ہو:—

"...... ایسٹ انڈیا کمپنی کی ابتدائی سیاسی کش مکش کے زمانہ میں نظام کی حیثیت کمپنی کے دوست کی تھی اور انھیں برابری کا درجہ حاصل تھا اور گو کہ رفتہ رفتہ نظام کی آزادی میں کمی ہوتی گئی لیکن پھر بھی بظاہر برابری کا برتاؤ کیا جاتا تھا۔ رزیڈنٹ کے مشورے سے حکومت کرنے کی ذمہداری نظام پر بہت ہی خفیف اور برائے نام تھی لیکن عملی طور پر اس کے امکانات رفتہ رفتہ بڑھائے گئے۔ شروع میں ریاست کے اندرونی معاملات میں رزیڈنٹ کا مشورہ غیر ضروری تھا لیکن نظم و نسق کی زبون حالت اور رعایا کی الجھنوں نے رزیڈنٹ کا دخل ضروری کردیا برطانوی فوج کی دھاک نے دراصل اس ریاست کو ٹکڑے ٹکڑے ہونے سے بچالیا۔ اس طرح گو معاہدات کی رو سے نہیں بلکہ عملی ضروریات کے لحاظ سے رزیڈنٹ کی رائے اور اس کا مشورہ ریاست کے نظم و نسق میں داخل ہوگیا...."

**سہ شنبہ ۹ر اپریل ۱۸۶۷ء** علی الصباح میں نے حیدرآباد کا رخ کیا۔ راستہ میں قابل ذکر افراد سے ملاقات ہوئی بارش کی وجہ سے تالاب بھرے ہوئے کٹورے کی طرح ابل رہے تھے۔ میں نے سنا کہ بارش کی یہ زیادتی مویشیوں کے حق میں بہت زیادہ مفید ہے کیونکہ پچھلے سالوں سے قلت بارش کی وجہ سے چارہ میں کمی ہوگئی تھی۔

میں مغربی سمت سے شہر میں داخل ہورہا تھا اور اسی زاویۂ نگاہ سے شہر کا منظر بڑا دلفریب نظر آرہا تھا۔ میرے بائیں جانب حسین ساگر چھلک رہا تھا اور ترملگری کا اونچا مقام جہاں فوجیوں کی نئی رہائش گاہ ہے صاف نظر آرہا تھا۔

میں رزیڈنسی کو دوپہر میں پہنچا اور کچھ دیر تک سر جی یول سے باتیں کرتا رہا انھوں نے مجھ سے نظام اور ان کے وزیر سالار جنگ کی ناچاقی کے متعلق بعض باتیں کہیں۔ تعلقات ایک عرصہ سے کشیدہ ہوتے آرہے تھے لیکن لشکر جنگ کے معاملہ نے یکدم نازک صورت حال اختیار کرلی۔ لشکر جنگ سالار جنگ کے دشمنوں میں سے ہیں اور ........ ان کے



مولوی سید بادشاہ حسین صاحب

متعلق نظام کا اصرار کرنا آگ پر تیل چھڑکنے کے مترادف ہوگیا لیکن اب معاملات پر قابو حاصل ہوگیا ہے اور لشکر جنگ کا سوال پس پشت ڈال دیا گیا۔ "اگر سالار جنگ کا انتقال ہوجائے" میں نے پوچھا "یا پھر انھیں استعفیٰ دیدینے پر مجبور کر دیا جائے تو کیا ہوگا؟" "نہیں اسکا امکان نہیں ہے" سر جارج نے جواب دیا "کیونکہ اول تو ان کی صحت اچھی ہے اور دوسرے یہ کہ ہمیں سارے امکانات کو مسدود کردینے کی کوشش کرنی چاہئے اگر جسکے سبب انھیں استعفیٰ دینا پڑے اور اگر اسکے باوجود بھی آپ کا اندیشہ صحیح ثابت ہوا تو امیر کبیر کو وزیر اعظم بنانا چاہئے اور ایک یا ایک سے زیادہ نائبین مقرر کئے جانے چاہئیں گو کہ امیر کبیر کی صحت اچھی نہیں ہے اور وہ کام کرنے کے قابل نہیں ہیں لیکن خیرخواہ ہیں۔ قابل اور اچھے کردار کے اصحاب کو انکے نائب مقرر کرنا چاہئے تاکہ انتظامی کاروبار اچھی طرح چل سکے امیر کبیر کے سوا کوئی اور موزوں ہستی اس عہدہ کے لائق نہیں ہے اور اس کے علاوہ ایسا شخص ملنا مشکل ہے جسکو حکومت نظام بھی پسند کرے اور حکومت برطانیہ بھی اچھا سمجھے۔ ان کے بھائی وقار الامراء ہیں تو لائق شخص لیکن ان کا رویہ قابل اعتماد نہیں۔ انھوں نے سالار جنگ کو جگہ سے ہٹانے کی اندرونی طور پر کارروائی کی تھی۔"

میں نے پھر پوچھا کہ اگر نظام کی زندگی کی شمع سوئے اتفاق سے گل ہوجائے تو کیا ہوگا۔ سر جارج یول نے کہا کہ یہی سوال اس سے پیشتر بھی اٹھایا گیا تھا۔ نظام کے پہلے شہزادے سب اللہ کے پیارے ہوئے اور عین اس وقت جب کہ نظام کی کوئی اولاد زندہ نہ رہی تو ان کی طبیعت ناساز ہوگئی۔ ایسے میں حکومت برطانیہ کی ایما سے یہ طے پایا تھا کہ انکے بھائی جانشین ہوسکے۔ لیکن یہ تصفیہ بالکل ہی راز میں رکھا گیا تاکہ بغض و حسد کی آگ کہیں بھڑک نہ جائے۔ کچھ ہی عرصہ بعد نظام کے ایک لڑکا ہوا جو ابھی بچہ ہی ہے اور اگر اب نظام کو کچھ ہوجائے تو لڑکے کی تعلیم و تربیت امیر کبیر کے ذمہ کیجائے اور سالار جنگ بحیثیت

وزیر رہیں۔

سر جارج یول نے سلسلہ کلام جاری رکھتے ہوئے کہا کہ تخت سلطنت کو کبھی خالی نہ رکھنا چاہئیے کیونکہ ایسے وقت میں فتنہ و فساد اکثر و بیشتر برپا ہوتے ہیں اور اگر ایسا کوئی موقع درپیش ہو جائے تو بڑی احتیاط کی ضرورت ہے اور مجھے اپنے فوری تصفیہ کے لئے ہمیشہ تیار رہنا چاہئیے۔

"نظام" انھوں نے کہا "بہت وہمی ہیں اور ہمیشہ فقراء کے مجمع میں گھرے رہتے ہیں اور اس وقت بھی ایک فقیر ان کی بارگاہ میں مقرب ہو چلا ہے۔ یہ غالباً مدراس سے وارد ہوا ہے" لیکن ان کی رائے یہ تھی کہ رزیڈنٹ کو عام باتوں میں نظام کو مشورہ دینے کے لئے جلدبازی سے کام نہیں لینا چاہئیے بلکہ موزوں وقت اور موقع کا انتظار کرنا چاہئیے انھوں نے یہ بھی کہا کہ نظام ہم سے عام طور پر قومیت کی وجہ سے کتنے ہی خائف ہوں لیکن شخصی طور پر وہ ہمارے مخالف نہیں بلکہ وہ ہمیں شخصی طور پر بے ضرر اور راست باز سمجھتے ہیں۔ جس چیز سے انھیں خطرہ ہے وہ ہماری گورنمنٹ اور اس کی پالیسی ہے۔ اسی لئے وہ ہمارے دورہ کی مخالفت نہیں کرتے اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اضلاع میں ہماری جاسوسی سے بھی نہیں ڈرتے "ابھی پچھلے دنوں کا ذکر ہے" سر جارج نے کہا "کہ سپرنٹنڈنگ سرجن (ڈاکٹر بالفور) کو بغیر کسی قسم کے اندیشہ کے اجازت دیدی گئی کہ وہ شہر حیدرآباد کی نالیوں موریوں اور اس قسم کی چیزوں کا معائنہ کرلے۔ ڈاکٹر کی اس حرکت کو ایک طفلانہ یا معصومانہ دلچسپی خیال کیا گیا"۔

میں نے سر جارج سے یہ بھی دریافت کیا کہ کیا نظام کے دربار میں ہمیں جوتے اتار کر جانا پڑتا ہے؟ اس کے جواب میں انھوں نے بتایا کہ یہ درباری رسم بہت پرانی ہے اور کسی ایک رزیڈنٹ کی شخصی مخالفت سے توڑی نہیں جاسکتی جب تک کہ حکومت ہند اس میں غیر معمولی دلچسپی نہ لے مگر حکومت اس معاملہ میں کسی قسم کا دخل ناپسند کرتی ہے۔

**چہارشنبہ ۱۰ اپریل** سویرے ہی ایک وفد نظام کی جانب سے ملاقی ہوا۔ اس میں دو ملکی معتمدین شامل تھے اس وفد نے میرے یہاں آنے پر مبارک باد دی اور یہ بھی توقع ظاہر کی کہ دونوں حکومتوں میں دائمی تعلقات قائم رہیں گے۔

میں نے چادر گھاٹ کے گرجا کی افتتاح میں شرکت کی اور اس کے بعد میں دوپہر کا کھانا رزیڈنسی میں سالار جنگ کے ساتھ کھایا۔ انھوں نے سنہ ۱۸۶۱ء کی ملاقات کا ذکر کیا جبکہ میں مالیاتی تحقیقات کے سلسلہ میں حیدرآباد آیا تھا۔ اس کے بعد انھوں نے اشارتاً نظام سے اپنے تعلقات کے پہلی دفعہ کشیدہ ہونے کا ذکر کیا۔ میں ان کے بھانجے مکرم الدولہ سے بھی ملا یہ کافی تعلیم یافتہ تو ہیں لیکن دماغی صلاحیتیں بہت معمولی ہیں اور کسی قدر فربہ اندام ہیں۔

شام میں میں نے سر جارج یول سے نظام کے حقوق برار کے متعلق گفتگو کی۔ وہ میرے اس خیال کے موید تھے کہ نظم و نسق برار کے مصارف سے کچھ نہ کچھ رقم بچا کر نظام کو دیجانی چاہئیے اور انھیں اس بات سے بڑی خوشی ہوئی کہ میں اس معاملہ میں اس قسم کا خیال رکھتا ہوں۔ میں نے کہا کہ اس قسم کی بحث سے نظام کو اس بات پر آمادہ کرنا چاہئیے کہ وہ دکن کی ترقیات عامہ کے کام انجام دیں مثلاً آب پاشی وغیرہ اور اس کے جواب میں انھوں نے کہا کہ اگر ایسا ہو سکے تو کیا کہنے

سر جارج نے اس خط کا بھی ذکر کیا جو سالار جنگ نے برار کی واپسی کے متعلق حکومت ہند کو لکھا تھا اور یہ اندیشہ ظاہر کیا کہ اس تجویز کی تحریک میں کسی یوروپین کے غلط مشورہ کو دخل ہے۔

کسی دوسرے موقع پر میں نے پوچھا کہ مسٹر کاف (سابق رزیڈنٹ) کے بلند کردار کو حیدرآباد میں کس طرح پسند کیا گیا اور ان کے کام کو رزیڈنٹ کی حیثیت سے کس نظر سے دیکھا گیا۔ سر جارج نے جواب دیا کہ "مغلائی" اصحاب کو کبھی گوارا نہ تھا کہ انگریز عہدہ دار ان کے کاروبار پر نظر رکھنے کے لئے مقرر کئے جائیں لیکن دوسرے معاملات میں خصوصاً حکومت نظام کو قرضخواہوں سے نجات دلانے اور مالیاتی تنظیم کو روبہ عمل لانے کے سلسلے میں انھیں کافی طور پر پسند کیا گیا۔

**پنجشنبہ ۱۱ اپریل** میں نے سر جارج یول سے کہا کہ برار کے متعلق جو کچھ میں نے کل کہا تھا وہ کوئی نئی بات نہ تھی کیونکہ برار کے نظم و نسق سے کچھ رقم بچا کر نظام کو دینے کی تجویز کرنل ڈیوڈسن اور میں نے سنہ ۱۸۶۱ء میں مشترکہ رپورٹ میں پیش کی تھی۔ اس کے بعد میں نے رپورٹ سے وہ حصہ پڑھکر سنایا جہاں اس کا ذکر تھا اور انھوں نے اپنی پسندیدگی کا اظہار کیا۔

سر جارج یول نے سالار جنگ کے اس بہترین برتاؤ کا ذکر کیا جس کی وجہ سے اندرون ملک محصول راہداری کو موقوف کردیا گیا۔ نہیں معلوم کس طرح نظام نے سالار جنگ کی اس تجویز سے اتفاق کرلیا اور ایک دربار عام میں انھوں نے اعلان کیا کہ اس قسم کے محصول کا موقوف کرنا ہی مناسب تھا۔ نظام نے اس اعلان کے بعد سے بعض مقامی عہدہ داروں اور درباریوں میں اس سے متعلق جو چہ میگوئیاں ہورہی تھیں یکلخت بند ہوگئیں۔

شام میں سر جارج نے ذکر کیا کہ کس طرح گذشتہ سال قحط کی وجہ سے مشکلات پیش آئے۔ ہمسایہ ممالک میں اناج کی قلت نہ تھی لیکن حیدرآباد میں قحط کے آثار تھے اور یہ محض اس وجہ سے تھا کہ اجناس کی درآمد کے ذرائع آسان تھے اور ان کا برمحل اور برموقع درآمد کیا جانا مشکل ہورہا تھا۔ اسلئے حکومت حیدرآباد کے سارے عہدہ دار بشمول وزیراعظم اور نمائندہ برطانیہ (رزیڈنٹ) کے سب اس بات کے حامی تھے کہ اجناس کے نرخ کا تعین کیا جائے۔ سر جارج نے اپنا ذاتی خیال یہ بیان کیا کہ اس قسم کے معاملات میں اسوقت تک ہم کو سختی نہ کرنی چاہئیے جب تک کہ قحط کے امکانات بالکل ہی قریب نہ ہوجائیں لیکن اس کے ساتھ ہی ساتھ اجناس کی قلت کا خیال ہر وقت رکھنا ضروری ہے۔

**جمعہ ۱۲ اپریل** میں نے دن کا ایک حصہ برار کے ان معاملات کے مطالعہ میں صرف کیا جن میں نظم و نسق سے متعلق تفصیلات درج تھے۔

سر جارج یول نے کہا کہ اگر سوئے اتفاق سے ایسے واقعات پیش آئیں کہ سالار جنگ کو خدمت وزارت سے علحدہ ہونا پڑے اور امیر کبیر کو ان کی جگہ دیجائے تو یہ نہایت ضروری ہے کہ امیر کبیر کے ایک سے زیادہ نائب مقرر کئے جائیں مثلاً عدالت کے کاروبار کے لئے ایک نائب مال کے لئے ایک اور اسی طرح دوسرے محکمہ جات کیلئے ایک ایک

## قطعہ تاریخ سالگرہ مبارک

از قاضی عبدالصمد صاحب صارم سیوہاروی

ولادت شہ عثمان کا ہے جو روز سعید
رجب کی پہلی ہے دنیا کے واسطے اک عید
دعا میں نکلی ہے تاریخ جشن اے صارم
ہو روح و نعمت و اعزاز و ملک و عمر مزید

سنہ ۱۳۵۶ھ

برار کے معاملات کا ذکر کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ نظام جو برار کے انتظامی معاملات صوبہ متوسط کے کمشنر کے تحت کرنے پر راضی نہیں ہوتے ہیں اس کا سبب دراصل یہ ہے کہ برار کے مسلمان یہ پسند نہیں کرتے کہ ان کا انصاف ناگپور کی عدالتوں اور محکموں میں ہو کیونکہ ناگپور مرہٹہ حکومت کا مرکز رہ چکا ہے اور دکھنی مسلمان اور مرہٹوں کے درمیان جو مخالفتیں رہی ہیں وہ ظاہر ہیں۔

شام میں مسٹر پامر سے ملاقات ہوئی۔ انھوں نے مٹکاف کا اچھے الفاظ میں ذکر کیا کہ آج کل انگریزوں کا رویہ ہندوستان میں بہت کچھ بدل چکا ہے۔ جب میں شروع شروع حیدرآباد آئے تو انگریزوں کا ایسا برتاؤ نہ تھا انھوں نے عوام کا خیال بھی ظاہر کیا کہ آج کل انگریزوں کا سلوک ہندوستانیوں کے ساتھ بہ نسبت پہلے کے بہتر ہو چلا ہے۔

سرجارج پول نے کہا کہ سالار جنگ نے برار کی واپسی کے متعلق جو خط حکومت ہند کو لکھا تھا اس کا سبب منجملہ اور اسباب کے ایک یہ بھی تھا کہ "مغلائی پارٹی" نے یہ کہکر سالار جنگ کا ناک میں دم کر دیا تھا کہ ان کے چچا سراج الملک نے برار حوالہ کیا اور ان کے بھتیجے کو چاہئے کہ وہ واپسی کی کارروائی کرے۔

انھوں نے یہ بھی کہا تھا کہ مقامی تجار بلکہ مسلمان امراء بھی اس کے خواہشمند تھے کہ گلبرگہ سے حیدرآباد تک ریلوے لائن ڈالی جائے لیکن نظام کبھی راضی نہ ہوتے تھے کیونکہ لوگوں نے یہ اندیشہ ظاہر کیا تھا کہ اس کی بدولت انگریز ریاست سے بہت قریب ہوتے جائیں گے۔

**شنبہ ۱۳ راپریل** سویرے ہی سرجارج پول وزیر اعظم کو خدا حافظ کہنے گئے۔ واپسی کے بعد انھوں نے بیان کیا کہ سالار جنگ کو میری پالسی کی فکر تھی لیکن جب انھوں نے میری پالسی کی جملہ تفصیلات سے انھیں آگاہ کیا تو وہ مطمئن ہوگئے اور اظہار خوشنودی کیا۔

دوپہر میں میں نے رزیڈنسی کا جائزہ لیا اور اس تنازعہ کے کاغذات دیکھے جس کا ذکر اوپر کیا جا چکا ہے ان کے دیکھنے کے بعد میری رائے یہ قائم ہوئی کہ امیر کبیر نے بہت ہی شریفانہ سلوک کیا۔ میں نے یہ چیزیں سرجارج کو دکھائیں اور کہا کہ اگر موقع ہو تو امیر کبیر یقیناً وزارت کا عہدہ سنبھال سکتے ہیں۔ لیکن یہ واقعہ ہے کہ امیر کبیر کی جسمانی صحت اور دماغی صلاحیت کمزور ہو چکی ہے۔

سرجارج پول نے کہا کہ اکثر دفعہ جو ڈگریاں عدالت سے جاری ہوتی ہیں ان کی تعمیل میں بڑی دقت پیش آتی ہے اور وزیر اعظم کو بھی مشکلات سے دوچار ہونا پڑتا ہے اس لئے مجھے چاہئے کہ وزیر اعظم کی پرزور تائید کروں اور انھوں نے یہ بھی اندیشہ ظاہر کیا کہ عدالتیں ایسی اچھی حالت میں نہیں ہیں جیسی کہ انھیں ہونا چاہئے تھا۔

انھوں نے یہ بھی کہا کہ ان کی آخری ملاقات میں جب کہ وہ سالار جنگ کو خدا حافظ کہنے گئے تھے وزیر اعظم نے ان سے کہا کہ وکیلوں نے انھیں خبر دی ہے کہ رات میں نظام نے چار خواب دیکھے۔ وزیر اعظم نے جو کچھ ان وکلاء کے بیان سے اندازہ لگایا وہ یہ تھا کہ یہ خواب سب کے سب انگریزوں سے متعلق تھے اور یہ سب کچھ ایک اشارہ تھا ان بیانات کا جو فقراء نے نظام کے وقتاً فوقتاً گوش گذار کئے تھے اور جس کے سبب وہ وہمی ہوگئے تھے۔

انھوں نے مجھے یہ بھی تنبیہ کی کہ نظام کبھی اچھی طرز حکومت سے متاثر نہیں ہوتے اور اس کی ضرورتوں کا انھیں قطعی احساس نہیں ہے۔ وہ عہدہ داروں کی برائیوں اور بری نیتوں سے بھی کم متاثر ہوتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ ان کے منظور نظر ہمیشہ برسر اقتدار رہیں۔

**یکشنبہ ۱۴ راپریل** سویرے ہی مجھے حکومت ہند کا مراسلہ ملا جس میں نظام اور سالار جنگ کے تنازعہ کا ذکر تھا اور سرجارج پول کی اس بارے میں کارروائیوں کی بڑی ستائش کی گئی تھی۔ اس کے علاوہ ایک خریطہ بھی نظام کے نام تھا جس میں درج تھا کہ وہ اپنے قابل اور لائق وزیر سے صلح کر لیں میں نے یہ خریطہ فوراً ہی پول کو دکھایا اور ان سے مشورہ کیا کہ اس کو کس طرح پیش کرنا چاہئے۔ آپس کی گفتگو میں یہ طے ہوا کہ اس کے پہنچانے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ وزیر اعظم کا توسط اختیار نہ کیا جائے بلکہ راست نظام کے ملاحظہ میں پیش کیا جائے اور یہ بھی انھیں معلوم کرایا جائے کہ وزیر اعظم کو ابھی تک اس کی خبر نہیں ہے۔ اس طریقہ سے ممکن ہے کہ نظام یہ گمان نہ کر سکیں کہ سالار جنگ نے خود حکومت ہند سے یہ خریطہ منگوایا ہے ورنہ وہ سالار جنگ پر برس پڑیں گے اور ممکن ہے کہ پچھلی کشیدگی پھر عود کر آئے۔

دوپہر میں میں نے سرجارج سے کہا کہ کیا میں نظام سے کہوں کہ شہر میں صفائی کے انتظامات بہتر کئے جائیں؟ کہیں میرے اس طرح کہنے سے نظام برہم تو نہیں ہوں گے؟ انھوں نے جواب دیا کہ اس قسم کا مشورہ انھوں نے خود کبھی نہیں دیا اور اس کی وجہ یہ تھی کہ ان کے پیش نظر اس سے زیادہ اہم کام تھے اور وہ اسی میں لگے رہے اگر موقع ملتا تو وہ ضرور اس بارے میں بھی گفتگو کرتے اور یہ کہ مجھے موقع سے ضرور فائدہ اٹھانا چاہئے کم از کم ان شہریوں کی خاطر جن کی صحت غلاظت اور عدم صفائی کی وجہ سے معرض خطر میں ہے۔

**شنبہ ۲۰ راپریل** آج صبح نو بجے وزیر اعظم اور ان کے بھانجے مکرم الدولہ اور ریاست کے پیشکار راجہ نریندر میرے ہاں ملاقات کے لئے آئے اور انھوں نے کہا کہ جب کوئی نیا رزیڈنٹ آتا ہے تو اس قسم کی رسمی ملاقات ہوتی ہے۔

ساڑھے دس بجے میں دربار میں جانے کے لئے تیار ہونے لگا کیونکہ مجھے گیارہ بجے دربار میں شریک رہنے کی اطلاع دی گئی تھی۔ میرے ساتھ ملٹری سکرٹری، آفیسر کمانڈنگ، رزیڈنسی سرجن وغیرہ تھے۔ ہم وزیر اعظم کے گھر پہنچے۔ وہاں سے ہاتھیوں پر سوار ہو کر ڈیوڑھی کی طرف چلے۔ ہم شہر کے مشہور راستے سے گذر رہے تھے چار مینار کے قریب لوگوں کا ہجوم تھا عام طور پر لوگوں کا طریقہ دوستانہ نظر آرہا تھا۔ تعصب یا کسی قسم کی مذہبی منافرت کا بظاہر اعلان نہ ہوتا تھا اور عوام دور ہی سے ہمارا تماشا کر رہے تھے۔ ہمارے راستہ میں کسی قسم کی مزاحمت نہیں ہوئی بعض دفعہ تو لوگ ہمیں سلام بھی کرتے تھے لیکن یہ بہت کم ہوتا تھا۔ تاہم ان کا عام برتاؤ دوستانہ اور عزت آمیز تھا اور بہت کچھ ایسا ہی تھا جیسا کہ برطانوی ہند میں عوام کا برتاؤ ہوتا ہے۔ میں نے دیکھا کہ شہر کی موریاں اور نالیاں نہایت ہی غلیظ تھیں۔

ہم ڈیوڑھی پر گیارہ بجے پہنچے۔ دہلیز پر مجھے وزیر اعظم ملے اور ان کے چہرے سے خوشحالی کے آثار جھلک رہے تھے وہ لوگ جو رات دن ان کے سامنے رہتے ہیں کہہ رہے تھے کہ سالار جنگ کچھ غیر معمولی طور پر ہشاش بشاش ہیں۔ اس کے بعد سکرٹری سے ملاقات ہوئی جو پہلی مرتبہ مجھ سے ملاقات کرنے رزیڈنسی آیا تھا اس کے بعد امیر کبیر بھی ملے۔

دربار کی دہلیز پر پہنچکر میں نے جوتے اتار دئے۔ یہ کام بہت جلد ختم ہوگیا اور میں فوراً ہی آگے بڑھنے لگا۔ نظام بھی مقابل سے آگے آئے اور مجھ سے بغلگیر ہوئے اور پھر وہ سفید فرش پر بیٹھ گئے اور میں ان کے بائیں جانب فرش پر بیٹھ گیا۔ دوسرے برطانوی عہدہ دار سب میرے ساتھ ایک قطار میں بیٹھ گئے۔ مقامی عہدہ دار نظام کے دائیں جانب حلقہ کی شکل میں ادب سے بیٹھ گئے۔ میں نے نظام کو ۱۸۶۱ء میں بھی دیکھا تھا لیکن آج وہ نسبتاً زیادہ موٹے نظر آرہے تھے لیکن پہلے موقع کی بہ نسبت زیادہ بحال دکھائی دے رہے تھے۔ انھوں نے گورنر جنرل کے متعلق چند استفسارات کئے اور یہ سب کے سب رسمی تھے اسکے بعد انھوں نے عطر اور پان طلب کیا۔ عطر اور پان لینے کے بعد رخصت ہوتا

ضروری تھا اسلئے میں برخاست کیلئے اٹھا اور چند قدم پیچھے پیچھے ہٹ کر نظام کی طرف بیٹھ کئے بغیر چل کر سلام کیا۔ اس کا جواب انھوں نے بیٹھے بیٹھے دیا۔

**یکشنبہ ۲۱ اپریل** شام میں کرنل لوگس نے مجھ سے ملاقات کی اور رات کا کھانا انھوں نے میرے ساتھ کھایا۔ انھوں نے کہا کہ جہاں ایک طرف میرا کام وزیر کی حمایت کرنا ہے وہاں دوسری طرف نظام سے بھی راست تعلقات پیدا کرنے کے لئے اصرار کر ضروری ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ وزیر اعظم اکثر دفعہ اس کی کوشش کرتے ہیں کہ رزیڈنٹ کے کوئی تعلقات راست نظام سے قائم نہ ہونے پائیں اس لئے ان کی باریابی کے امکانات کو گھٹاتے رہتے ہیں۔ جب سالار جنگ نے حکومت ہند کو برار کی واپسی کے متعلق لکھا تھا تو رزیڈنٹ کو چاہیئے تھا کہ وہ اس بارے میں نظام سے ملنے پر اصرار کرتے اور اس طرح دھمکی دینے کا اثر یہ ہوتا کہ سالار جنگ برار کی بازگشت کا مطالبہ ہی نہ کرتے۔ انھوں نے اپنا اندیشہ ظاہر کیا کہ ہو نہ ہو اس تحریک میں کسی یورپین مشیر کا درپردہ ہاتھ ہو۔

**پنجشنبہ ۲۵ اپریل** گیارہ بجے خریطہ پیش کرنے کے لئے دربار میں جانا تھا۔ آج بھی اسی طرح روانہ ہوگئے جس طرح ۲۰ اپریل کو گئے تھے اور راستہ میں عوام کی وہی حالت تھی۔

ہمارے بیٹھنے کے تھوڑی دیر بعد کرنل اسٹبس جو میرا اول مددگار تھا اٹھا اور کھڑے ہوکر خریطہ مجھے پیش کیا۔ میں اسے لیکر نظام کے سامنے گیا اور کہا کہ مجھے حکم ملا تھا کہ میں اس کو راست پیش کروں۔ جب تک میں یہ کہتا رہا وہ میری صورت غور سے دیکھتے رہے۔ خریطہ لیکر انھوں نے چیف سکرٹری (میر منشی) کو دیا۔ وہ کھولکر بہ آواز بلند پڑھنے لگا۔ یہ ختم ہوتے ہی نظام نے "پان سپاری" طلب کی۔ میں "پان سپاری" لینے کے بعد کہنے لگا کہ مجھے یہاں آکر بڑی خوشی ہوئی۔ اس کے جواب میں انھوں نے کہا کہ میری آمد سے دونوں حکومتوں کے درمیان رشتۂ محبت استوار ہونے کا امکان ہے۔ اس کے بعد میں نے مبارکباد دی کہ حکومت کا انتظام نہایت عمدہ ہے اس کے جواب میں انھوں نے کہا "یہ پہلے بھی عمدہ تھا اور اب بھی عمدہ ہے۔ اور دونوں حکومتوں کے درمیان دوستی ہے۔" حکومتوں کی دوستی کے علاوہ انھوں نے بیان کیا کہ ان میں اور گورنر جنرل میں شخصی تعلقات ہیں۔ اس کے بعد میں اٹھا اور چند قدم پیچھے چلکر پیشانی پر ہاتھ رکھکر سلام کیا اور انھوں نے پہلے کی طرح بیٹھے بیٹھے جواب سلام دیا۔

اس کے بعد میں وزیر اعظم کے گھر آیا اور نوکر نے یہاں مجھے ملاقاتی کمرے میں بٹھایا۔ یہ کمرہ نہایت وسیع اور عمدہ ہے۔ یہاں فرنیچر اور اس کا طریقۂ ترتیب بالکل ہی انگریزی وضع کا ہے۔

جب میں کمرے کا معائنہ کر رہا تھا وزیر اعظم بھی دربار سے واپس ہوئے اور انھوں نے کہا کہ میں نے نظام کا وہ جملہ سنا ہے جس میں انھوں نے کہا تھا کہ یہاں کا نظم و نسق پہلے بھی عمدہ تھا اور اب بھی عمدہ ہے۔

---








دار الطباعت واقع شنکر باغ میں طبع ہوکر دفتر اخبار رہبر دکن سے شایع ہوا


# جدید طرز کی کثیر تعداد میں گھڑیالیں

## بہت کم قیمت پر فروخت کی جارہی ہیں

آپ بھی اپنی پسند کی گھڑی خرید فرمائیے۔




سٹیتھامس
عمر بھر کی گیارنٹی
قیمت ۹۵ ؁





۸ انچ گول قیمت ۲۰ ؁
۱۰ " " " ۲۲ ؁
۱۲ " " " ۲۵ ؁

۴/۴ وسٹمنسٹر چایم
۳۰ ۳/۴ × ۱۳
۸ انچ نقرئی ڈائل
قیمت ما عہ

بم بام
آواز
۳۰ ۳/۴ × ۱۳
۸ انچ نقرئی ڈائل
قیمت ۶۰ ؁

وسٹمنسٹر وٹنگٹن چایم
قیمت مارے




# جلال اینڈ سنس

عابد روڈ
حیدرآباد دکن

# یونان کی فکری حریت

از جناب حکیم سید احمد علی رضا صاحب جعفری

سقراط بن سفرونقس تقریباً پانچ سو سال قبل مسیح یونان کے پایہ تخت شہر آتھینیہ "ایتھنز" میں پیدا ہوا۔ اس کا حلیہ عجیب و غریب تھا۔ قد چھوٹا، جسم موٹا، آنکھیں بڑی بڑی اور ازرق۔ ہڈیاں چوڑی اور مضبوط، ناک چپٹی، نتھنے چوڑے، ہونٹ موٹے اور بدنما۔ اپنے ہم عصروں میں نہایت کریہہ المنظر۔ صورت سے احمق لیکن جواب دینے میں بلا کا تیز تھا۔ اس سے کچھ پوچھا جاتا تو تھوڑی دیر سر جھکا کر غور کرتا اور جواب ایسا دیتا کہ سائل کی تشفی ہو جاتی۔

مرتے وقت اس کے باپ نے چار ہزار لیور (یونان کا قدیم سکہ) ورثے میں چھوڑا تھا۔ اس غالی ہمت نے اپنے ایک دوست کو ضرورت کے وقت یہ سب روپیہ دے دیا اور پھر اس سے مطالبہ تک نہ کیا۔

سقراط نے اوائل عمر میں بڑی سرگرمی و کوشش سے اپنے آبائی پیشہ سنگ تراشی کو سیکھا اور بہترین سنگ تراش بننے کی کوشش کی۔ ایک حد تک وہ اس میں کامیاب بھی رہا لیکن اس کی موٹی اور بھدی انگلیاں اکثر و بیشتر اس نازک کام کو بگاڑ دیتی تھیں اس لئے اس نے فوجی ملازمت اختیار کر لی۔

مقدونیہ کی ایک جنگ میں سقراط نے انتہا درجے کی شجاعت دکھائی۔ جب یونانی لشکر شکست فاش کھا کر راہ فرار اختیار کرنے لگا تو اس نے نہایت جوانمردی سے پست ہمت لشکر کو لوٹایا اور دشمن پر مردانہ وار حملہ کر کے فتح مندی حاصل کر لی




دوران ملازمت میں اس نے محسوس کیا کہ حکومت پاکر انسان نیکی اور انصاف کے خلاف کام کر گزرتا ہے اس لئے اس پیشے کو بھی ترک کر کے بڑے عالموں اور فاضلوں کی صحبت اختیار کی اور تحصیل علم میں مشغول ہو گیا۔ حکیم فیثاغورس سے استفادہ کر کے تھوڑے ہی عرصے میں خداداد عقل اور ذہن کی رسائی سے علم و ہنر میں یکتائے زمانہ ہو گیا اور درستی اخلاق خلائق کی خدمت اپنے ذمے لی۔

اس شخص کے علم و فضل کا کیا بیان ہو سکتا ہے جس کے متعلق تمام مورخین اس امر کے قائل ہیں کہ اس کے مثل و نظیر اس وقت تک بہت کم پیدا ہوئے ہیں۔ یہ وہ عظیم المرتبت ہستی تھی جس نے حکمت و فلسفہ میں جان ڈالی اور گلزستان یونان کو نکھار سے بھر دیا۔ یہ وہ جلیل القدر وجود تھا جس نے اپنی تمام عمر میں ایک کام بھی خلاف دانشمندی نہیں کیا۔

سقراط کے دل میں علم و حکمت کی جو قدر و منزلت تھی اس کا پتہ اس امر سے چلتا ہے کہ اس نے زمانہ مستقبل کے علم دوست شائقین کو محض احترام علم کی خاطر اپنے بیش بہا کارناموں سے محروم رکھنے کی کوشش کی۔ روئے زمین پر کتابی صورت میں اس کے تصانیف صرف دو تین رسائل کی حد تک ہیں۔ اس کی رائے میں علم و حکمت کا ضبط تحریر میں لانا اس کو خوار و ذلیل کرنے کے مترادف تھا۔ اس کا مقولہ تھا۔

"حکمت ایک مقدس، لطیف اور پرامن جوہر ہے اس کو زندہ نفوس کے سینوں میں ہی رہنا چاہیئے۔ مردار جانوروں کی کھالوں پر لکھنا گویا اس کو برباد کرنا ہے۔"

اسی اصول کو مدنظر رکھتے ہوئے وہ صرف زبانی تعلیم دیتا اور شاگردوں کو حافظے سے کام لینے کی ہدایت کرتا تھا۔ مشہور ہے کہ جب سقراط کی موت واقع ہوئی ہے تو اس کے شاگرد اور شاگردوں کے شاگرد بارہ ہزار نفوس کی تعداد پر مشتمل تھے۔ اس کے تلامذہ میں وہ تمام نوجوان داخل تھے جو آگے چل کر بڑے بڑے فلسفی ہوئے۔ اس کے تبحر علمی کا یہ عالم تھا کہ دو ہزار جلیل القدر شاگرد روزانہ اس کے سامنے زانوئے ادب تہہ کرتے اور اس آفتاب علم کی شعاعوں سے کسب ضیاء کر کے دقائق و اسرار الہیہ علوم حکمیہ سے بہرہ ور ہوتے تھے۔ جن میں سے افلاطون، سماوکس، اریجانس اور انطاطون ایسے شاگرد گزرے ہیں جنہوں نے اقطائے عالم میں علم و حکمت کی روشنی پھیلائی۔ افلاطون کے تصانیف ان نکات سے مالا مال ہیں جو اس نے سقراط سے حاصل کئے تھے۔ اسی طرح اس کے تمام شاگردوں کے اقوال، تصنیفات و تالیفات استاد کے تبحر علمی کی ایک ادنیٰ دلیل ہیں۔ ان کا علم اس حد سے کمال پر اسکی زندگی ہی میں پہنچ گیا تھا کہ وہ اپنے عصر کے بڑے بڑے لوگوں کو بحث و مناظرے میں لاجواب کر دیتے تھے۔

زبانی درس و تدریس کا طریقہ سقراط نے اپنے استاد طیماطاوس سے سیکھا تھا۔ ایک روز اسی نے اپنے استاد سے سوال کیا۔

"مجھ کو اس کی اجازت کیوں نہیں دیجاتی کہ جو کچھ میں آپ سے پڑھتا ہوں اس کو لکھ کر محفوظ کر لوں۔"

طیماطاوس نے جواب دیا۔

"تم کو مردار جانوروں کی کھالوں پر بڑا اعتماد ہے اور زندہ دلوں سے اتنا اجتناب، فرض کرو اگر راستے میں تم سے کوئی علمی سوال کرے تو کیا یہ کہو گے کہ گھر جا کر اور کتابیں دیکھ کر جواب دوں گا۔ اگر یہ بات پسندیدہ نہیں ہے تو حافظے سے کام لو اور علم و ہنر کو دل و دماغ میں محفوظ کر لو۔"

سقراط کی عظمت کا راز اسکی ریاضت اور نفس کشی میں مضمر تھا۔ اس کی فضیلت یہ کیا کم ہے کہ ارسطو کا سا معلم افلاطون اسی فیلسوف کا شاگرد رشید تھا۔ افلاطون اپنے بستر مرگ پر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اسطرح گویا ہوا۔

"اے رب العالمین! تیرا شکر یہ کس طرح ادا کیا جائے کہ تو نے مجھے سقراط جیسے فلسفی کے زمانہ میں پیدا کیا اور اس وقت تک زندہ رکھا جبتک کہ میں اس بے مثال ماہر علم و حکمت سے فیض یاب نہ ہو لیا۔"

کوئی عظیم ترین حادثہ یا نقصان اس کے نفس پر قابو نہ پا سکتا تھا اور مستقل مزاجی و انکساری طبیعت ثانیہ ہو چکی تھی۔ جب یونانیوں نے اس کو شادی کرنے پر مجبور کیا (کیونکہ وہ اپنے ناموروں کو لاولد اور مقطوع النسل نہیں دیکھ سکتے تھے) تو سقراط نے ان کی بات اس شرط پر مان لی کہ حد درجہ بدمزاج اور جاہل عورت سے شادی کریگا۔ چنانچہ ایسی ہی عورت اس حلیم و بردبار کے پلے

باندھی گئی وہ بڑی کشادہ پیشانی سے اسکی تند مزاجی کی برداشت کرتا اور کہتا۔

"عام جاہلوں کی تلخ و ترش باتیں سننے کی برداشت اسیطرح پیدا ہو سکتی ہے"۔

ایک روز یہ کسی کتاب کے مطالعہ میں منہمک تھا اور اس کی بیوی بالاخانہ پر کھانا پکا رہی تھی۔ کسی بات پر ناراض ہو کر برا بھلا کہنے لگی لیکن سقراط اطمینان کے ساتھ مطالعہ میں مشغول رہا اور کچھ جواب نہ دیا۔ اس پر اس کا غصہ اور زیادہ ہوا اور اس نے سقراط پر گرم گرم پانی پھینکدیا۔ سقراط ہنسا اور کہنے لگا "جو گرجتا ہے وہ برستا بھی ہے"۔

سقراط کی تعلیم و تلقین سوال و جواب کے طور پر ہوتی تھی۔ وہ پہلے بالکل سادگی سے کوئی بات کرتا جب مخاطب کچھ جواب میں کہتا تو وہ ایک سوال اور کرتا پھر مخاطب کے جواب سے بعض عجیب و غریب نتیجے نکال کر اور بھی نئے سوال پیش کرتا اور اس طرح بحث کرنے والوں کو اپنے پچھلے بیان سے ہٹاتے ہٹاتے بالکل نئی جگہ لاکر پھانستا جس سے وہ حیران و ششدر ہو کر سقراط کے جواب سے لاجواب ہو جاتا۔

اس کی میٹھی باتیں رمز و کنایہ میں ایک ظرافت لئے ہوتی تھیں۔ وہ دنیا کی بہت کم پروا کرتا اور عیش و راحت کے سامان سے گریز کیا کرتا تھا۔ شاہان یونان کا یہ طرز عمل تھا کہ جنگ کے موقع پر حکما کو بھی ساتھ رکھتے تھے۔ ایک مرتبہ سقراط بھی بادشاہ کے جلوس میں میدان جنگ میں جا پہنچا۔ سب لوگ تو خیموں میں رہے لیکن سقراط نے ایک ویران کنوئیں کو اپنا قیام گاہ بنایا اور حضوری دربار سے کنارہ کشی اختیار کی۔ ایک روز بادشاہ کا گزر اس ویرانہ سے ہوا وہ سقراط سے اسطرح ہم کلام ہوا:

بادشاہ۔ سقراط تم کہاں ہو اور دربار میں کیوں نہیں آتے۔

سقراط۔ جہاں پناہ فرصت نہیں کہ حاضر ہوں

بادشاہ۔ وہ کیا کام ہے جس سے تم کو فرصت نہیں ملتی۔

سقراط۔ یہی زندگی بسر کرنے کی فکر ہے۔

بادشاہ۔ تو پھر ہمارے پاس آؤ یہ سامان تیار ہے اور ہمیشہ تم کو ملتا رہے گا۔

سقراط۔ جہاں پناہ! اگر میں یہ سمجھتا کہ وہ سامان آپ کے پاس مل جائیگا تو پھر اسے کیوں چھوڑتا۔

بادشاہ۔ میں نے یہ سنا ہے کہ تم بتوں کی پرستش کو برا کہتے ہو۔

سقراط۔ میں یوں تو نہیں کہتا۔

بادشاہ۔ پھر کیا کہتے ہو۔

سقراط۔ میں یہ کہتا ہوں کہ بتوں کی پرستش بادشاہ کو مفید اور سقراط کو مضر ہے کیونکہ بادشاہ اس کے ذریعے اپنی رعایا پر حکمرانی کرتا اور ملکی خراج وصول کرتا ہے۔ لیکن سقراط کو معلوم ہے کہ بتوں کی عبادت سقراط کا اس وقت تک کچھ بنا یا بگاڑ نہیں سکتی جب تک کہ وہ ایک رزق دینے والے خالق کا قائل ہے اور جانتا ہے کہ وہ پروردگار اس کو بدی کی سزا اور نیکی کی جزا دے گا۔

بادشاہ۔ تو پھر تمھیں کچھ درکار ہے۔

سقراط۔ صرف یہی کہ آپ یہاں سے تشریف لے جائیں۔

بادشاہ سقراط کا یہ استغنا دیکھ کر حیران رہ گیا اور اس کے لئے خلعت فاخرہ اور زر و جواہر منگوا کر پیش کئے جس کو دیکھ کر سقراط نے اسطرح کہا۔

"عالیجاہ! وعدہ تو آپ نے کیا تھا کہ زندگی کے قائم رکھنے کا سامان عطا فرمائینگے لیکن عنایت ہوتی ہے وہ شئے جو موت کی نشانی ہے۔ سقراط کو کنکر پتھر اور کپڑوں کے خواب دیبہ (دیبا؟) کی کوئی حاجت نہیں ہے۔ اس کو جس چیز کی ضرورت ہے وہ ہر جگہ اس کے لئے موجود ہے"۔

سقراط سے پوچھا گیا کہ ہم نے آپ کو کبھی مغموم نہ پایا۔ جواب دیا۔

"میرے پاس کوئی ایسی چیز نہیں جس کے ضائع ہونے کا غم کروں"۔

غرض قدیم یونان کی سوسائٹی میں یہ ایک ایسا موحد اور مدبر گزرا ہے جس نے اپنی تمام عمر قومی خدمات میں گزاری بلکہ اپنی عزیز جان بھی ان ہی خدمات میں قربان کر دی۔ اگر یونان کو فلسفۂ قدیم کا مولد کہا جائے تو سقراط کو حکمائے یونان کا معلم کہنا ناموزوں نہ ہوگا۔ یہ ایک ایسا راست باز حکیم تھا جس نے کبھی جادہ عدل و انصاف سے باہر قدم نہ رکھا اور اپنی عمر کے ستر سال حکمت الٰہیہ کی نشر و تلقین میں صرف کر دیئے۔

اہل یونان میں مدتوں سے بت پرستی کا رواج عام تھا اور یہی ان کا مذہب اور دین تھا۔ صنم پرستی کو اس قدر عروج ہو گیا تھا کہ مخلوق سے خالقوں کی تعداد زیادہ ہو گئی تھی۔ ان کا اعتقاد تھا کہ دیوتاؤں کی رضامندی پر ان کی بستیوں کی فلاح و بہبود موقوف ہے۔ اس وجہ یونانی مروجہ مذہب کی پابندی عوام کے لئے ضروری سمجھتے تھے۔ سقراط نے بہت استقلال اور پامردی کے ساتھ بت پرستی کے خلاف وعظ و پند شروع کئے۔ بنی نوع انسان کو توحید کی ہدایت کی۔ اس کی حق گوئی اور حق پرستی یہاں تک پہنچی ہوئی تھی کہ صداقت کے مقابلہ میں جان کو بھی کوئی چیز نہ سمجھتا تھا۔

اگرچہ ذوق تحقیق ہر انسانی فرد میں کم و بیش پایا جاتا ہے لیکن خیالات کے آزادانہ اظہار اور ان کے بے باکانہ نقد کی خصوصیت مخصوص افراد میں جلوہ گر ہوتی ہے۔ اس زمانہ میں سقراط علمی حیثیت سے اس جماعت کا میر کارواں تھا۔ اس نے حریت فکر کا مظاہرہ شاندار طریقہ سے کیا۔ وہ یونانیوں کے ان خیالات کا بیباکی سے مذاق اڑاتا جنھیں وہ اپنے دیوتاؤں کے متعلق قائم کئے ہوئے تھے۔ ان کے بعض دیوتاؤں کی صورتیں بیلوں کی سی تھیں جن کے متعلق وہ کہا کرتا تھا۔

"بیل اگر انسان کے ہاتھ اور خصوصیتیں رکھتے ہوتے تو وہ اپنے دیوتا ضرور بیلوں کی شکل میں قرار دیتے"۔

اس باکمال نیک دل اور خدا پرست ناصح کی دلی تمنا یہ تھی کہ وہ اپنے ملک و قوم کی اصلاح کرے اور وہ توہمات اور گمراہی کی تاریکی سے نکل کر راستی کی روشنی میں آ جائے۔ وہ اس وقت کے عام دستور کے خلاف تعلیم عام کرنا چاہتا تھا۔ عموماً اسکی تعلیم مباحثہ کی صورت میں ہوتی تھی۔ اسکی بحث زیادہ تر کسی خاص نتیجہ تک نہیں پہنچ سکتی تھی لیکن اس کا یہ فائدہ ضرور ہوتا تھا کہ مختلف مسائل کے متعلق مروجہ راہوں کو صدمہ پہنچتا تھا اور حق و صداقت کی تلاش کا جذبہ لوگوں کے دلوں میں کچھ زیادتی کے ساتھ زیادہ ابھرنے لگتا تھا۔

اس نے وعظ و نصیحت کیلئے کوئی خاص مقام یا مکان مقرر نہیں کیا تھا بلکہ جہاں کہیں لوگوں کا مجمع دیکھتا جا پہنچتا اور ان کو بتوں کی پرستش سے باز آنے اور خدائے برتر واحد کی اطاعت کرنے کی منادی کرتا۔ مروجہ عقائد کی جرح و تعدیل میں آزادی سے کام لیتا اور باتیں ایسے بیتے کی کہتا اور دلوں کی وہ چوریاں پکڑتا کہ منصف مزاج تو قائل ہو جاتے لیکن ہٹ دھرم اور خود پسند لوگوں کو خفت اٹھانی پڑتی۔ وہ ان تمام اشخاص کو جن سے اسے گفتگو کا موقع ملتا یہ بتاتا کہ تمام عقائد کو استدلال کی کسوٹی پر کس لینا چاہیئے۔ کسی چیز کی صداقت کا یہ ثبوت نہیں ہے کہ اسے ایک بڑی جماعت نے قبول کر لیا ہے بلکہ جو چیز سامنے آئے اسے نہایت انصاف پسندی کے ساتھ دیکھنا چاہیئے کہ وہ کہاں تک عقل و دلیل کے مطابق ہے۔

جب بڑے بڑے فلسوف اور مذہبی پیشوا اسکی تلقینوں کا جواب دینے سے قاصر رہے اور عقل و استدلال سے کوئی جواب نہ تھا تو عوام کو اس کے خلاف اکسایا کہ یہ ملحد اور خطرناک شخص ہے۔ بالآخر یونان کی عدالت میں اس کے خلاف مقدمہ دائر کیا گیا

اس کے وعظ و نصیحت کو نئی پود کے لئے مخرب اخلاق، ملک کیلئے مضرت رساں اور مذہب کی بنیادوں کو کھوکھلا کرنے والا سمجھا گیا۔ انھیں اعلیٰ تعلیم کے عام کرنے کا کچھ خیال نہ تھا اور نہ اس زمانہ میں یہ قابل عمل چیز تھی۔ لہذا عوام تک ان آزادانہ خیالات کو پہنچانا وہ پسندیدہ نہیں سمجھتے تھے۔ فلاسفہ ان خیالات کی نشر و اشاعت جن سے مروجہ عقائد کی بیخ کنی ہوتی ہو مشکوک نگاہوں سے دیکھتے تھے اور ان سے باقاعدہ تعرض کرنا ضروری سمجھتے تھے۔ بایں وجوہ سقراط نے جو تعلیم پیش کی تھی وہ کفر کے ہم پلہ سمجھی گئی کیونکہ وہ معبودوں کو مٹی اور پتھروں کی بیکار مورتیں کہتا تھا۔ بنابریں یہ مایۂ ناز ناصح اپنی عمر کے سترویں سال جواب دہی کیلئے طلب کیا گیا۔

یونان میں حکومت جمہوری تھی۔ رواداری اور حریت فکر کی فضا عام نہ تھی۔ ایتھنز میں نظام حکومت اپنی خاص سیاسی جنگ کا مرکز تھا۔ کئی مرتبہ نظام حکومت نے پلٹا کھایا۔ بڑی کوششوں کے بعد حکومت عامہ کے نظام کو کامیابی نصیب ہوئی۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ان لوگوں کے خلاف جو اس طرز حکومت کے حامی نہ تھے انتقامی جذبات رونما ہوگئے اور سقراط کا نشانہ انتقام کیلئے چن لیا گیا کیونکہ وہ غیر محدود جمعیت کا حامی نہ تھا اور جاہل پبلک کے فیصلوں کو بہترین رہنما سمجھنے کے لئے تیار نہ تھا۔ عام طور سے لوگوں کو یہ معلوم تھا کہ اسے حق رائے دہی کو زیادہ وسعت دینے میں ہمدردی نہیں ہے۔

صدر کونسل نے اولاً بہت فہمائش کی بعد ازاں قتل کی دھمکی دی لیکن سقراط نے ایک نہ سنی۔

ان دنوں یونان میں حکومت کا یہ عجیب آئین تھا کہ ایک سزا تو مستغیث تجویز کرتا اور دوسری ملزم۔ عدالت ان ہی دو میں سے کوئی ایک سزا دے سکتی تھی۔ اگر سقراط ذرا نرم لہجہ اختیار کرتا اور ہلکی سزا تجویز کر لیتا تو ممکن تھا اسکی جان بچ جاتی یا اگر وہ چاہتا تو نہایت آسانی کے ساتھ ایتھنز چھوڑ کر کسی دوسری جگہ چلا جاتا لیکن اس نے تقریر و تحریر کی آزادی کے سلب ہونے کے خیال سے سزا کی کوئی پروا نہ کی بلکہ ججوں کے سامنے نہایت پامردی اور استقلال کے ساتھ وہ غیر معمولی اور بصیرت افروز اور حق پرستانہ معذرت نامہ پیش کیا جسے اس کے لائق شاگرد افلاطون نے ترتیب دیا ہے اور جو اپالوجی (معذرت) کے نام سے تاریخ عالم میں اب تک محفوظ ہے۔

## ایتھنز کی عدالت میں سقراط کی صبر آزما اور جرأت آمیز تقریر

حاضرین باتمکین!

میری تقریر عمدہ الفاظ اور نفیس جملوں سے مرصع نہ ہوگی کیونکہ میں نے پہلے سے تیاری نہیں کی۔ اپنے معروضات کو اسی لب و لہجہ میں پیش کر رہا ہوں جس طرح میں بازار میں عام دکانوں پر باتیں کیا کرتا عادی ہوں۔ لوگ بہت عرصے سے مجھ پر الزامات لگا رہے ہیں اور اب عدالت کی نوبت آئی ہے۔

پہلا الزام یہ لگایا گیا ہے کہ میں بڑا چالاک اور زیرک مقرر ہوں۔ میں بخوبی ثابت کر سکتا ہوں کہ میں اس نوعیت کا مقرر نہیں ہوں۔ اگر چالاک و زیرک مقرر سے ان کا مطلب راست گو مقرر ہے تو میں بھی ان کا ہم زبان ہوں۔


دوسرا الزام یہ ہے کہ میں ان چیزوں کی حقیقت و ماہیت کی دریافت میں لگا رہتا ہوں جو زمین کے اندر اور آسمان کے اوپر ہیں اور بری باتوں کو اچھے پیرایہ میں دکھا کر عوام کے خیالات کو پراگندہ کرتا ہوں۔ میں یقین دلاتا ہوں کہ مجھے ان باتوں سے نہ کوئی علاقہ ہے نہ سروکار۔ ان تمام لوگوں سے جنہوں نے مجھے کبھی گفتگو کرتے سنا ہے یہ پوچھتا ہوں کہ کیا کسی نے بھی مجھے اس قسم کی باتیں کرتے سنا ہے؟ اس سے یہ بھی معلوم ہو جائے گا کہ جس قدر اور بھی قصے گڑھے گئے ہیں کہاں تک صحیح ہیں۔

تیسرا الزام یہ لگایا گیا ہے کہ میں نوعمروں کو تعلیم دیکر کچھ رقم وصول کرتا ہوں یہ بھی صحیح نہیں ہے۔ اگرچہ میرا خیال یہ ضرور ہے کہ انسان کیلئے تعلیم ایک نعمت غیر مترقبہ ہے۔

اب شاید آپ لوگ یہ پکار اٹھیں گے کہ "پھر سقراط تم پر یہ الزام کیوں لگائے گئے ہیں، تمہارے قصے زبان زد خاص و عام نہ ہوتے اگر تم میں کوئی خاص صفت نہ ہوتی" سنو اور غور سے سنو!

دراصل واقعہ یہ ہے کہ "جیرافون" نے ایک مرتبہ ڈلفی جا کر دیوتا سے سوال کیا "آیا سقراط سے بڑھ کر دنیا میں کوئی اور بھی زبردست ہے" اس نے جواب دیا "کوئی نہیں"۔

جب میں نے جیرافون سے دیوتا کا یہ قول سنا تو اس پر غور کرنا شروع کیا۔ میری سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ ایسے مبہم الفاظ سے آخر دیوتا کا مقصد کیا ہے۔ اسلئے کہ مجھے خوب معلوم تھا کہ

قطرہ قطرہ میشود دریائے نیل

جو لوگ تھوڑی رقم کو اس لئے پس انداز نہیں کرتے کہ وہ تھوڑی ہے، وہ کبھی بڑی رقم کے مالک نہیں بن سکتے۔ دنیا میں قطرہ قطرہ سے دریا اور پیسے پیسے سے روپیہ بنتا ہے۔

ہر شخص خواہ وہ کتنی ہی قلیل آمدنی رکھتا ہو اگر ہر مہینہ کچھ نہ کچھ پس انداز کرتا رہے تو ایک روز دولتمند بن سکتا ہے۔ یہ الفاظ کتنے ہی تعجب انگیز معلوم ہوں مگر حقیقت سے خالی نہیں ہیں۔

ان لوگوں کی تقلید نہ کیجئے جو ہر روز اتنا ہی خرچ دیتے ہیں جتنا کہ پیدا کرتے ہیں۔ ایسے لوگ ایک منٹ بھی بری وقت کا مردانہ وار مقابلہ نہیں کر سکتے۔ ایک مطمئن اور پر مسرت زندگی روپیہ خرچ کرنے پر نہیں بلکہ جمع کرنے سے مبنی ہے۔

آج ہی آپ کسی معمولی رقم سے ہمارے سیونگ بنک میں اپنا کھاتا کھولئے اس مستقل ارادہ کیساتھ کہ آپ ہر ماہ اسمیں اضافہ کرتے رہینگے۔ کچھ عرصہ بعد آپ کو یہ دیکھکر حیرت ہوگی کہ آپکی جمع کردہ رقم کو بڑھانے میں بنک نے کسقدر اہم خدمت انجام دی ہے۔

دکن کمرشیل بنک لمیٹڈ

عابد روڈ - ٹیلیفون ۴۳۳ - حیدرآباد دکن

صبا

میں ذرا بھی عاقل نہیں ہوں۔ اسکی تحقیق کیلئے ایک شخص کے پاس پہنچا جو اپنی سیاست فراست و دانائی میں بہت مشہور تھا۔ جب میں نے اس کو جانچا اور دیکھا تو معلوم ہوا کہ وہ عاقل نہیں ہے۔ میرے اس فعل نے اس کو اور نیز دوسرے لوگوں کو جن میں سے بعض یہاں بھی موجود ہیں میرا دشمن بنا دیا ہے۔

اس کے بعد میں اس سے بہتر شخص کے پاس پہنچا اور وہی میلا نتیجہ ہوا۔ اسیطرح یکے بعد دیگرے اور لوگوں کے پاس جانا شروع کیا اور میرے دشمن بڑھتے گئے۔ اس جد وجہد سے مجھے معلوم ہوگیا کہ جو لوگ اپنی عقل و فراست میں مشہور تھے دراصل کچھ نہ تھے لیکن وہ اشخاص جن کا شمار عام بازاری لوگوں میں تھا اور جو نظر حقارت سے دیکھے جاتے تھے بمقابلہ ان مشاہیر کے کہیں زیادہ سبق آموز تھے ؎

یہی جو در بدر پھرتے ہیں بے علم و جاہل  بہت ان میں ہیں جنکے جوہر ہیں قابل
رذائل میں پنہاں ہیں جنکے فضائل  انہی ناقصوں میں ہیں پوشیدہ کامل

سیاست داں حضرات سے فارغ ہوکر میں شعرا کے یہاں پہنچا مجھے پوری امید تھی کہ ان لوگوں کو میں ضرور جاہل نظر آؤں گا۔ میں نے ان شعرا کی وہ بہتر سے بہتر نظمیں لیں جن کو میں سمجھتا تھا کہ بڑی دماغ سوزی سے کہی گئی ہوں گی۔ میرا دعوا ہے کہ جتنے لوگ یہاں جمع ہیں ان میں کا ہر ایک اشعار کے مطالب کو ان شعرا سے بہتر بیان کرسکے گا جنہوں نے ان کو نظم کیا ہے۔ اس سے مجھے معلوم ہوگیا کہ شعرا کسی خاص فہم و ادراک سے نہیں کہتے اس لئے میں نے شعرا کی جانچ بھی چھوڑ دی اور سمجھ گیا کہ جو فوقیت مجھے سیاست دانوں پر حاصل ہے وہ شعرا پر بھی ہے۔

بالآخر میں اہل حرفہ کے پاس پہنچا کیونکہ میں جانتا تھا کہ میں صنعت و حرفت سے تو بالکل نابلد ہوں اس لئے مجھے یقین تھا کہ اس شعبے میں ان کے معلومات مجھ سے بہت زیادہ ہوں گے۔ میرا یہ خیال غلط بھی نکلا۔ یہ لوگ بہت سی ایسی باتیں جانتے تھے جو مجھے معلوم نہ تھیں لیکن اہل حرفہ بھی اس غلطی میں مبتلا تھے جسمیں کہ سیاست داں۔ ان میں کا ہر ایک اپنے عاقل و فرزانہ سمجھتا خدا۔ یہی غلطی ان کی حقیقی فراست و دانائی پر پردہ ڈالے ہوئے تھی ؎

آں کس کہ نداند و بداند کہ بداند  در جہل مرکب ابد الدہر بماند

اے ایتھنز والو! اس جانچ پڑتال نے میرے ہزاروں دشمن پیدا کر دیے جنکا نتیجہ یہ الزام عائد کیا گیا ہے کہ میں عاقل شخص ہوں۔ لیکن میرے دوستو! میرا ایقان ہے کہ صرف خدائے واحد ہی عالم و دانا ہے اور دیوتا کا بھی یہی منشا تھا کہ انسان کی عقل و دانائی کوئی چیز نہیں۔ دیوتا نے میرا نام مثال کے طور پر پیش کیا کہ ہم لوگوں میں وہی سب سے بڑا عاقل و دانا ہے جو مثل سقراط کے یہ سمجھتا ہو کہ حقیقت و معرفت کے بارے میں اسکی عقل و فراست کچھ نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ میں ہر اس شخص کی جانچ کرتا ہوں جسے عقلمند سمجھتا ہوں۔ جب یہ یقین ہو جاتا ہے کہ وہ عاقل نہیں ہے تو منجانب اللہ اس شخص کو اس امر سے آگاہ کر دیتا ہوں کہ وہ عقلمند نہیں ہے۔ تمھیں میری شکل میں ایک ایسا نقاد ملا ہے جو برابر استقلال کے ساتھ تمھاری رایوں کو جانچتا اور تمھیں یہ بتلاتا ہے کہ جن چیزوں کے متعلق تمھیں علم کا دعوا ہے تم درحقیقت اس سے جاہل ہو۔ میں جن امور کے متعلق گفتگو کرتا ہوں انھیں آزادانہ بحث کا مرکز بنانا نہایت مفید ہے۔ جو زندگی کہ بحث کی تاب نہیں لا سکتی وہ پسندیدگی کے قابل نہیں ہے۔ اگرچہ میں بخوبی جانتا ہوں کہ میں ان الزامات سے بری نہ کیا جاؤں گا لیکن اے حکامان عالی مقام! مجھ سے یہ امید کبھی نہ رکھنا کہ تمھاری خوشامد کروں گا۔ سچے آزمائش کے وقت اور بہادر لڑائی کے موقع پر جان بچانے کی کوشش نہیں کرتے۔

میرے پیارے ہموطنو! میں تمھیں عزیز رکھتا ہوں لیکن جب تک مجھ میں دم خم اور قوت تاش ہے حصول صداقت اور اس پر عمل کرنے کے لئے تمھیں نصیحت کرنے سے کبھی باز نہ آؤں گا کیونکہ یہ میرا اعتقاد ہے کہ میں منجانب اللہ تمھیں خواب غفلت سے بیدار کرنے کے لئے بھیجا گیا ہوں۔ میرے اسطرح جگانے سے تمھیں غصہ ضرور آئے گا اس لئے بہتر تو یہی ہے کہ تم مجھے ہمیشہ کیلئے دور کر دو اور خود ایک سرمدی نیند کے مزے لو۔ میں اور اپنے اہل و عیال کی آہ و زاری سے تمھارے احساس رحم میں ہیجان




ہندوستان۔ برما سیلون کے

بہترین باغات

میں پھولوں، ترکاریوں اور پودوں کے لئے پوچا کے بیج استعمال کئے جاتے ہیں مصور کیٹلاگ مفت طلب کیجئے

۸ نیپیر روڈ  پسٹن جی پی پوچا اینڈ سنس  پونہ

متوں سے تولنے کے لائق تحفہ

(رجسٹرڈ آل انڈیا)

عطر المخلخہ۔ عطر سیر فردوس

(فی تولہ ۸)

عطر المخلخہ لکھنؤ اور قنوج کے بہترین عطریات سے بڑھ کر ہے۔ کپڑا دھلنے کے بعد بھی اس کی جانفزا روح پرور مہک قائم رہتی ہے۔ اسمیں کسی قسم کی بدیسی خوشبوؤں کی آمیزش نہیں کیجاتی۔ نہایت قیمتی اجزا جیسے مشک، عنبر، زعفران وغیرہ سے صحیح وزن اور صحیح ترکیب سے بڑے اہتمام سے تیار کیا جاتا ہے

یہی وہ نادر قابل فخر، سرتاج عالم عطر ہے جو لکھنؤ اور دہلی کے شاہی محلوں میں استعمال ہوتا تھا۔

اگر خاص الخاص شہزادوں کے لائق، شان کو دوبالا کرنے والے، دماغ کو فرحت بخشنے والے اور تازہ پھولوں کے گلدستوں کو مات کرنے والے عطر کی ضرورت ہو تو آج ہی عطر المخلخہ خریدیے

قیمت فی تولہ آٹھ روپیے

زلیخا ہیرا آئیل کمپنی متصل بحد افضل گنج حیدرآباد

اے ایتھنز والو! مجھے قتل کی دھمکی نہ دو کیونکہ موت نہ صرف مادی تعلقات کی زنجیروں سے آزاد کرتی ہے بلکہ لباس کثیف ظلماتی کے بدلے جامۂ لطیف نورانی بخشتی ہے۔ اگر تم مجھے اس شرط پر چھوڑنا چاہتے ہو کہ میں تلاش حق سے باز آجاؤں تو میرے دوستو! تمہارا شکریہ لیکن میں خدا کی عبادت کروں گا جس نے مجھے اظہار حق پر مامور کیا ہے۔ میں جس سے بھی ملوں گا یہی کہوں گا کہ "کیا تمہیں شرم نہیں آتی کہ تم مال و دولت کے جمع کرنے پر آمادہ ہو لیکن عقل و صداقت کے حاصل کرنے اور روح کو بہتر بنانے کی تمہیں کوئی خواہش نہیں"۔ یہ ممکن ہیں کہ حکما موت سے خوف زدہ ہو کر حق و صداقت سے منھ پھیر لیں اور لوگوں کے ایسے ارشاد کی تعمیل کرتے رہیں جنھیں ان کا ضمیر معصیت قرار دیتا ہو۔ وہ موت کی حقیقی راحت کا ادراک رکھتے ہیں اس لئے انھیں مرنے کا ڈر نہیں ہوتا۔

اس نے ایسی بے خوفی سے اعلان حق کیا کہ حکام (جن میں سے اکثر افراد اس کی فصاحت و بلاغت کا لوہا مان چکے تھے اور اس کے طرز استدلال سے لاجواب ہو کر کینہ و حسد کی چنگاریاں دلوں میں چھپائے ہوئے تھے) اور بھی برہم ہوئے اور اس کیلئے موت کا فتویٰ صادر کر دیا۔ سزائے موت کا حکم سن کر سقراط نے کہا:۔

"درحقیقت میں تو انعام کا مستحق ہوں نہ کہ سزا کا۔ اگر مجھے قتل کیا جاتا ہے تو اس میں میرا کیا نقصان ہے۔ نقصان ہے تو قوم کا کہ ان کا ایک ایسا مفکر کم ہو جائے گا جس کا مثل مشکل سے ملے گا۔ میرے لئے موت یا تو آرام ... کی نیند ہے یا ایک دوسری زندگی جس میں بڑے بڑے عالموں اور بزرگوں کی ارواح سے ملاقات میسر ہوگی"۔

صدور احکام کے بعد سقراط ایک ماہ تک قید میں رہا لیکن اس کے دل پر ملال تھا اور نہ موت کا کچھ خوف۔ جب اس کے احباب اس کو فرار ہونے کا مشورہ دیتے تو یہ ہنستا اور کہتا:۔

"اے احمقو! کیا کوئی ایسی جگہ بتا سکتے ہو جہاں موت سے بچا رہوں؟ خدا ہر جگہ موجود ہے اور انسان کا کوئی فعل اس سے پوشیدہ نہیں"۔

سقراط کا دلی دوست کرانیطون قید خانہ میں آیا اور سقراط سے کہا "مناسب ہے یہاں سے نکل چلو میں نے سب سامان کر لیا ہے مجھ سے پاسبانوں کو میں کچھ دے کر راضی کر لوں گا کیونکہ مفت جان دیتے ہو۔ تمہارا عمر[illegible] تمہارے احباب پر شاق ہوگا، تمہارے عیال و اطفال کی بربادی کا باعث ہوگا اور جب جان بچانے کے وسیلے ممکن ہیں تو مفت اپنی جان دینا اپنے نفس پر ظلم کرنا ہے"۔ سقراط نے جواب دیا:۔

"میں وہ شخص ہوں جو تمام عمر عقل کے ارشاد پر چلتا رہا۔ نفس شہوانی کے تقاضے پر میں نے کبھی التفات نہیں کیا [illegible] جب تک بطور معقول ثابت نہ ہو جائے کہ میرا یہاں سے فرار ہونا قرین عدل و انصاف ہے میں ہرگز تمہاری بات نہ مانوں گا۔ بہتر تو یہی ہے کہ مجھ کو مرضی معبود پر چھوڑ دو اور زندان سے نکل بھاگنے کا اصرار بیجا نہ کرو"۔

یہ ممکن تھا کہ [illegible] وطن سے نکل جاتا اور اپنی جان بچا لیتا لیکن قوم کے حکم یا قانون کے خلاف چلنا خواہ وہ [illegible] کیوں نہ ہو گناہ جانتا تھا۔ اس کے نزدیک ہر شخص پر اپنے ملک کے قوانین کی اطاعت اسیطرح واجب تھی جیسے والدین کی۔ آزندگی سے زیادہ وہ موت پیاری تھی جو عزت و اطمینان کے ساتھ حاصل ہو۔

## "زہر سقراط سے ناصح کو پلا دیتے ہیں"

زمانہ قدیم کے قانون کے مطابق جب کسی کو موت کی سزا دی جاتی تو زہر پلا دیا جاتا تھا۔ جس صبح زہر دیا جانے والا تھا اس سے قبل کی رات سقراط حسب عادت اطمینان سے سویا اور اس کے چہرہ پر رنج و ملال کی کوئی علامت ظاہر نہ ہوئی۔ جب اس کے دوست آخری ملاقات کیلئے قید خانہ میں آئے تو کیا دیکھتے ہیں کہ بیڑیاں کٹ چکی ہیں اور اس کی بیوی اپنے بچوں کو لئے اس کے پاس بیٹھی ہے۔ اس نظارہ سے بے اختیار ان کا دل بھر آیا اس کی بیوی چلائی اور رو کر اپنے خاوند سے کہنے لگی "میرے پیارے، میری جان! سقراط تیرے دوست تیرا آخری دیدار اور قدم بوسی حاصل کرنے آئے ہیں"۔ سقراط کی حالت میں اس وقت بھی کوئی تغیر نہ ہوا وہ نہایت اطمینان کے ساتھ احباب سے اسطرح مخاطب ہوا:۔

"انسان کی روح کو فنا نہیں۔ بد آدمی بدی کی سزا پائینگے، اور جو نیک و خدا پرست ہیں ان کو ان کی نیکیوں کا اجر ملے گا"۔

جب مقررہ وقت آگیا تو اس نے خود ہی زہر کا پیالہ منگوایا اور خوشی کے ساتھ پی لیا۔ دوست اور شاگرد جو بڑی دیر سے اپنے رنج کو ضبط کئے بیٹھے تھے بے اختیار پھوٹ پھوٹ کر رونے لگے۔ سقراط نے انھیں اسطرح تسلی دی:۔

"عزیزو! صبر کرو تمہیں کیا ہو گیا ہے، تمہاری ثابت قدمی کہاں گئی۔ میں گنہگار نہیں مرتا ہوں جو تم میرا ماتم کرتے ہو۔ میرے دشمن میرا مال، میری زندگی، میری تندرستی مجھ سے چھین سکتے ہیں لیکن میری بے گناہی اور اعمال جن کا عوض میرا رب دیگا کوئی نہیں چھین سکتا"۔ اس کے بعد حاضرین سے رخصت ہوا اور کہا:۔ "اب ہمارے غسل کا وقت قریب آگیا ہے۔ یہ مناسب نہیں کہ دوسروں کو غسل کی تکلیف دیں"۔ یہ کہہ کر اٹھا اور غسل کر کے نماز پڑھی، دعا و مناجات سے فارغ ہو کر اپنی بیوی، بچوں اور شاگردوں کو طلب کر کے نصائح شروع کئے۔ اس حالت میں بھی مرنے والے کے تیور پر بل نہ آیا اور معلوم ہو رہا تھا کہ پند و نصائح کا دریا لہریں لے رہا ہے۔

اس اثنا میں زہر تمام تن بدن میں سرایت کر گیا اور اس کے طائر روح نے قفس عنصری سے پرواز کیا۔ سقراط کی موت کے بعد اہل ایتھنز کو ایسے بے نظیر عقل مند کے قتل کا احساس ہوا اور تمام لوگوں کو ندامت اور افسوس کے سوا چارہ نہ رہا۔ بالآخر وہ اشخاص جنہوں نے الزام عائد کئے تھے اور وہ تمام حکام جنہوں نے اسکی موت کا حکم صادر کیا تھا قتل کئے گئے۔ صرف یہی نہیں بلکہ یونان کی عدالتوں نے بھی اپنے بہترین محسن پر عائد کردہ الزامات سے اپنی بے تعلقی کا اظہار کر کے اسے خلاف قانون اور قابل افسوس قرار دیا۔ سقراط کی انگشتری پر یہ عبارت منقوش تھی "جس کی انصاف اور شرافت [illegible]"

زیر حمایت و سایۂ عاطفت سلطان الحکمت حضور پرنور
آصف جاہ سابع ادام اللہ دولتہ و اقبالہ
مخزن ادویۂ مجیدیہ
کا تیار کردہ
ماء اللحم خاص
مقوی اعضاء رئیسہ و نفیس و مولد خون صالح
خوراک دو تولہ سے چار تولہ قیمت فی بوتل (۵)
فہرست ادویہ مفت طلب فرما دیں۔
منیجر مخزن ادویۂ مجیدیہ حمایت نگر حیدرآباد دکن

ملکِ سرکار عالی کی واحد ملکی انجمن بیمہ

# خالص پالیسی کنندگان کا ارادہ

حیدرآباد کو آپریٹو انشورنس سوسائٹی خالص پالیسی کنندگان کی ممالک محروسہ میں واحد ملکی انجمن بیمہ ہے جسکی خاص غایت پالیسی کنندگان کو ممکنہ سہولت وفائدہ پہنچانا ہے اور جس کے جملہ انتظامی امور میں پالیسی کنندگان کے نمائندوں سے مشورہ کیا جاتا ہے۔

قابل اور پبلک خدمات کے جذبات رکھنے والے ملک کے ممتاز ہستی اس ادارہ کے بانی ہیں اور مجلس نظماء کے ارکان کی حیثیت سے اعزازی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ بانیان تحریک امداد باہمی کی دلچسپی و تعاون وغیرہ سے انجمن نے شاندار ریکارڈ قائم کیا ہے جس کی وجہ جملہ محب وطن انجمن ہذا کی پالیسی حاصل کرنیکی جانب راغب ہیں۔

ڈائرکٹرس

(۱) جناب مولوی محمد لیاقت اللہ صاحب بی، سی ایس، معتمد فینانس سرکار عالی میر مجلس
(۲) جناب پنڈت گوبند راؤ صاحب نائل وکیل ہائیکورٹ نائب میر مجلس
(۳) جناب لکشمی نارائن صاحب گپتا بی، سی ایس مددگار معتمد فینانس سرکار عالی اعزازی معتمد
(۴) جناب مولوی سید فضل اللہ صاحب ایچ، سی ایس، ناظم انجمن امداد باہمی سرکار عالی بحیثیت عہدہ
(۵) جناب مولوی خواجہ معین الدین صاحب انصاری بی، سی ایس، معتمد باب حکومت سرکار عالی
(۶) جناب کشن چند صاحب ایم، اے، اسسٹنٹ پروفیسر عثمانیہ یونیورسٹی
(۷) جناب موسکیہ رام صاحب بی، اے، ایل، ایل بی (لندن) چارٹرڈ اکونٹنٹ افسر بیمہ جات سرکار عالی

مادھو راؤ صاحب الوازی میانیجر

صدر دفتر

حیدرآباد کو آپریٹو انشورنس سوسائٹی محدود بشیر باغ روڈ حیدرآباد دکن

# سعیدیہ ہوٹل

متصل اسٹیشن نامپلی - حیدرآباد دکن

یہ سعیدیہ ہوٹل کوئی جدید نہیں ہے بلکہ وہی قدیم سعیدیہ ہوٹل ہے جو تقریباً زائد از ربع صدی سے اپنی خوش معاملگی اور بہترین اشیاء خورونوش کے باعث معزز خریدار صاحبین سے خراج تحسین حاصل کر چکا ہے

تین گھنٹے قبل آرڈر دینے پر جملہ اشیائے خورونوش کی سپلائی کیجاتی ہے

مالک

سعیدیہ ہوٹل

خان اینڈ سنس

ZULFA KASHMIR VEGETABLE HAIR OIL.

THE HAIR TONIC TRUE TO TONE THE HAIR ROOTS AND TO COOL THE BRAIN IN ALL SEASONS AND CLIMATES.



زلفِ کشمیر ویجیٹبل ہیر آئیل



NOWRATTAN HAIROIL

روغن نورتن نوبہار (رجسٹرڈ ۱۲۹)

دوسرا بہترین انتخاب

پورن داس رنچھوڑ داس اینڈ سنس

چارکمان - حیدرآباد دکن

فوٹوگرافی و گراموفون


ملاحظہ ہو

شوروم

قدیم دکان گولی گوڑہ

قدیم دکان جام باغ

# بی جی جملگی



کتا چھاپ مشین ریکارڈ
ٹیون مشین ریکارڈ
"شہنشاہی"
ستولا کمپنی
نظام ریکارڈ کمپنی
نیو تھیٹر ریکارڈ

اقساط پر دیے جاتے ہیں

کیامرہ
فلم
اس طرح کے ملتے ہیں

ہر جگہ پرایجنٹ کی ضرورت ہے



# برکات عثمانی





کا ظہور ملک کی بیداری میں ہے، بیداری ملک کا ثبوت صنعت کی ترقی ہے۔ چنانچہ ولایتی مال کے مقابلہ میں سو فیصدی ملکی اشیاء سے ساختہ **چارکمان** مارکہ پینٹ۔ وارنش۔ السی کا تیل۔ ڈسٹمپر۔ رنگ وغیرہ کا بہتر ثابت ہونا اسی کی ایک دلیل ہے۔

آپ بھی آزمائیے اور برکات عثمانی سے مستفید ہوئیے

حیدرآباد نیشنل انڈسٹریز کارخانہ رحیم آباد
متصل لنگم پلی ۔ین۔ ایس۔ آر

# دار الطباعت

کوچہ شنکر باغ حیدرآباد دکن



حیدرآباد دکن میں اردو کتابت و طباعت کا بہترین انتظام کیا گیا ہے۔ ضرورت مند اصحاب بلدہ کے
ہوں یا اضلاع کے ایکمرتبہ ہم سے کام لیکر اطمینان فرما سکتے ہیں

## منتظم دار الطباعت

شنکر باغ حیدرآباد دکن

(شاخ رہبر دکن - افضل گنج - حیدرآباد دکن)